حرز الأماني ووجه التهاني

نظم الإمام قاسم بن فيره بن خلف بن أحمد

الرُّعيني الشاطبي الأندلسي

المتوفى سنة ٥٩٠

www.KitaboSunnat.com

قابله على أصوله العتيقة وصححه وضبطه

علي بن سعد الغامدي المكي

مترجم

قاري اويس ادريس العاصمي

فاضل جامعه اسلاميه، مدينه منوره

تحقيق ونظر ثاني

قاري أبو بكر العاصمي

خطيب مسجد الهدى (امريكه)

بسند فريده

فضيلة الشيخ

القارئ المقرئ محمد ادريس العاصمي

فاضل جامعه إسلاميه، مدينه منوره

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

کتاب وسنت (محدث) لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- بسااوقات کسی کتاب کو اس کی مجموعی افادیت کے پیش نظر پبلش کر دیا جاتا ہے جس کے مندرجات سے ادارہ کا کلی اتفاق ضروری نہیں۔
- **دعوتی مقاصد** کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی

کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے

درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

متن

الشاطبیۃ

المسمیٰ

حِرْزُ الْأَمَانِیْ وَوَجْهُ التَّهَانِیْ

نَظْمُ الْإِمَامِ: قَاسِمِ بْنِ فِيُّرُهِ بْنِ خَلَفِ بْنِ اَحْمَدَ الرُّعَيْنِيِّ الشَّاطِبِيِّ الْأُنْدَلَسِيِّ

علیٰ أُصوله

عَلِيُّ بْنُ سَعْدٍ الغَامِدِيُّ الْمَكِّيُّ

مترجم

قاری اویس ادریس العاصم

نظر ثانی

قاری ابوبکر العاصم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب	*	حِرْزُ الْأَمَانِي وَوَجْهُ التَّهَانِي
تالیف	*	علی بن سعد الغامدی
ترجمہ وترتیب	*	قاری اویس ادریس العاصم
نظر ثانی	*	قاری ابو بکر العاصم
کمپوزنگ	*	مسز قاری اویس ادریس العاصم
ڈیزائننگ	*	عبید الرحمٰن عقابی
تعداد	*	1100
سائز	*	5.5"X 8.5"
صفحات	*	324
اشاعت اول	*	12 ربیع الاول، 1445ھ، ستمبر 2023

مدرسہ تعلیم القرآن والسنہ للبنات، مکان نمبر 22، گلی نمبر 3، محلہ حبیب گنج، مصری شاہ لاہور

موبائل نمبر: 03227776945

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فہرست

عرض مترجم 10

تقریظ 12

مقدمہ 13

مقدمۃ المؤلف 15

باب اول: امام شاطبی کے حالات زندگی 18

1: نام ونسب اور نسبت: 18

2: ولادت باسعادت: 20

3: رحلاتِ امام شاطبی: 20

4: خاندان: 24

5: شیوخ: 25

6: تعلیمی ذمہ داریاں: 29

(1 شاطبہ میں آپؒ کی بطور مدرس تعیناتی: 30

(2 جامع عمرو بن العاص، قاہرہ میں تعیناتی: 31

(3 المدرسۃ الفاضلیۃ قاہرہ میں تعیناتی: 31

7: تلامذہ: 33

8: علمی مقام ومرتبہ اور علماء کی طرف سے تعریفی کلمات: 40

9: تالیفات: 46

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

10: وفات: 50
باب دوم: قصیدہ حرز الامانی ووجہ التہانی 52
شروحات: 64
اہم ترین شروحات: 65
باب سوم: الشاطبیہ کے نسخوں اور تحقیق میں معتمد علیہ روایات کی خصوصیات 66
اول: معتمد علیہ نسخے: 66
پہلا نسخہ: ڈبلن، آئرلینڈ میں نسخہ چسٹر بیٹی: 66
دوسرا نسخہ: نسخہ دار الکتب المصریہ، قاہرہ: 67
تیسرا نسخہ: نسخہ المرکز الحکومی (قرہ مصطفی)، استنبول: 68
چوتھا نسخہ: نسخہ مکتبہ احمدیہ ماتحت دار الکتب الوطنیۃ تیونس: 70
پانچواں نسخہ: نسخہ مکتبہ مکۃ المکرمہ: 71
چھٹا نسخہ: نسخہ مکتبہ برلن، المانیا: 72
دوم: معتمد علیہ روایات: 74
باب چہارم: تحقیق کے مناہج 82
خطی نسخوں کی تصاویر: 93
مَتْنُ الشَّاطِبِيَّة 99
مقدمۃ 100
بَابُ الْاِسْتِعَاذَةِ 113

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْبَسْمَلَةِ 114
سُوْرَةُ أُمِّ الْقُرْاٰنِ 115
بَابُ الْإِدْغَامِ الْكَبِيْرِ 117
بَابُ إِدْغَامِ الْحَرْفَيْنِ الْمُتَقَارِبَيْنِ فِيْ كَلِمَةٍ وَّ فِيْ كَلِمَتَيْنِ 119
بَابُ هَاءِ الْكِنَايَةِ 123
بَابُ الْمَدِّ وَالْقَصْرِ 125
بَابُ الْهَمْزَتَيْنِ مِنْ كَلِمَةٍ 127
بَابُ الْهَمْزَتَيْنِ مِنْ كَلِمَتَيْنِ 130
بَابُ الْهِمْزِ الْمُفْرَدِ 132
بَابُ نَقْلِ حَرَكَةِ الْهَمْزَةِ إِلَى السَّاكِنِ قَبْلَهَا 134
بَابُ وَقْفِ حَمْزَةَ وَ هِشَامٍ عَلَى الْهَمْزِ 135
بَابُ الْإِظْهَارِ وَالْإِدْغَامِ 138
ذِكْرُ دَالِ إِذْ 139
ذِكْرُ دَالِ قَدْ 139
ذِكْرُ تَاءِ التَّأْنِيْثِ 140
ذِكْرُ لَامِ هَلْ وَ بَلْ 141
بَابُ اتِّفَاقِهِمْ فِيْ إِدْغَامِ إِذْ وَقَدْ وَتَاءِ التَّأْنِيْثِ وَهَلْ وَبَلْ 141

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بَابُ حُرُوْفٍ قَرُبَتْ مَخَارِجُهَا 142
بَابُ أَحْكَامِ النُّوْنِ السَّاكِنَةِ وَالتَّنْوِينِ 143
بَابُ الْفَتْحِ وَالْإِمَالَةِ وَبَيْنَ اللَّفْظَيْنِ 144
بَابُ مَذْهَبِ الْكِسَائِيِّ فِيْ إِمَالَةِ هَاءِ التَّأْنِيْثِ فِي الْوَقْفِ 151
بَابُ الرَّاءَاتِ 152
بَابُ اللَّامَاتِ 154
بَابُ الْوَقْفِ عَلَىٰ أَوَاخِرِ الْكَلِمِ 155
بَابُ الْوَقْفِ عَلَىٰ مَرْسُوْمِ الْخَطِّ 157
بَابُ مَذَاهِبِهِمْ فِيْ يَاءَاتِ الْإِضَافَةِ 159
بَابُ مَذَاهِبِهِمْ فِي الزَّوَائِدِ 164
بَابُ فَرْشِ الْحُرُوْفِ (سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ) 167
سُوْرَةُ آلِ عِمْرَانَ 182
سُوْرَةُ النِّسَاءِ 188
سُوْرَةُ الْمَائِدَةِ 192
سُوْرَةُ الْأَنْعَامِ 195
سُوْرَةُ الْأَعْرَافِ 202
سُوْرَةُ الْأَنْفَالِ 207

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ التَّوْبَةِ 208
سُوْرَةُ يُوْنُسَ عَلَيْهِ السَّلَامُ 210
سُوْرَةُ هُوْدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ 213
سُوْرَةُ يُوْسُفَ عَلَيْهِ السَّلَامُ 216
سُوْرَةُ الرَّعْدِ 218
سُوْرَةُ إِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السِّلَامُ 220
سُوْرَةُ الْحِجْرِ 220
سُوْرَةُ النَّحْلِ 221
سُوْرَةُ الْإِسْرَاءِ 223
سُوْرَةُ الْكَهْفِ 225
سُوْرَةُ مَرْيَمَ 229
سُوْرَةُ طٰهٰ 231
سُوْرَةُ الْأَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ 233
سُوْرَةُ الْحَجِّ 234
سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ 236
سُوْرَةُ النُّوْرِ 237
سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ 239

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ الشُّعَرَاءِ 240
سُوْرَةُ النَّمْلِ 241
سُوْرَةُ القَصَصِ 243
سُوْرَةُ العَنكَبُوْتِ 244
وَمِنْ سُوْرَةِ الرُّوْمِ إِلَىٰ سَبَأٍ 245
سُوْرَةُ سَبَإٍ وَّ فَاطِرَ 247
سُوْرَةُ يَاسِيْن 249
سُوْرَةُ وَالصَّافَّاتِ 250
سُوْرَةُ صَادْ 252
سُوْرَةُ الزُّمَرِ 252
سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ 253
سُوْرَةُ فُصِّلَتْ 254
سُوْرَةُ الشُّوْرٰى وَالزُّخْرُفِ وَالدُّخَانِ 255
سُوْرَةُ الشَّرِيْعَةِ وَالأَحْقَافِ 257
وَمِنْ سُوْرَةِ مُحَمَّدٍ ﷺ إِلَى الرَّحْمٰنِ عَزَّوَجَلَّ 258
سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ عَزَّوَجَلَّ 260
سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ وَ الْحَدِيْدِ 261

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَمِنْ سُوْرَةِ الْمُجَادِلَةِ إِلَىٰ سُوْرَةِ نُوْنٍ 262
وَمِنْ سُوْرَةِ نُوْنٍ إِلَىٰ سُوْرَةِ الْقِيَامَةِ 264
وَمِنْ سُوْرَةِ الْقِيَامَةِ إِلَىٰ سُوْرَةِ النَّبَاءِ 266
وَمِنْ سُوْرَةِ النَّبَاءِ إِلَىٰ سُوْرَةِ الْعَلَقِ 267
وَمِنْ سُوْرَةِ الْعَلَقِ إِلَىٰ آخِرِ الْقُرْآنِ 270
بَابُ التَّكْبِيْرِ 271
بَابُ مَخَارِجِ الْحُرُوْفِ وَصِفَاتِهَا الَّتِيْ يَحْتَاجُ الْقَارِئُ إِلَيْهَا 273
رموز القراء 279
ضبطِ اعراب 280
المصادر 320

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض مترجم

ان الحمد للہ نحمدہ تعالیٰ ونستعینہ ونستھدیہ ونستغفرہ، ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا، انہ من یھدہ اللہ فلا مضل لہ، ومن یضلل فلن تجد لہ ولیا مرشدا۔۔۔

أما بعد

قراءات سبعہ، علوم قرآنی میں انتہائی عظمت وشرف کا حامل علم ہے جس کا منظومہ متن شاطبیہ کے نام سے مشہور ہے۔ ناظم رحمہ اللہ کے بعد بہت سے مشائخ عظام نے اس منظومہ پر کام کیا۔ زمانہ طالب علمی میں الشیخ محمد تمیم الزعبی حفظہ اللہ کی متن شاطبیہ سے خوب وابستگی تھی۔ ایک دن راقم مسجد نبوی میں بیٹھا اپنا سبق یاد کر رہا تھا تو اس دوران ایک نوجوان میرے ساتھ آکر بیٹھ گئے۔ میں ایک شعر کتاب سے دیکھ کر پڑھتا پھر کتاب بند کر دیتا۔ وہ یہ دیکھ کر میرے قریب ہوئے، اپنا تعارف کرایا کہ میں ریاض میں حفظ القرآن پڑھاتا ہوں۔ ہم اساتذہ کو ہر سال ریاض سے بلوا کر ایک ہفتہ کے لیے حلقہ اجازہ میں بطور استاد بیٹھایا جاتا ہے تعارف کے دوران مذکورہ نوجوان عبد السلام بن عبد الحلیم نوران قل نے الشیخ علی بن سعد الغامدی المکی کے متن کے بارے میں مجھے آگاہ کیا۔ مجھے یہ متن کافی پسند آیا لیکن مدینہ منورہ کے کسی مکتبے میں مجھے یہ متن نہیں ملا۔ پھر عبد السلام نوران نے ریاض سے خرید کر مجھے ہدیۃً بھیج دیا۔ مزید دوستوں نے بھی اس کے حصول کی خواہش کی لیکن دوبارہ وہاں بھی نہ مل سکا۔ تعطیل کے لیے پاکستان آیا تو والد گرامی القاری المقری محمد ادریس العاصم رحمہ اللہ کو دکھایا تو بہت خوشی کا اظہار کیا اور فرمانے لگے اس متن میں ابتدائی تحقیق ہے، اس کا ترجمہ کر کے اگر شائع کیا جائے تو آج کل کے اساتذہ وطلبہ کے لیے بہت مفید ہو گا۔ اللہ کی نصرت اور والدین واساتذہ کی دعاؤں سے کام شروع کر دیا۔ لیکن دیگر مشاغل کے باعث یہ کام ادھورا رہ گیا۔ الحمد للہ اب اللہ کے فضل سے یہ ترجمہ مکمل کر کے قارئین کرام کی نذر کر رہا ہوں۔ اس دعا کے ساتھ کہ اللہ میرے والدین کریمین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ وارفع مقام عطا فرمائے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ناظم نے اس منظومہ کو چار ابواب میں تقسیم کیا ہے۔ باب اول میں امام شاطبی رحمہ اللہ کے حالات ذکر کیے ہیں۔ باب دوم میں قصیدہ حرز الامانی ووجہ التھانی میں ہم نے بیاض رکھا ہے تاکہ طلبہ اپنے اساتذہ کی تشریح قلم بند کر سکیں اور انہیں ترجمہ یاد کرنے میں بھی آسانی ہو۔ جبکہ ناظم حفظہ اللہ نے رموز، قرآنی کلمات اور متن کے لیے مختلف رنگوں کا استعمال کیا ہے جسے ہم نے بھی باقی رکھا ہے۔ باب سوم میں تحقیق کے دوران استعمال ہونے والے شاطبیہ کے معتمد علیہ نسخوں اور روایات کا تعارف کرایا گیا ہے۔ آخری باب میں تحقیق کے مناہج بیان کیے گئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں کہ مجھ طالب علم کو اس بابرکت منظومہ کے ترجمہ کی توفیق عطا ہوئی۔ میں یہاں اپنی اہلیہ کا بھی تہہ دل سے مشکور ہوں کہ جنہوں نے اس کام کے لیے سہولیات فراہم کیں۔ جن مخلص دوست احباب کے تعاون سے اس کتاب کے ترجمے کو مکمل کیا اور ان کا بھی شکر گزار ہوں۔ پروف ریڈنگ کے مراحل میں معاون احباب کے لیے بھی دعا گو ہوں۔ اللہ تعالیٰ سب کے لیے اس کتاب کو ذریعہ نجات بنائے۔ اٰمین

قاری اویس ادریس العاصم عفی عنہ
خادم القرآن الکریم
مدیر التعلیم المدرسۃ العالیہ تجوید القرآن
بنگلہ ایوب شاہ، اندرون شیر انوالہ گیٹ لاہور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

الحمد للہ رب العالمین والصلاۃ والسلام الأتمان الأکرمان علی سید ولد آدم وعلی آلہ وصحبہ الطیبین الطاھرین ومن تبعھم باحسان الی یوم الدین

اما بعد:

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے کہ انسان کے اس دنیا سے رخصت ہو جانے کے بعد اس کے دنیاوی اعمال کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے سوائے تین چیزوں کے۔ ایک نیک اولاد کی والدین کے حق میں دعائے مغفرت، دوم صدقہ جاریہ اور سوم علم نافع کا اجر۔

زیر نظر کتاب جو آپ کے ہاتھوں میں ہے، جب سے اس کتاب سے متعارف ہوئے تھے اسی وقت والد محترم نے خواہش ظاہر کی کہ اس کا ترجمہ کرنا چاہئے۔ برادر اصغر قاری اویس ادریس العاصم حفظہ اللہ نے کام شروع کر دیا اور آج الحمد للہ ترجمہ مکمل کرنے کے بعد فوراً مجھے ارسال کیا۔ میں نے اس کتاب کا بالاستیعاب مطالعہ کیا ہے۔ پھر مشاورت کے ساتھ متن میں بیاض رکھا گیا ہے تاکہ طلبہ اپنے اساتذہ کا بیان کیا گیا ترجمہ و تشریح لکھ سکیں۔ شیخ کی تحقیق بہت عمدہ ہے جو ان شاء اللہ اساتذہ وطلبہ سب کے لیے بہت مفید ثابت ہو گی۔ اس ترجمہ میں اگر کوئی خوبی ہے تو وہ اللہ رب العالمین کی طرف سے ہے جبکہ تمام خامیوں اور کوتاہیوں کی ذمہ داری ہم پر ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ کے مصاحب امام مزنی رحمہ اللہ کا قول ہے کہ:

لو عرض کتاب سبعین مرۃ لوجد فیہ خطأ، ابی اللہ تعالی أن یکون کتاب صحیحا غیر کتابہ۔

"اگر کسی کتاب کی ستر مرتبہ بھی مراجعت کی جائے تو اس میں کوئی نہ کوئی غلطی باقی رہ جائے گی، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے سوائے اپنی کتاب کے کسی اور کتاب کے صحیح ہونے کو تسلیم نہیں کیا۔"

اللہ تعالیٰ سے دست بدعا ہوں کہ اس منظومہ کو ہمارے لیے اور ہمارے والدین واساتذہ کرام کے لیے نجات کا سبب بنادے۔ اٰمین یارب العالمین

قاری ابو بکر العاصم
خطیب جامع مسجد امریکہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

الحمدللہ رب العالمین، والصلاۃ والسلام علی اشرف الانبیاء والمرسلین، نبینا محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین، اما بعد:

مکتبہ امام الدعوۃ العلمیہ قاسم بن فیرہ بن خلف شاطبی رحمہ اللہ (۵۹۰ھ) کی کتاب "حرز الامانی ووجہ التہانی" جو "الشاطبیہ" کے نام سے معروف ہے کو اپنے قراء کرام، محققین اور طلباء علم بھائیوں کے لیے پیش کرتے ہوئے انتہائی خوشی و مسرت محسوس کر رہا ہے۔ موکف رحمہ اللہ نے اس کتاب میں ابو عمرو عثمان بن سعید دانی اندلسی رحمہ اللہ (۴۴۴ھ) کی کتاب "التیسیر فی القراءات السبع" کا اختصار کیا ہے۔ جبکہ چند اضافہ جات بھی کیے ہیں۔ آپؒ نے اپنی کتاب کو مقدمہ، چار مقاصد اور خاتمہ میں تقسیم کیا ہے۔ اس کتاب نے اس قدر شہرت پائی کے بہت سے قافلوں نے اس کتاب کی طرف رختِ سفر باندھا اور چھوٹے بڑے سب طلباء نے اسے حفظ کیا۔

ہمارے جامعہ ام القریٰ شعبہ قراءت میں مصروفِ عمل فاضل بھائی شیخ علی بن سعد غامدی نے اس کی تحقیق پر بڑی تندہی سے کام کیا۔ آپ نے اس کتاب کی تحقیق میں بہت سے نسخوں سے استفادہ کیا۔ البتہ ان میں سے وہ دو نسخے سب سے زیادہ اہمیت کے حامل ہیں جن کا امام سخاوی کے پیشِ نظر اصل سے مقابلہ کیا گیا۔ امام سخاوی، امام شاطبی کے ہونہار تلامذہ میں سے تھے (ت ۶۴۳ھ)۔ ان دونوں نسخوں کو امام سخاوی کے سامنے پڑھا گیا، ان پر امام صاحب کے خط میں تحریر بھی موجود ہے۔ اس پر محقق کے مقدمے نے اس کام کو مزید خوبصورت، فائدہ مند، مضبوط اور پر کشش بنا دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے اس کام کو آپ کے میزانِ حسنات کا حصہ بنائے۔ آمین۔

ہم امام و خطیب مسجد حرام، رئیس العام لشؤون الحرمین اور مکتبہ کے مشرف معالی الشیخ ڈاکٹر عبد الرحمٰن بن عبد العزیز السدیس حفظہ اللہ کے بے حد شکر گزار ہیں۔ اللہ کے بعد مکتبہ کی مطبوعات کی نشر و اشاعت میں آپ کا بڑا ہاتھ ہے۔ اللہ آپ کی حفاظت فرمائے، علم و

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عمل میں برکتیں عنایت فرمائے اور آپ کے ذریعے اللہ اسلام و مسلمانوں کو فائدہ عطا فرمائے۔

وصلی اللہ علی نبینا محمد وعلی آلہ وصحبہ

صالح بن عبد العزیز بن عبد اللہ السدیس

مدیر مکتبۃ امام الدعوۃ العلمیۃ

مکہ مکرمہ: ۲۸/۱۲/۱۴۳۶ھ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمۃ المؤلف

الحمد لله الذی انزل کتابه المبین، والصلاة والسلام علیٰ خیر القرّاء والمقرئین، وعلیٰ آله وصحبه اهل القرآن، ومن تبعهم الیٰ یوم الدین باحسان، اما بعد:

یہ منظوم کتاب "حرز الامانی ووجه التهانی" ہے۔

مجھے امید ہے کہ میں اسے اسی طرح شائع کرنے میں کامیاب ہوں گا جیسے اس کے ناظم (امام شاطبی) کا ارادہ تھا۔

میں نے اس تحقیق سے قبل مقدمہ اور چار ابواب تشکیل دی ہیں۔

باب اول: امام شاطبی رحمہ اللہ کے حالات۔

باب دوم: قصیدہ "حرز الامانی ووجه التهانی"۔

باب سوم: تحقیق میں شاطبیہ کے معتمد علیہ نسخوں اور روایات کا تعارف۔

باب چہارم: تحقیق کے مناہج۔

اس کے بعد میں اللہ تبارک وتعالیٰ کا شکر گزار ہوں جس نے اس بابرکت منظوم کی تحقیق کی توفیق دے کر مجھ پر احسان عظیم فرمایا۔ فله الحمد فی الأولیٰ والآخرة۔

اسی طرح ان تمام افراد کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے اس کام میں میری معاونت کی۔ ان میں شیوخ القرّاء صالح بن احمد القرنی، محمد بن عبد الرحمٰن السدیس اور رافت بن علی عزت سر فہرست ہیں، جنہوں نے مخطوط نسخوں کے تقابل اور شاطبیہ کی مستند شروحات کی مراجعت میں میرا بہت ساتھ دیا۔ میں نے ان حضرات سے بہت سے علمی وغیر علمی امور میں مشاورت کی۔ شیخ صالح اور شیخ محمد نے نظم کے مسودے کی متعدد بار مراجعت، مقدمہ، تحقیق، حاشیہ، نظم لکھ کر میری عزت افزائی فرمائی۔ اللہ جل شانہ نے ان ہستیوں کے ذریعے اس نظم کی تحقیق میں بہت تقویت دی۔ بالخصوص شیخ صالح اور شیخ محمد کے ذریعے۔ فجزی الله ثلاثتهم عنی وعن اهل القرآن خیرا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نیز میں شیخین قاری ابراہیم شلبی اور قاری عبد العزیز بن حسن صومالی کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جو نظم کے بعض حصے میں مخطوط نسخوں کے تقابل اور شاطبیہ کی شروحات کی مراجعت میں میرے ساتھ رہے۔

میں بے حد ممنون ہوں الشیخ اللغوی: حُسنی بن احمد بن حسانین الجہنی کا جنہوں نے نظم کی تحقیق میں ہر چھوٹے وبڑے نقص کو نا صرف رفع کیا بلکہ اس تحقیق کو بھی چار چاند لگا دیے۔

الشیخ المقری: متولی عبد المجید کا نظم کے مسودے کی مراجعت پر اور الشیخ المتفنّن: محمد بن حسن الشنقیطی کا مقدمہ تحقیق، حاشیہ نظم، فہارس اور تقریبا نصف کتاب کی مراجعت پر احسان مند ہوں۔

الشیخ المقری الکبیر: ایھاب فکری کا بھی میں اس بات پر شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مقدمہ تحقیق کی مباحث میں سے ایک بحث کی مراجعت فرمائی اور متن کی اشاعت میں جلدی کرنے پر مجھے آمادہ کیا۔

صد شکر قراءِ فاضلین شیخ ابراہیم بن صالح غامدی اور محمد بن عاتق بشری کا جنہوں نے نظم کے مسودہ پر نظر ثانی کی۔

اسی طرح میں ماہر خطاط مسعود بن حافظ کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے اس نظم کی کتابت کر کے عزت افزائی فرمائی، بالخصوص ہماری بار بار کی تصحیح اور مسودہ پر بعض ملحوظات کے اضافہ جات پر انتھک محنت پر میں ان کا انتہائی احسان مند ہوں۔

میں مشائخ کرام محمد الجبالی، حسن المحضار اور سمیر بلعشیہ کا بھی شکر گزار ہوں کہ آپ نے طبع اول کی مراجعت میں عزت افزائی کی، آپ کی آراء سے اس طبع میں بہت فائدہ ہوا۔

مجھ سے یہاں مکتبہ امام الدعوۃ العلمیہ، مکہ مکرمہ میں مصروفِ عمل حضرات بالخصوص مسجدِ حرام کے امام شیخ ڈاکٹر عبد الرحمٰن سدیس کا شکریہ نہ رہ جائے، جنہوں نے اس طبع کے اخراجات کا ذمہ اٹھایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں یہاں اپنی بیوی ام عبد اللہ کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں، جنہوں نے اسبابِ طلب علم اور اس کی نشر واشاعت میں سہولیات فراہم کیں۔

یہ ایک حقیر سی کاوش ہے جس میں خوبی صرف اللہ کے احسان کی وجہ سے ہے اور خطا صرف میری اور شیطان کی طرف سے ہے۔ واللہ ورسولہ منہ بریئان۔

امام شافعیؒ کے مصاحب امام مزنی (ت:۲۶۴ھ) نے کیا خوب بات کہی ہے:

"لو عورض کتاب سبعین مرة لوجد فیه خطأ، ابی الله تعالی ان یکون کتاب صحیحا غیر کتابه"۔[1]

"اگر کسی کتاب کی ستر مرتبہ بھی مراجعت کی جائے تو اس میں کوئی نہ کوئی غلطی باقی رہ جائے گی، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے سوائے اپنی کتاب کے کسی اور کتاب کے صحیح ہونے کو تسلیم ہی نہیں کیا"۔

لہذا اس حقیر سی کاوش میں جس قدر بھی غلطیاں ہوں ان پر مطلع کیجئے خواہ وہ خلاف اولیٰ کے قبیل سے ہی کیوں نہ ہوں۔ ہم اصلاح کرنے والے کے انتہائی شکر گزار اور احسان مند ہوں گے۔ ان غلطیوں کی تصحیح کر کے ہم آنے والے ایڈیشن میں ان کی اصلاح کر لیں گے۔

هذا، وصلّى الله وسلّم على امام القراء والمقرئين، وعلى آله وصحبه أجمعين، ومن تبعهم باحسان الى يوم الدين وآخر دعواي أن الحمد لله رب العالمين.

از قلم: علی بن سعد الغامدی المکی

اُم القری مکہ مکرمہ ۴/۱۱/۱۴۳۴

اس مقدمے میں کچھ ایڈیٹنگ کی گئی۔

اُم القری مکہ مکرمہ ۱۸/۱۱/۱۴۳۶ میں

[1] موضح اوهام الجمع والتفريق از خطیب بغدادی: ۱/۱۴

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باب اول

امام شاطبی کے حالات زندگی[1]

1: نام ونسب اور نسبت:

آپ ابو القاسم[2] اور ایک قول کے مطابق ابو محمد[3]:

---

[1] مفصل، باوثوق اور ہر قسم کی آمیزش سے خالص تعارف نقل کرنے کے لیے میں نے عمداً طوالت اختیار کی ہے تاکہ اس کتاب کو پڑھنے والوں سے پہلے پڑھانے والے امام شاطبی کے عظیم مقام سے واقفیت حاصل کر سکیں۔ مجھے معلوم ہے کہ بہت سے حضرات آپ رحمہ اللہ کے تعارف کے لیے اصل مصادر تک رسائی نہیں پا سکتے۔ بعض اوقات ان کتابوں تک بھی رسائی نہیں ہو پاتی جن میں امام شاطبی کا تذکرہ اختصار کے ساتھ پایا گیا ہو۔ اس لئے میں نے مناسب سمجھا کہ مقدمہ شاطبیہ میں آپ رحمہ اللہ کے حالات تفصیل کے ساتھ قلم بند کر دوں، تاکہ اس کی طرف مراجعت آسان ہو سکے۔

[2] قاسم کی کنیت کو خود امام شاطبی رحمہ اللہ نے اپنی آخری زندگی میں بغیر وجہ کے اختیار کیا۔ آپ کے شاگرد امام سخاوی اور آپ کے شاگرد کے شاگرد ابو شامہ وغیرہ نے بھی آپ کی یہی کنیت ذکر کی ہے۔ دیکھئے: فتح الوصید: ۱/ ۴، ابراز المعاني: ۱/ ۱۰۶، طبقات القراء: ۲/ ۶۷۱، اور الفتح المواهبي: ۶۷۔

[3] ابو محمد کنیت آپ کے مشائخ ابن اللایہ اور ابن ہذیل نے آپ کو اجازہ دیتے ہوئے ذکر کی۔ جس کو آپ کے شاگرد رشید ابن وضاح (ت: ۶۳۴ھ) نے بھی بیان کیا ہے۔ ابن وضاح نے اس کنیت کو (۵۸۰ھ) کے بعد امام شاطبی پر دوران قرآت ذکر کیا۔ اسی طرح امام شاطبی کا ایک بیٹا بھی تھا جس کا نام محمد تھا۔ دیکھئے: فتح الوصید: ۱/ ۱۰، ۴۶، التکملة لکتاب الصلة: ۴/ ۳۴، طبقات القراء: ۲/ ۶۴۲، ۶۷۲، اور غایة النهایة: ۲/ ۲۵۷، ۲۳۰ ابن ابار، ابن عبد الملک، ذہبی، سبکی، ابن جزری اور قسطلانی رحمہم اللہ نے دونوں کنیتوں کو جمع کیا ہے۔ دیکھئے: التکملة لکتاب الصلة: ۴/ ۳۴، الذیل والتکمة: ۵/ق: ۲/ ۵۴۸، طبقات الشافعیة الکبری: ۷/ ۲۷۰-۲۷۱، طبقات القراء: ۲/ ۶۷۱، غایة النهایة: ۲/ ۲۰، فتح المواهبي: ۳۴، دونوں کنیتوں کو جمع کرنا ہی درست ہے اور اس میں کوئی مانع بھی نہیں ہے۔ البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ خود امام شاطبی ابو القاسم کی کنیت کو اختیار کرنا زیادہ پسند کرتے تھے اسی لیے جیسے پہلے ذکر کیا گیا ہے کہ انہوں نے اسے اپنی آخری زندگی میں خود کے لیے بیان کیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قاسم[1] بن فِيرُه[2] بن خلف بن احمد الرُّعَينيَ[3] الشاطبي[1] الأندلسي۔

---

[1] امام شاطبی اپنے شاگرد رشید سخاوی کو شاطبیہ کا اجازہ دیتے ہوئے رقم طراز ہیں: "یقول ابو القاسم ابن فیرہ بن..." پھر اسی کو آپ کے شاگرد سخاوی، قفطی اور جعبری نے بھی اختیار کیا۔ امام ذہبی آپ کا نام قاسم ذکر کرنے کے بعد کہتے ہیں: امام سخاوی نے ابو القاسم کہہ کر آپ کا ذکر کیا ہے اور کنیت کے علاوہ آپ کا نام کا تذکرہ نہیں کرتے، لیکن پہلی بات ہی درست ہے۔ دیکھئے: فتح الوصید: ۱/۴، إنبه الرواة: ۱۶۰/۴، کنز المعاني: ۱۷۲/۱، عبر في خبر من غبر: ۱۰۲/۳ اور فتح المواهبی: ۶۷۔

میں کہتا ہوں کہ شاطبی اور ان کے متبعین کے اس طریقہ کار کو اختیار کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپ کا نام ہی آپ کی کنیت ہے۔ ممکن ہے انہوں نے اختصار سے کام لیا ہو۔ چنانچہ انہوں نے پہلے آپ کی کنیت ذکر کی پھر آپ کے بیٹے کا نام ذکر کر دیا۔ اسی طرح ہی اصل معاملہ ہے۔ عام طور پر جنہوں نے آپ کا تعارف لکھا ہے انہوں نے آپ کا نام القاسم ہی لکھا ہے سوائے بعض افراد کے کہ جنہوں نے آپ کے نام سے "ال" کو ہٹا کر صرف قاسم نام ذکر کیا ہے۔ ان ذکر کرنے والوں میں آپ کے تلامذہ ابو عمر بن عات اور الجنجالی، اسی طرح ابن الابار، نووی، ابن عبد الملک، ابن زبیر، ابن رشید اور ابن قاضح شامل ہیں۔ دیکھئے: التکملة لکتاب الصلة: ۳۴/۴، ۳۵، طبقات الفقهاء الشافعیه: ۶۶۵/۲، الذیل والتکملة: ۵/ق: ۵۴۸/۲، الصلة الصلة: ۲۸۳ سراج القارئ المبتدي: ۳، غایه النهایه: ۲۲/۲۔ میں کہتا ہوں دونوں میں کوئی فرق نہیں خواہ نام القاسم ہو یا قاسم ہو۔ یہاں معاملہ قریب قریب ہی ہے۔ البتہ قاسم راجح ہے۔ کیونکہ آپ کے مشائخ ابن اللایہ اور بذیل کی نصوص آپ کو اجازہ دیتے ہوئے اس پر موجود ہیں۔ اسی طرح جیسے پہلے ذکر کیا گیا ہے کہ آپ کے بعض تلامذہ نے بھی اس پر نص ذکر کی ہے۔ دیکھئے فتح الوصید: ۱/ ۴۶، ۱۰۔

[2] "فِیرُہ" فاء کے کسرہ، یاء کے سکون اور راء کی تشدید اور ضمہ اور اس کے بعد ہاء کے ساتھ ہے۔ یہ اندلسی زبان کا لفظ ہے، جس کا معنیٰ "لوہا" ہے۔ دیکھئے: وفیات الاعیان: ۷۲/۴، نکت الهمیان: ۲۲۸، غایة النهایه: ۲۰/۲ توضیح المشتبه: ۱۴۰/۷ اور بغیة الوعاة: ۲۶۰/۲۔ اجتماع ساکنین سے بچنے کے لئے فیرہ کے ہاء کو متحرک مکسور پڑھا جاتا ہے۔

[3] الرُّعَیْنِیُّ راء کے ضمہ، عین کے فتحہ، یاء کے سکون اور اس کے بعد نون ہے۔ یہ ذی رعین کی طرف نسبت ہے اس کی طرف ایک خلق کثیر کی نسبت کی جاتی ہے۔ رعین یمن کے ایک پہاڑ کا نام ہے، جس میں قلعہ ہے۔ ذو رعین حمیر بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ کا نام تھا جس کی طرف اس پہاڑ کو منسوب کیا گیا ہے۔ دیکھئے: الصحاح: /، معجم البلدان: /، لسان العرب: ۱۶۷۶/۳، وفیات الاعیان: / اور نکت الهمیان۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

2: ولادت باسعادت:

آپؒ اندلس کے شہر شاطبہ میں ذوالحجہ (۵۳۸ھ) میں پیدا ہوئے۔[2] ابن جزریؒ کہتے ہیں: کہ ہم تک یہ بات پہنچی ہے کہ شاطبیؒ نابینا پیدا ہوئے تھے۔[3]

البتہ یاقوت الحموی (ت: ٦٢٦ھ) جو مشہور اخباری اور عظیم تاریخ دان ہیں، نیز امام شاطبی کے ہم عصر بھی تھے۔ ان کے کلام سے اس کے برعکس منقول ہے۔ آپ فرماتے ہیں: شاطبیؒ ۲۸ جمادی الاخریٰ سنہ (۵۹۰ھ) بعد از نماز عصر اتوار کے روز اس جہان فانی سے رحلت فرما گئے۔ آپ وفات سے پہلے نابینا ہو گئے تھے اور آپ بیسانی قبرستان بساریہ، مصر میں دفن کیے گئے۔[4]

میں کہتا ہوں: اس سے یہ بات سمجھ آتی ہے کہ آپ پیدائشی نابینا نہ تھے بلکہ بعد میں آپ کی بینائی جاتی رہی تھی۔ قسطلانی نے بھی اس کی تائید کی ہے۔[5]

3: رحلاتِ امام شاطبیؒ:

امام شاطبیؒ نے بالتحقیق چار سفر کیے ہیں:[6]

---

[1] لشاطبی: یہ شاطبہ کی طرف نسبت ہے جو مشرقی اندلس کا ایک شہر ہے۔ یہ قرطبہ کے مشرق میں واقع ہے۔ یہ ایک بہت بڑا اور قدیم شہر ہے۔ یہاں سے فضلاء کی ایک بڑی تعداد میدان عمل میں نکلی ہے۔ معجم البلدان: ۳/۳۰۹، دیکھئے: الذیل علی الروضتین: ۷.

[2] دیکھئے: انباہ الرواۃ: ٤/١٦٠، الذیل والتکملہ: ٥/ق: ٢/٥٤٨، الطبقات الشافعیہ الکبری: ٧/٢٧١، غایہ النہایہ: ٢/٢٠.

[3] غایۃ النہایۃ: ٢/٢١۔

[4] معجم الادباء: ٥/٢٢١٧

[5] دیکھئے فتح المواہبی: ۵۴

[6] میں نے اسے بالتحقیق نقل کیا ہے کیوں کہ امام شاطبی کے بعض مشائخ کی نسبت سوائے ویلنسیا کہ اندلس کے بقیہ شہروں کی طرف تھی۔ اس کے باوجود میں نے یہ کہنے کی جسارت نہیں کی کہ آپ رحمہ اللہ ان شہروں کی طرف سفر کر کے گئے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ شہر ویلنسیا سے قریب ہیں اور شاید ان مشائخ نے ویلنسیا میں ورود کیا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اول: آپ نے یہ سفر ویلنسیا کی طرف کیا جو شاطبہ کے قریب ایک شہر ہے۔ آپ نے یہ سفر ربیع الآخر (۵۵۵ھ) کے بعد کیا۔[1] یہاں سے پھر آپ نے جملہ مشائخ سے کسبِ فیض کیا، ان میں سے جن کے حالات مجھے معلوم ہو سکے ہیں ان کا ذکر آئندہ کروں گا۔ بعد ازاں آپ شاطبہ واپس لوٹ آئے۔[2]

دوم: دوسرا سفر آپؒ نے (۵۷۲ھ) میں اسکندریہ کی طرف کیا،[3] وہاں پر آپؒ نے بعض مشائخ سے سماع کیا۔ آپؒ کے حالات لکھنے والے اکثر افراد نے اس بات کو ذکر کیا ہے کہ آپ شاطبہ سے حج کے ارادے سے نکلے تھے۔[4] البتہ ابو شامہ نے آپ کے سفر کا حقیقی مقصد بیان کیا ہے، کہتے ہیں: مجھے ہمارے شیخ ابو حسن علی بن محمد (سخاوی) رحمہ اللہ نے خبر دی کہ: آپ کی اپنے شہر سے بلادِ مصر کی طرف منتقل ہونے کی وجہ یہ تھی کہ: آپ سے خطابت کی ذمہ داری سنبھالنے کا مطالبہ کیا گیا تھا، لیکن آپ نے یہ عذر بیان کیا کہ مجھ پر حج واجب ہے اور حج کے مصمم ارادے سے ہی وہ اپنے شہر سے نکلے ہیں۔ چنانچہ آپ نے احتیاطاً اس ذمہ

ہو اور وہاں پر امام شاطبیؒ نے ان مشائخ سے سماع کر لیا ہو۔ میں نے یہ طریقہ اس لیے اختیار کیا کہ مجھے کتب کے تراجم میں امام شاطبی رحمہ اللہ کے ویلنسیا کے سفر کے علاوہ کوئی سفر نہیں مل سکا۔

[1] یہ اس لیے کہ شاطبہ میں اسی تاریخ کو آپ کے شیخ ابن الایہ نے آپ کے ویلنسیا سفر کرنے سے پہلے آپ کو قراءت سبعہ کی روایت کا اجازہ مرحمت فرمایا تھا۔ دیکھئے فتح الوصید: ۱/۳۹

[2] الذیل علی الروضتین: ۷، تاریخ الإسلام: ۱۲/۹۱۳، اور البدایۃ والنہایۃ: ۱۶/۶۶۶۔

[3] دیکھئے: وَفَيَاتُ الأَعْيَانِ: ٤/٧٢، البداية والنهاية: ١٦/٦٦٦، الفتح المواهبي: ٤٤، نفح الطيب: ٢/٣٣.

[4] دیکھئے: إِنْبَاهُ الرُّوَاةِ: ٤/١٦٠، التَّكْمِلَةُ لكتاب الصِّلَةِ: ٣٤/٤، الذَّيْلُ والتَّكْمِلَةُ: ٥/ق: ٢/٥٤٨، طبقات الشَّافِعِيَّةِ الكُبرى: ٧/٢٧١، البداية والنهاية: ١٦/٦٦٦، غاية النهاية: ٢/٢٠، الفتح المواهبي: ٤٤.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

داری کو چھوڑ دیا اس کی وجہ خطباء کو منبروں پر ایسی چیزیں بیان کرنے کا پابند کیا جاتا تھا جنہیں آپؒ شرعی طور پر جائز نہیں سمجھتے تھے۔[1]

سوم: تیسرا سفر آپ نے قاہرہ کی جانب کیا۔ قفطی کہتے ہیں کہ آپؒ نے مصر میں سکونت اختیار کی اور وہاں پر آپ نے پڑھانے اور مفاد عامہ کی غرض سے جامع عمرو بن عاصؓ کی صدارت سنبھالی۔ وہاں آپ نے معروف خاندان بنو حمیری میں شادی کی۔ پھر فاضل عبد الرحیم بن علی البیسانی نے آپ رحمہ اللہ کو معزہ (قاہرہ) میں تیار کردہ مدرسے منتقل کر دیا۔ اس مدرسہ میں آپؒ کے لئے ایک نہایت دیدہ زیب سنگ مرمر سے تیار کردہ حجرہ بنایا گیا جو مرکزی دروازے کے اندر دائیں سمت واقعہ تھا۔ آپ اسی حجرے میں پڑھانے اور مفادِ عامہ کے کام کے لئے قیام پذیر رہے۔ اپنے اہل وعیال کے لیے آپ کا مدرسے سے باہر ایک الگ گھر تھا۔ آپؒ کی وفات تک یہ سلسلہ جاری رہا۔[2] متعین طور پر یہ معلوم نہیں کہ آپ قاہرہ کب داخل ہوئے البتہ آپ نے قاہرہ میں بعض مشائخ سے سماع بھی کیا، جس کا ذکر بعد میں آئے گا۔

---

[1] الذیل علی الروضتین: ۷۔

[2] إنباہ الرواۃ: ۴/۱۶۰، دیکھئے: الذیل علی الروضتین: ۷، غایۃ النہایۃ: ۲/۲۰-۲۱

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چہارم: آپ نے چوتھا سفر (۵۸۷ھ) بیت المقدس کی طرف زیارت کی غرض سے کیا۔ وہاں پر آپ نے رمضان کے روزے رکھے اور اعتکاف بھی کیا۔[1] آپؒ نے مکہ کی طرف سفر نہیں کیا بر خلاف بعض لوگوں کے جنہیں یہ وہم ہوا ہے کہ آپ نے مکہ کا سفر کیا۔[2]

---

[1] الذیل علی الروضتین: ۷، امام شاطبی رحمہ اللہ کے بیت المقدس کی زیارت کے بارے میں امام ذہبی نے ابو شامہ کی موافقت کی ہے۔ البتہ ان دونوں کی ابن جزری نے مخالفت کی ہے اور ایک سال کی تاخیر کے ساتھ سات (۷) کی بجائے نو (۹) کا قول نقل کیا ہے اور قسطلانی نے اسی قول سے اتفاق کیا ہے۔ درست بات وہی ہے جو آپؒ کے شاگرد کے شاگرد ابو شامہ اور امام ذہبی رحمہما اللہ کا قول ہے۔ دیکھئے: سِیَر أعلَامِ النبلاء: ۲۱/۲۶۳، وغایۃ النھایۃ: ۲/۲۱، والفتح المواھبی: ۵۴۔

[2] قسطلانی کے ذکر کردہ اقوال کی وجہ سے بعض فضلاء نے آپ کے اس سفر کا استدلال کیا ہے۔ جیسے قسطلانی رقم طراز ہیں: میں نے اللامیہ کے نسخہ میں بظاہر یہ نص دیکھی: امام شاطبی سے روایت کیا گیا آپؒ فرماتے ہیں:..... جس نے بھی اس کتاب کو حفظ کیا اس نے اس سے استفادہ کیا۔ کیونکہ اس کے تحریر کرنے والے نے اس کی تکمیل کے بعد اسے ساتھ لے کر (۱۲۰۰۰) بار کعبہ کا طواف کیا اور دعاؤں کی اماکن میں ہر پڑھنے والے کے لیے دعا کی، اثنائے دعاء یہ کتاب آپ کے سامنے ہوتی۔ آپ یہ دعا کیا کرتے تھے۔ "اللھم فاطر السمٰوات والارض، عالم الغیب والشھادۃ، رب ھذا البیت العظیم، انفع بھا کل من یقرؤھا"۔ الفتح المَوَاھِبِیّ: ۷۱۔

میری رائے ہے کہ اس طرح کے اقوال قابلِ حجت نہیں ہیں۔ اس کی مندرجہ ذیل تین وجوہات ہیں:

اول: اس بات کا کوئی سر پیر نہیں ہے۔

دوم: متن میں بارہ ہزار تک طواف کرنے کی ظاہری غرابت۔

سوم: جن حضرات نے امام شاطبی کے حالات تواتر سے ذکر کئے ہیں ان حالات میں یہ واقعہ کہیں بھی موجود نہیں ہے۔ اگر اس واقعے کی کوئی اصل ہوتی تو مشہور ہو جاتا۔ اور آپ کے حالات زندگی قلمبند کرنے والے حضرات اس واقعہ کو ضرور نقل کرتے۔

درست بات: جس جماعت نے آپ کے حالات میں یہ ذکر کیا ہے کہ آپ شاطبہ سے حج کے ارادے سے نکلے تھے (پہلے گزر چکا ہے اور اس کی وضاحت بھی ہو چکی ہے) اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپ حج کرنے کے لئے مکہ پہنچے بھی ہوں۔ کتنے ہی ایسے لوگ ہیں جو حج کے ارادے سے نکلتے ہیں مگر مکہ نہیں پہنچ پاتے۔ اسی طرح قسطلانی (الفتح

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

4: خاندان:

قفطی کہتے ہیں کہ آپ رحمہ اللہ نے مصر میں سکونت اختیار کی اور وہاں پر آپ نے پڑھانے اور مفاد عامہ کی غرض سے جامعہ عمرو بن عاصؓ کی صدارت سنبھالی۔ وہاں آپ نے معروف خاندان بنو حمیری میں شادی کی۔ پھر فاضل عبد الرحیم بن علی البیسانی نے آپ رحمہ اللہ کو معزہ (قاہرہ) میں تیار کردہ مدرسے منتقل کر دیا۔ اس مدرسہ میں آپ رحمہ اللہ کے لئے ایک نہایت دیدہ زیب سنگ مرمر سے تیار کردہ حجرہ بنایا گیا جو مرکزی دروازے کے اندر دائیں سمت واقعہ تھا۔ آپ اسی حجرے میں پڑھانے اور مفادِ عامہ کے کام کے لئے قیام پذیر رہے۔ اپنے اہل و عیال کے لیے آپ کا مدرسے سے باہر ایک الگ گھر تھا۔[1] آپ کے تین بچوں (دو بیٹیاں اور ایک بیٹا) کا ذکر بھی ملتا ہے۔[2] بیٹا ابو عبد اللہ محمد الضریر جمال الدین (۵۷۷-۶۵۵)[3]، ایک بیٹی جو آپ کے شاگرد کمال الضریر کی زوجہ تھی۔ آپ کی اس بیٹی کا نکاح آپ کی وفات کے بعد ہوا۔[4] اور ایک بیٹی آپ کے شاگرد السدید کی بیوی تھی۔[5]

المَوَاهِبِ: ۵۶) نے ایک اور قصہ نقل کیا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپؒ نے حج کیا ہے۔ لیکن یہ روایت بغیر سند کے مجہول راوی سے مروی ہے۔ نیز اس کے وہی جوابات دیے گئے ہیں جو پہلی دلیل کے دیے گئے ہیں۔

[1] إِنبَاهُ الرُّوَاةِ: ۱۶۰/۴۔

[2] سبکیؒ نے طبقات الشافعیہ الکبری ۷/ ۲۷۲ میں صرف دو بچوں کا تذکرہ ہی کیا ہے۔ فرمایا: آپ نے ایک بیٹی اور ایک بیٹا اپنے بعد چھوڑے۔ آپ کا بیٹا محمد آپ کی وفات کے بعد پینسٹھ سال تک زندہ رہا۔ قسطلانی نے بھی یہی نقل کیا ہے۔ الفتح المواهبی: ۱۱۱۔ نیز یہ صراحت کی ہے کہ آپ کا بیٹا محمد اور بیٹی کمال الضریر کی زوجہ تھیں۔ البتہ امام ذہبی نے طبقات القراء (۲/ ۶۷۵، ۶۷۴) میں اشارہ کیا ہے کہ آپ کے دو سے زیادہ بچے تھے۔

[3] دیکھئے: ذَيْلُ مِرْآةِ الزَّمَانِ: ۱/ ۷۹-۸۰، طَبَقَاتُ القُرَّاءِ: ۲/ ۶۷۲، غاية النهاية: ۲۳۰۲، النُّجُومُ الزَّاهِرَةُ: ۷/ ۵۴۔

[4] دیکھئے: طَبَقَاتُ القُرَّاءِ: ۲/ ۸۰، غاية النهاية: ۵۴۶/۱، اس شاگرد کمال کا تذکرہ آگے آئے گا۔

[5] اس کا ذکر ابن عبد الملک نے الذَّيل والتَّكْمِلَة: (۵/ ق: ۲/ ۵۴۸) میں ذکر کیا ہے۔ السدید کا ذکر بھی آگے آئے گا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

5: شیوخ:

امام شاطبیؒ نے مختلف علوم میں کبار آئمہ سے تعلیم حاصل کی۔ جن مشائخ کی مجھے تاریخ وفات معلوم ہو سکی ہے میں ان کا تذکرہ حسب ترتیبِ وفات آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

البتہ جن کی تاریخ وفات مجھے معلوم نہیں ہو سکی ان کا تذکرہ سب سے آخر پر کروں گا۔

۱۔ ابو جعفر: احمد بن مسعود بن ابراہیم القیسي الرسقسطي ثم الشاطبي المعروف بابن اشکنبذ (ت: ۵۵۸)، شاطبیؒ نے آپ سے شاطبہ میں علم حاصل کیا نیز آپ سے حدیث بھی بیان کی۔[1]

۲۔ ابو الحسن: علي بن محمد بن علي ہذیل البلنسي (ت: ٥٦٤)، شاطبیؒ نے آپ سے تعلیم حاصل کرنے کے لیے اپنے قریبی شہر ویلنسیا کا سفر کیا۔ آپ پر امام شاطبیؒ نے "کتاب التیسیر" زبانی قراءت کی۔ حدیث کا سماع بھی کیا۔ جس میں الموطا اور صحیح مسلم شامل ہیں۔ اسی طرح آپ پر پڑھی گئی امام دانیؒ کی کتاب "طبقات القراء" کا سماع بھی کیا۔[2] ابن ہذیل نے قراءات سبعہ میں آپ کو اجازہ دے رکھا ہے قراءات سبعہ کی اسانید "کتاب التیسیر" میں درج ہیں۔ اسی طرح آپ رحمہ اللہ نے امام شاطبیؒ کو قراءت کے علاوہ عمومی اور خصوصی اجازۃ الروایۃ نواز رکھا ہے۔[3]

---

[1] دیکھئے: التَّكْمِلَةُ لكتاب الصلة: ۱/۱۵۰، ٤/٣٤.

[2] دیکھئے: فتح الوَصِيد: ۱/۳۹-۵۳، التَّكْمِلَةُ لكتاب الصلة: ٤/٣٤، ٣٥، مُعْجَمُ الأدباء: (٥/٢٢١٧، إنْبَاهُ الرُّواةِ: ٤/١٦٢، وَفَيَاتُ الأَعْيَانِ: ٤/٧١، الدَّيْلُ والتَّكْمِلَةُ: ٥/٥٤٨، مِلْءُ العَيْبَةِ: ٥/١٧٥-١٧٦، ١٨٢، كنز المعاني الجعبري: ١/١٧٤، تاريخ الإسلام: ١٢/٩١٣، طَبَقَاتُ القُراءِ: ٢/٦٧١، وغاية النهاية: ٢/٢٠.

[3] دیکھئے: فتح الوصید ۱/۳۹-۵۳۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۳۔ابو محمد اور ابو الحسن: علیم بن عبد العزیز بن عبد الرحمن العمری الشاطبی(ت: ٥٦٤ھ)۔ آپ سے امام شاطبی نے ویلنسیا میں حدیث اور فقہ کا علم حاصل کیا۔[1]

۴۔ابو الحسن: علی بن عبداللہ بن خلف الانصاری البلنسی جو ابن نعمہ(ت:٥٦٧ھ) سے معروف ہیں۔ آپ سے ویلنسیا میں امام شاطبیؒ نے مہدوی کی کتاب "شرح الہدایہ" روایت کی اور حدیث کا سماع بھی کیا۔[2]

۵۔ابو عبد اللہ: محمد بن عبد الرحمن بن محمد الخزرجی الانصاری المعروف بابن الفرس (ت:٥٦٧ھ) سے امام شاطبیؒ نے ویلنسیا میں حدیث کا علم حاصل کیا۔[3]

٦۔ابو محمد: عاشر بن محمد بن عاشر بن خلف الانصاری(ت:٥٦٧ھ)، آپؒ سے امام شاطبیؒ نے ویلنسیا میں ہی حدیث اور فقہ کا علم حاصل کیا۔[4]

۷۔ابو عبد اللہ: محمد بن عبد اللہ بن محمد بن خلیل القیسی الاشبیلی(ت:٥٧٠ھ)، آپ سے امام شاطبی نے روایت لی ہے۔[5]

---

[1] دیکھئے: التَّكْمِلَةُ لكتابِ الصَّلَةِ:٤/٣٤، الذَّيل والتكملة:٥/ق:٢/٥٤٨، طَبَقَاتُ القُرَّاء:٢/٦٧١، غاية النهاية: ٢/٢٠.

[2] دیکھئے: التَّكْمِلَةُ لكتاب الصَّلَةِ:٤/٣٤، وَفَيَاتُ الأَعْيَانِ:٤/١٧، الذَّيلُ والتَّكْمِلَةُ:٥/ق:٢/٥٤٨، طَبَقَاتُ القُرَّاءِ:٢/٦٧١، غاية النهاية: ٢، ٥٥٣/٢٠.

[3] دیکھئے: التَّكْمِلَةُ لكتاب الصَّلَةِ:٤/٣٤، طَبَقَاتُ القُرَّاء:٢/٦٧١، غايةُ النِّهايةِ:٢/٢٠٦.

[4] دیکھئے: التَّكْمِلَةُ لكتاب الصَّلَةِ : ٤/٣٤، الذيل والتَّكْمِلَةُ: ٥/ ق: ٢/ ٥٤٨، طَبَقَاتُ القُرَّاء : ٢/٦٧١، غاية النهاية:٢/٢٠.

[5] دیکھئے: الذيل والتَّكْمِلَةُ:٦/٣٠٥-٣٠٦.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۸۔ابو طاہر: احمد بن محمد بن احمد بن محمد بن ابراہیم سلفہ الاصبہانی السلفی (ت:۵۷۶ھ)،اسکندریہ میں شاطبیؒ نے آپ سے سماع کیا اور آپ پر قراءت بھی کی، ان کے علاوہ اسکندریہ میں دوسرے مشائخ سے بھی امام شاطبیؒ نے سماع کیا۔[1]

۹۔ابو محمد:عبد اللہ بن برّیؒ بن عبد الجبار المقدسی ثم المصری(ت:۵۸۲ھ) آپ سے شاطبیؒ نے قاہرہ میں عربی ادب کا سماع کیا۔[2]

۱۰۔ابو القاسم: عبد الرحمن بن محمد بن عبد اللہ حبیش الانصاری(ت:۵۸۴ھ)، آپ سے امام شاطبی نے تفسیر ابن ابی عطیہ کا علم حاصل کیا۔[3]

۱۱۔ابو علی: الحسن بن محمد الانصاری جو ابن رھیبل(ت:۵۸۴ھ یا۵۸۵ھ) کے نام سے معروف ہیں۔ آپ سے امام شاطبی نے قراءات کا علم حاصل کیا۔[4]

۱۲۔ابو عبد اللہ: محمد بن جعفر بن حمید البلنسی(ت:۵۸۶ھ)۔ویلنسیا میں امام شاطبیؒ نے آپ سے کتاب الکافی کا سماع کرنے کے ساتھ ساتھ حدیث کا سماع کیا۔ نیز آپ سے سیبویہ کی "الکتاب"، مبرد کی "کتاب الکامل" اور ابن قتیبہ کی کتاب "الکاتب" وغیرہ بھی پڑھیں۔[5]

---

[1] دیکھئے: التَّکْمِلَةُ لکتاب الصَّلَةِ:۳۴/٤، الذَّیْلُ والتَّکْمِلَةُ: ۵/ق: ۲/۵۴۸، طَبَقَاتُ القُرّاء:۲/۶۷۱، البدایة والنهایة:۱۶/۶۶۶، غایة النهایة:۲/۲۰.

[2] دیکھئے: نَفْحُ الطِّیب:۲/۳۳، شجرةُ النُّورِ الزَّکِیَّةُ:۱/۱۵۹

[3] دیکھئے: غایةُ النهایة:۲/۲۰، الفتحُ المَوَاهِبِیُّ:۴۳

[4] دیکھئے: شجرةُ النُّورِ الزَّکِیَّةُ:۱/۱۵۸،۱۵۹.

[5] دیکھیے: التَّکْمِلَةُ لکتابِ الصَّلَةِ:۳٤/٤، وَفَیَاتُ الأَعْیَانِ:۷۱/٤، الذَّیْلُ والتَّکْمِلَةُ:۵/ق:۲/۵۴۸، طَبَقَاتُ القُرّاء :۲/۶۷۱، غایةُ النهایة:۲/۲۰.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۱۳۔ ابو عبد اللہ محمد بن یوسف بن مفرج بن سعادہ الاشبیلی (ت: ۶۰۰ھ) امام شاطبیؒ نے آپ سے ویلنسیا میں مہدوی کی "شرح الہدایہ" روایت کی۔ اسی طرح آپ سے صحیح مسلم کا سماع بھی کیا۔[1]

۱۴۔ ابو عبد اللہ: محمد بن علی بن محمد بن ابی العاص النفزی المعروف بابن اللایہ (۵۵۵ھ تک حیات رہے)۔ آپ پر امام شاطبیؒ اپنے شہر شاطبہ میں قراءت سبعہ کی قراءت کی اور اس میں مہارت حاصل کی۔[2]

ابن اللایہ نے امام شاطبی کے لئے قراءتِ سبعہ میں تحریرا اجازت بھی دے رکھی تھی۔ اسی طرح قراءت کے علاوہ دوسرے علوم میں بھی اجازہ خاصہ اور بعد ازاں اجازہ عامہ دے رکھا تھا۔ آپ کے اجازہ کی تاریخ ربیع الآخر سن ۵۵۵ھ لکھی ہوئی تھی۔[3]

۱۵۔ ابو جعفر: احمد بن نفزی (پیچھے ان کا ذکر گزر چکا ہے) ان سے امام شاطبیؒ نے اپنے شہر شاطبہ میں قراءات کا علم لیا تھا۔[4]

۱۶۔ ابو محمد: عباس بن محمد بن عباس، ان سے صحیح مسلم کا سماع کیا۔[5]

ابن الجزریؒ نے ابن مسدیؒ (ت: ۶۶۳) سے نقل کیا ہے کہ امام شاطبی کے شیوخ میں سے ابو عبد اللہ: محمد بن احمد بن مسعود الازدی الشاطبی، جو ابن صاحب الصلاۃ (۵۴۲-۶۲۵) کے لقب سے مشہور ہیں، یہ نماز میں امام شاطبیؒ کے سامع تھے۔ ابن الجزریؒ کہتے ہیں: یہ ابن مسدی کو تسامح ہوا ہے، کیونکہ شاطبیؒ (۵۳۸) میں پیدا ہوئے ہیں اس طرح یہ ابن صاحب الصلاۃ سے چار سال بڑے ہوئے، اور امام شاطبی بچپن میں بہت قابل اور ذہین

---

[1] دیکھئے: التَّكْمِلَةُ لكتاب الصَّلَةِ ٤/٣٤، وَفَيَاتُ الأَعْيَانِ: ٤/٧١، الذَّيْلُ والتَّكْمِلَةُ: ٥/ق: ٢/٥٤٨، طَبَقَاتُ القُرَّاءِ: ٢/٦٧١، غاية النهاية: ٢/٢٨٨، الفتح المَوَاهِبِيُّ: ٤٣-٤٤.

[2] دیکھئے: فتح الوصید: ١/٨- ٣٩، التَّكْمِلَةُ لكتاب الصلة: ٤/٣٤، مُعْجَمُ الأدباء: ٥/٢٢١٧، إِنْبَاهُ الرُّوَاةِ: ٤/١٦٢، وَفَيَاتُ الأَعْيَانِ: ٤/٧١، الذيلُ والتَّكْمِلَةُ: ٥/ق: ٢/٥٤٨، كَنْزُ المَعَانِي للجَعْبَرِيِّ: ١/١٧٤، طَبَقَاتُ القُرَّاء: ٢/٦٧١، غاية النهاية: ٢/٢٠.

[3] دیکھئے: فتح الوصید: ١/٨-٣٩.

[4] دیکھیے: التكملة لكتاب الصلة: ٤/٣٤، الذيل والتكملة: ٥/ق: ٢/٥٤٨۔

[5] دیکھیے: الفتح المواهبی: ٤٣۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تھے، ایسا نہیں ہو سکتا کہ ابن صاحب الصلاۃ ان سے حفظ میں پہل کر گئے اور ان کو تلقین کرنا شروع ہو گئے، واللہ اعلم۔[1]

میں کہتا ہوں: اگر وہ امام شاطبی کو قرآن کی تلقین کرتے تھے تو اس کا مطلب ہے کہ اس وقت ان کی عمر کم از کم سات سال ہونی چاہیے، جبکہ اس وقت امام شاطبی گیارہ سال کے ہونگے، جو بہر حال قرآن میں ان سے زیادہ متقن ہوں گے، کیونکہ آپ کا حافظہ کافی مشہور تھا اور آپؒ بہت ذہین بھی تھے۔ بلکہ میرا خیال ہے کہ اس وقت آپ قراءات پڑھنا شروع ہو چکے تھے، کیونکہ قراءات سبعہ میں آپ کو ابن اللایہ سے حاصل کردہ اجازہ سترہ سال کی عمر میں ملا تھا۔

ابن الجزری اور امام قسطلانی رحمہما اللہ نے منفرد طور پر امام شاطبی کے اساتذہ میں ابو العباس بن طراز میل کا نام ذکر کیا ہے[2]، لیکن ان کے حالات مجھے معلوم نہیں ہو سکے۔

اسی طرح ابن الجزری اور قسطلانی نے ہی ان کے شیوخ میں ابو محمد: عبد اللہ بن ابی جعفر المرسی کا تذکرہ کیا ہے، جو کہ وہم ہے، کیونکہ یہ شیخ امام شاطبی کی ولادت سے تقریباً بارہ سال پہلے (۵۲۶ھ) میں فوت ہو چکے تھے۔[3]

6: تعلیمی ذمہ داریاں:

امام شاطبی مختلف علوم کی تدریس میں مصروف عمل ہو گئے، اور اس میں کوئی تعجب والی بات نہیں کیونکہ امام شاطبیؒ بکثرت علوم حاصل کیے تھے، امام نوویؒ فرماتے ہیں: ''اس زمانے میں مصر میں بکثرت محفوظات اور متعدد فنون میں مہارت رکھنے میں ان کی مثل کوئی نہیں تھا''۔[4]

---

[1] دیکھیے: غایۃ النہایہ: ۲/۸۸۔

[2] دیکھیے: غایۃ النہایہ: ۲/۲۰، الفتح المواہبی: ۴۳۔

[3] دیکھیے: تاریخ الاسلام، ۱۱/۴۴۸۔

[4] طبقات الفقہاء الشافعیۃ: ۲/۶۶۶۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آپؒ سے مروی ہے کہ آپ قرآن مجید کے علاوہ دیگر فنون کی تدریس سے رُک گئے تھے:

ابن عبد الملک رقمطراز ہیں: کہ "ان کی موجودگی میں ایک فقہی مسئلے پر بحث شروع ہوگئی، تو انہوں نے ایک نص بطور دلیل پیش کی اور کتاب طلب کی، اور حاضرین مجلس سے فلاں فلاں جگہ سے کتاب کھولنے کا مطالبہ کیا، آپ نے جس جگہ کی نشاندہی کی انہیں وہیں پر وہ عبارت مل گئی، انہوں نے حیرانگی سے پوچھا، کیا آپ فقہ کے بھی حافظ ہیں؟ تو امام شاطبیؒ نے فرمایا کہ اونٹ کے بوجھ برابر کتابیں مجھے یاد ہیں۔ چنانچہ لوگوں نے مطالبہ کیا کہ آپ کو تو پھر پڑھانا چاہیے، آپ نے فرمایا: کہ اندھوں کے لیے صرف قرآن کافی ہے۔[1]

میں کہتا ہوں کہ: امام شاطبیؒ سے مختلف فنون کی تدریس ثابت ہے جیسے کہ آگے بھی آرہا ہے، البتہ جو بات ان سے یہاں وارد ہوئی ہے شاید وہ اس لیے ہے کہ آپ سمجھتے تھے کہ لوگوں کو قرآن کی ضرورت زیادہ ہے، یا طلاب وغیرہ ان سے صرف قرآن کی تعلیم چاہتے تھے، دونوں وجوہات بھی ہو سکتی ہیں۔

1) شاطبہ میں آپؒ کی بطور مدرس تعیناتی:

قفطیؒ کا کہنا ہے کہ: "جوانی میں ہی انہیں قراءت قرآن اور قراءات میں بڑی مہارت حاصل ہوگئی تھی، اسی شہر میں لوگوں نے آپؒ پر قرآن پڑھا اور آپ سے بڑھاپے کی عمر کو پہنچنے سے پہلے بھرپور استفادہ کیا۔"[2]

مزید فرماتے ہیں: مجھے محیی بن سراقہ الشاطبی نے خبر دی کہ مجھے میرے والد نے فرمایا: میں نے شاطبہ میں ابو القاسم بن فیرّہ پر قرآن مجید کی قراءت کی۔[3]

امام الجنجالیؒ نے بھی شاطبہ میں ہی ان سے قراءات پڑھیں۔[4]

---

[1] الذیل والتکملة: ۵/ق: ۲/ ۵۴۹، وہاں پر یہ خبر باسند ہے۔

[2] انباہ الرواۃ: ۴/ ۱۶۰

[3] ایضاً۔

[4] دیکھیے: التکملة لکتاب الصلة: ۲/ ۲۸۲۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

امام شاطبیؒ نے شاطبہ میں بچپن میں ہی خطابت شروع کر دی تھی۔[1]

2) جامع عمرو بن العاص، قاہرہ میں تعیناتی:

قفطیؒ فرماتے ہیں: ''امام شاطبیؒ نے مصر کو اپنا وطن بنایا اور جامع عمرو بن العاص میں پڑھنے پڑھانے کی ذمہ داریاں سنبھالیں۔''[2]

آپؒ نے اس جامع میں کئی سال گزارے۔[3]

3) المدرسۃ الفاضلیۃ قاہرہ میں تعیناتی:

قفطی کہتے ہیں: ''امام شاطبیؒ نے مصر میں اقامت اختیار کی، اور جامع عمرو بن العاص میں پڑھنے پڑھانے کی ذمہ داریاں سنبھالیں، پھر آپؒ کو فاضل عبد الرحیم بن علی البیسانی نے اپنے مدرسے میں بھیج دیا جو کہ اس نے معزیہ، قاہرہ میں تعمیر کیا تھا، اس میں ان کے لیے مرکزی دروازے کے اندرون بائیں جانب ایک بڑا خوبصورت کمرہ تعمیر کیا گیا، آپ درس و تدریس کے لیے وہیں براجمان ہوتے تھے، اور آپ کے اہل و عیال کے لیے مدرسے سے باہر ایک اور گھر تعمیر کیا گیا، وفات تک آپ یہیں رہے، اللہ آپ پر رحمت فرمائے''۔[4]

---

[1] دیکھیے: وفیات الاعیان: ۴/۷۲۔ ہو سکتا ہے تب علماء کو اپنی مرضی کے خطبوں پر اتنا مجبور نہ کیا جاتا ہو، جتنا بعد میں حکمرانوں کی طرف سے کیا جانے لگا، جس کی وجہ سے بعد میں امام شاطبیؒ نے خطابت ترک کر دی، بلکہ اسی وجہ سے آپ نے مصر کی طرف رحلت کی، جیسے کہ پیچھے گزر چکا ہے۔

[2] انباہ الرواۃ: ۴/۱۶۰۔

[3] آپؒ یہیں پر رہے تا آنکہ فاضل عبد الرحیم بن علی البیسانی نے آپ کو (۵۸۸ھ) میں الفاضلیہ مدرسہ کی طرف منتقل کر دیا۔ دیکھیے: انباہ الرواۃ: ۴/۱۶۰، الفتح المواھبی: ۴۵۔

[4] انباہ الرواۃ: ۴/۱۶۰۔

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com

ابن خلکانؒ رقمطراز ہیں: کہ امام شاطبیؒ فاضل جج کے ہاں مہمان تھے انہوں نے آپ کو قاہرہ میں قرآن مجید، قراءات، نحو اور لغت کی درس و تدریس کے لیے ایک مدرسے میں تعینات کر دیا۔[1]

ابن الجزریؒ فرماتے ہیں: جب امام شاطبیؒ نے مصر میں قدم رنجا فرمایا، تو فاضل جج نے آپ کے مقام و مرتبے کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے خوب تکریم کی، اور اندرون قاہرہ، درب الملوخیہ میں قائم کردہ اپنے مدرسے میں آپ کو جگہ دی، بلکہ اس مدرسے کا انتظام و انصرام سارا آپ کے سپرد کر دیا، آپؒ مسند تدریس پر براجمان ہوئے تو ملک کے کونے کونے سے لوگ آپ کی طرف پڑھنے کے لیے آنے لگے۔[2]

ابن عبد الملک کا بیان ہے کہ آپؒ نے اپنے آخری ایام میں مدرسہ فاضلیہ میں قرآن پڑھانا ترک کر دیا تھا، اور دیگر فنون کی تدریس شروع کر دی تھی، جس پر تادم حیات قائم رہے۔[3]

ابن الأبار نے امام شاطبی کے شاگرد ابن خیرہ سے نقل کیا ہے: کہ امام شاطبیؒ نے قرآن مجید پڑھانا ترک کر دیا تھا اور عام تدریس شروع کر دی تھی۔[4]

ہو سکتا ہے کہ امام شاطبیؒ نے قرآن مجید کی تدریس کلّی طور پر ترک نہ کی ہو، البتہ دیگر فنون کی تدریس پر زیادہ دینا شروع کر دی ہو، اس کی دلیل یہ ہے کہ: آپؒ نے اپنے تلمیذ علی بن محمد التجیبی الشاطبی (ت:٦٢٦) کو اپنی وفات سے صرف دو سال قبل اجازہ دیا تھا، انہوں نے آپ سے قراءات سبعہ منفرد اور جماعت کے ساتھ دونوں طرح پڑھی تھی، ان کو ملنے والا اجازہ امام سخاویؒ کے خط سے سنہ (٥٨٨ھ) میں تھا۔[5]

---

[1] وفیات الاعیان: ٤/٧٢۔

[2] غایۃ النہایہ: ٢/٢٠-٢١۔

[3] الذیل والتکملۃ: ٥/ق: ٢/٥٥٠-٥٥١۔

[4] التکملہ لکتاب الصلہ: ٤/٣٥۔

[5] غایۃ النہایہ: ١/٥٧٦۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

7: تلامذہ:

پیچھے بیان ہو چکا ہے کہ امام شاطبیؒ نے تدریس شروع کر دی تھی اور آپ کی یہ تدریس مختلف فنون میں تھی، آگے آرہا ہے کہ امام شاطبیؒ نے صحیحین اور موطأ امام مالک کی مجالس سماع منعقد کر دی تھیں، لوگ ان کتابوں میں اپنے نسخوں کی سن کر تصحیح کرتے تھے، بوقت ضرورت آپ عمدہ نکات بھی لکھواتے تھے۔[1]

یہ صورت حال دیکھ کر ہر فن میں اپنا مقصود حاصل کرنے کے لیے لوگ / طلباء آپ کی طرف جوق در جوق آنے لگے، عوام وخواص کثیر تعداد میں طلباء آپؒ کے تلامذہ تھے:

ابن خلکان کا کہنا ہے کہ: آپ سے ایک خلق کثیر نے استفادہ کیا، دیار مصر میں آپؒ کے تلامذہ کی ایک بڑی تعداد سے میری ملاقات ہوئی۔[2]

امام نوویؒ فرماتے ہیں: اکابر اور اعیان کی ایک بڑی تعداد نے آپ سے پڑھا۔[3]

ابن عبد الملکؒ کا کہنا ہے کہ: امام شاطبیؒ سے اجازہ کے بعد خلق کثیر نے حدیث بیان کی۔[4]

قابل ذکر بات: اللہ تعالی نے آپؒ کے طلباء میں بڑی برکت فرمائی، میں سمجھتا ہوں کہ یہ آپؒ کی اصلاح نیت کی وجہ سے تھا، ابن الجزریؒ کہتے ہیں: اللہ تعالی نے آپ کی تصنیفات اور تلامذہ میں خوب برکت فرمائی، ہمارا نہیں خیال کہ آپ سے کسی نے علم حاصل کیا ہو اور وہ بارآور نہ ہوا ہو۔[5]

آپؒ کے کثیر طلباء میں سے جن کا مجھے علم ہو سکا ان کی فہرست ملاحظہ فرمائیں (ان کو تاریخ وفات کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے، جن کی تاریخ وفات نامعلوم ہے

---

[1] دیکھیے: فتح الوصید: ۱/ ۶۔

[2] وفیات الاعیان: ۴/ ۷۱-۷۲۔

[3] طبقات الفقهاء الشافعیه: ۲/ ۶۶۵-۶۶۶۔

[4] الذیل والتکمله: ۵/ق: ۲/ ۵۴۹۔

[5] غایة النهایه: ۲/ ۲۳۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

انہیں میں نے آخر میں رکھا ہے۔سب سے آخری طالب علم ابوالفضل :عبداللہ بن محمد الانصاری ہے اس لیے کہ یہ امام شاطبی کے تلامذہ میں سے سب سے آخر میں فوت ہوئے):

1. ابوعبداللہ: محمد بن عبدالرحمن بن محمد الرعینی السرقسطیؒ (ت:۵۹۸)۔[1]
2. ابوعبداللہ: محمد بن قاسم بن عبدالرحمن بن عبدالکریم التمیمی الفاسیؒ (ت:۶۰۳ یا ۶۰۴)۔[2]
3. ابوعبداللہ: محمد بن یحی بن علی اللّٰخمیؒ الشاطبیؒ الجنجالی(۶۰۷ھ میں یہ زندہ تھے)انہوں نے امام شاطبیؒ سے مصر کی طرف کوچ کرنے سے پہلے قراءات پڑھیں تھیں۔[3]
4. ابوزکریا: یحی بن ابی علیؒ الزواویؒ (ت:۶۱۱)۔[4]
5. ابوالحسن: علی بن محمد بن موسی التجیبی الشاطبی، جمال الدین(ت:۶۲۶)، آپ نے امام شاطبیؒ سے قراءات سبعہ پڑھی، شاطبیہ اور عقیلہ کا سماع کیا اور سنہ (۵۸۸) میں اجازہ حاصل کیا، جو کہ امام سخاویؒ کے خط میں موجود ہے۔[5]
6. ابوالحسن: علی بن صالح القلینی(ت:۶۲۶)۔[6]
7. ابوعبداللہ: محمد بن عمر بن حسین الکردی، زین الدین الکردی(ت:۶۲۸)انہوں نے امام شاطبی سے قراءات اور شاطبیہ پڑھے تھے۔[7]

---

[1] دیکھیے: الذیل والتکملہ:۶/۳۶۴۔

[2] دیکھیے: التکملہ لکتاب الصلہ:۲/۳۸۳، سلوۃ الانفاس:۳/۴۳۳۔

[3] التکملہ لکتاب الصلہ:۲/۲۸۲۔

[4] عنوان الدرایہ: ۱۳۱۔

[5] تاریخ الاسلام:۱۳/۸۱۷، غایۃ النہایہ:۱/۲، ۲۲۰/۵۷۶۔

[6] الذیل علی الروضتین:۱۵۸۔

[7] طبقات القراء:۲/۶۲۷، غایۃ النہایہ:۲/۲۱۶۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

8. ابو عبد اللہ: محمد بن عمر بن یوسف الانصاری القرطبی (ت:۶۳۱) انہوں نے امام شاطبیؒ سے قراءات اور شاطبیہ پڑھے اور العقیلہ کا سماع کیا۔[1]

9. ابو العباس: احمد بن محمد بن احمد اللخمیؒ السبتیؒ العزفی (ت:۶۳۳) نے امام شاطبیؒ سے بالاجازہ روایت بیان کی ہے۔[2]

10. ابو طاہر: محمد بن عبد الرحمن الجابری، المحلّی (ت:۶۳۳)۔[3]

11. ابو الحسن؛ علی بن احمد بن عبد اللہ البلنسی، ابن خیرہ (ت:۶۳۴) انہوں نے امام شاطبیؒ سے قراءات اور شاطبیہ پڑھی۔[4]

12. ابو بکر: محمد بن محمد بن وضاح اللخمی الشقری الاندلسی (ت: ۶۳۴) انہون نے امام شاطبی سے قراءات اور شاطبیہ پڑھی، اور جمادی الآخر سنہ (۵۸۱) میں امام شاطبی سے ان کی مرویات اور تصنیفات کا اجازہ حاصل کیا۔[5]

---

[1] طبقات القراء: ۲/۷۶۲، غایۃ النہایہ: ۲/۲۱۹۔

ابن الجزریؒ کہتے ہیں: امام شاطبیؒ سے مکمل الرائیہ کسی نہیں سنا سوائے ان کے اور التجیبی کے، الرائیہ میں کچھ ایسے اشعار ہیں جو صرف ان سے ہی مروی ہیں، اسی طرح شاطبیہ میں بھی دو اشعار ہیں: ایک سورہ بقرہ اور دوسرا الرعد میں۔ غایۃ النہایہ: ۲/۲۲۰۔

میں کہتا ہوں: کہ شاطبیہ میں جو دو منفرد اشعار ہیں ان کی میں نے تعلیق میں نشاندہی بھی کی ہے، یہ دونوں اشعار: ۴۶۱ اور ۷۹۵ ہیں۔

[2] الذیل و التکملہ: ۵/ق: ۲/۵۴۹۔

[3] الذیل علی الروضتین: ۱۶۳-۱۶۴۔

[4] برنامج التجیبی: ۴۲، غایۃ النہایہ: ۱/۵۲۰۔

[5] التکملہ لکتاب الصلہ: ۲/۳۴۴، برنامج التجیبی: ۴۰، طبقات القراء: ۲/۷۴۲، غایۃ النہایہ: ۲/۲۵۷، ۲۳۔ امام ذہبیؒ نے نقل کیا ہے کہ انہوں نے امام شاطبی سے قراءات سبعہ پڑھی، جبکہ ابن الجزری نے بالجزم ذکر کیا ہے کہ انہوں نے بعض قراءات پڑھی تھیں، لیکن امام ذہبی کا قول راجح لگتا ہے، کیونکہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

13. ابوالحجاج یوسف بن ابی جعفر بن عبدالرزاق الانصاری البغدادی مکین الدین(۶۳۸ھ کے بعد فوت ہوے)انہوں نے امام شاطبیؒ سے شاطبیہ کا سماع کیا۔[1]

14. ابوالقاسم عبدالرحمن بن اسماعیل بن احمد الازدی التونسی،ابن الحداد (ت: ۶۴۰ھ تقریباً)انہوں نے امام شاطبی سے شاطبیہ اور قراءات پڑھیں۔[2]

15. ابوجعفر ھبۃ اللہ بن محمد بن عبدالوارث الانصاری،ابن الازرق،یہ ابوالفضل عبداللہ کے بڑے بھائی ہیں (ت: ۶۴۰ تقریباً)،انہوں نے امام شاطبیؒ سے شاطبیہ روایت کی۔[3]

16. ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالصمد الھمدانی السخاوی المصری،علم الدین (ت:۶۴۳)،انہوں نے امام صاحب سے قراءات پڑھیں اور ان میں خوب اتقان حاصل کیا،اسی طرح شاطبیہ کے ساتھ ساتھ آپؒ سے متعدد بار صحیح مسلم اور اس کی شرح کا سماع بھی کیا،آپؒ سے موانع الصرف کے اشعار بھی سنے ، امام شاطبیؒ کی شاگردی میں نحو اور لغت میں خوب اتقان حاصل کیا انہوں نے لمبے عرصے تک امام شاطبیؒ کی ملازمت اختیار کی اوران سے بہت زیادہ علوم سیکھے، آپ کا شمار امام شاطبیؒ کے جلیل القدر تلامذہ میں ہوتا ہے۔[4]

انہوں نے یہ بات امام حافظ مسدی(ت:۶۶۳) ۔جو ابن وضاح کے ہم عصر تھے۔ سے نقل کی ہے۔طبقات القراء:۲/۲۴۲،غایۃالنھایہ:۲/۲۳۔

[1] برنامج التجیبی:۴۲،طبقات القراء:۲/۷۸۴،غایۃالنھایہ:۲/۳۹۵۔

[2] التکملۃلکتاب الصلۃ:۳/۱۹۱،تاریخ الاسلام:۱۴/۳۲۱،غایۃالنھایہ:۱/۳۶۶،۲/۲۳۔

[3] غایۃالنھایہ:۲/۳۵۲۔

[4] معجم الادباء:۵/۱۹۶۳،فتح الوصید:۱/۶۰،۵۴،انباہ الرواۃ:۲/۳۱۱-۳۱۲،ابراز المعانی:۱/۱۰۸،ملء العیۃ: ۱۷۵/۵-۱۸۳،۱۸۲،۱۷۶، طبقات القراء:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

17. ابو العباس احمد بن عبد الرحیم بن علیؒ المصری، القاضی الاشرف، ابن الفاضل، مدرسہ فاضلیہ کے بانی (ت:۶۴۳) انہوں نے آپؒ سے قرآن پڑھا تھا۔[1]

18. ابو محمد عبد اللہ بن ابراہیم بن سعید الریغی، جمال الدین (ت:۶۴۵) انہوں نے امام شاطبیؒ سے موطا امام مالک بروایت یحی بن یحی اللیثی کا سماع کیا۔[2]

19. ابو عمرو عثمان بن عمر بن ابی بکر الدونی الاسنانی، ابن الحاجب (ت:۶۴۶) انہوں نے امام شاطبی سے التیسیر اور شاطبیہ کے سماع کے ساتھ ساتھ بعض قراءات بھی لیں۔[3]

20. ابو القاسم عیسی بن ابی الحرم مکی بن حسین العامری المصری، سدید الدین (ت:۶۴۹) قراءات اور شاطبیہ پڑھی۔[4]

21. ابو الحسن علی بن ھبۃ اللہ بن سلامہ اللخمیؒ المصری، ابن الجمّیزی یا ابن ابنۃ الجمیزی (ت:۶۴۹) قراءات اور شاطبیہ پڑھی۔[5]

22. آپ کا بیٹا: ابو عبد اللہ محمد، لقب جمال الدین (ت:۶۵۵)، انہوں نے اپنے والد سے شاطبیہ سورہ (ص) تک سماعاً روایت کیا اور بقیہ حصہ اجازتاً۔[6]

۲/۷۴۹ النشر: ۱/۶۲، غایۃ النھایہ: ۱/ ۵۶۹-۵۷۰، ۲/۲۳، الفتح المواھبی: ۶۷-۶۹، اس میں وہ عبارت بھی موجود ہے جس میں امام شاطبی نے انہیں اجازہ دیا تھا۔

[1] تاریخ الاسلام: ۱۴/۴۳۳۔

[2] تاریخ الاسلام: ۱۴/۵۱۷، ذیل التقیید: ۲/۴۱۱۔

[3] طبقات القراء: ۲/۷۷۰، ۷۷۱، غایۃ النہایہ: ۱/۵۰۸۔

[4] طبقات القراء: ۲/۷۷۲، غایۃ النہایہ: ۱/۶۱۴۔

[5] برنامج التجیبی: ۱۰، طبقات القراء ۲/۷۷۱، غایۃ النہایہ ۱/۵۸۳۔

[6] تاریخ الاسلام: ۱۴/۷۸۹، غایۃ النہایہ: ۲/۲۳۰۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

23. ابو الحسن علی بن شجاع بن سالم الھاشمی المصری، جو کہ الکمال الضریر، داماد شاطبی اور ابن الفوارس (ت:٦٦١) کے نام سے مشہور ہیں، انہوں نے امام شاطبیؒ سے قراءات سبعہ فرداً فرداً انیس بار پڑھی سوائے روایت لیث عن کسائی کے، پھر قراءات سبعہ اکٹھی بھی پڑھنا شروع کی لیکن سورہ احقاف تک پہنچے تھے کہ امام شاطبیؒ وفات پا گئے، لیکن مشہور یہی ہے کہ انہوں نے امام شاطبیؒ سے مکمل قراءت سبعہ پڑھ لی تھی۔[1]

اسی طرح انہوں نے امام شاطبیؒ پر دو مرتبہ شاطبیہ کی قرآت کی، ایک دفعہ دروس کی شکل میں، اور دو بار سماع کے بعد اجازہ بھی حاصل کیا، ایسے ہی کتاب التیسیر میں بھی سماع کے بعد کئی بار اجازہ حاصل کیا۔[2]

24. ابو الذِکر مرتضی بن العفیف: جماعہ بن عبّاد بن جابر، ابن الخشاب، اس نے امام صاحبؒ سے قراءات اور شاطبیہ پڑھیں۔[3]

25. ابو القاسم عبد الرحمن بن سعید بن عبد اللہ الشافعی، اس نے بھی امام شاطبیؒ سے قراءات اور شاطبیہ پڑھیں۔[4]

---

[1] ابن الجزریؒ فرماتے ہیں: ہمارے اکثر ائمہ کرام بلکہ تمام ہی اس میں سے کچھ بھی مستثنی نہیں کرتے بلکہ مطلق طور پر کہتے ہیں کہ انہوں نے امام شاطبی سے مکمل قراءات پڑھیں، یہی بات اقرب ہے۔ (النشر: ١/٦٣)،

قلت: مطلق قول والے ائمہ میں سے الکمال کے شاگرد ابن الصائغ (ت:٧٢٥) ہیں، دیکھیے: شاطبیہ کا نسخہ قونویہ: ل: ١/ب۔

[2] طبقات القراء: ٢/٧٨٠، نسخة القونویۃ من الشاطبیہ: ل: ١/ب، الجواھر النضید: ١/١٣٧، النشر: ١/٦٣، غایۃ النھایہ: ١/٥٤٥۔

[3] غایۃ النھایہ: ٢/٢٣، ٢٩٣۔

[4] الذیل والتکملہ: ٥/ق: ٢/٥٤٩، طبقات القراء: ٦/٢/٧٧٢، ٧٩٣، غایۃ النھایہ: ٢/٢٣، طبقات القراء الی عبد الصمد کے بعض طبعات میں اس کے نام میں تصحیف واقع ہوئی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

26. ابوزید عبدالرحمن بن عبداللہ بن مطرّف النفزیؒ الشاطبیؒ، اس نے امام صاحبؒ سے قراءات پڑھیں۔[1]

27. ابو محمد عبداللہ بن ابراہیم بن محمود الجزریؒ، اس نے امام صاحبؒ سے روایتِ حفص پڑھی۔[2]

28. ابو عبداللہ محمد بن احمد بن الحسن السجزی، فخر الدین، انہوں نے امام صاحبؒ سے روایت کیا ہے۔[3]

29. ابوعبداللہ محمد بن سعدون بن تمام الازدی الانصاری القرطبی، کہا جاتا ہے کہ اس نے بھی امام صاحبؒ پر قراءت کی۔[4]

30. ابو موسیٰ عیسیٰ بن یوسف بن اسماعیل المقدسی، اس نے قراءات اور شاطبیہ پڑھے۔[5]

31. سراقہ الشاطبی: اس نے شاطبہ میں امام شاطبیؒ سے قرآن مجید پڑھا۔[6]

32. ابوعبداللہ محمد بن یوسف بن عمر القرطبی، اس نے امام صاحبؒ سے شاطبیہ کا سماع کیا۔[7]

---

[1] الحلل السندسیہ: ۳/۲۷۷، منقول عن ابن الابار۔

[2] محمد بن محمود بن محمد السمرقندی نے اس کے طریق سے روایتِ حفص عن شاطبی کی سند ایک صفحہ میں ذکر کی ہے، جو کہ شرح الفاسی علی الشاطبیہ کے ساتھ ملحق ہے، مکتبہ نور عثمانیہ: ۷۵۔

[3] الذیل والتکملہ: ۵/ق: ۲/۵۴۹۔

[4] غایۃ النہایہ: ۲/۱۴۲۔

[5] الذیل والتکملہ: ۵/ق: ۲/۵۴۹، طبقات القراء: ۲/۶۷۲، غایۃ النہایہ: ۲/۲۳۔

[6] انباہ الرواۃ: ۴/۱۶۰۔

[7] کنز المعانی للجعبری: ۲/۳۷، غایۃ النہایہ: ۱/۳۸۷، میرے خیال میں صحیح نام محمد بن عمر بن یوسف ہے، اور الکنز اور الغایہ کے نسخوں میں یہاں تصحیف ہوئی ہے یا الجعبری سے یہاں قلمی خطا سرزد ہوئی کہ انہوں نے یوسف کو عمر سے مقدم کر دیا، اور پھر امام جزری نے بھی ان کی پیروی میں یہی خطا کی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

33. ابو الفضل عبد اللہ بن محمد بن عبد الوارث الانصاری المصریؒ، جو کہ ابن الازرق، ابن فار اللبن اور مصحف الدھب (ت:۶۶۴) کے قاری کے نام سے معروف ہیں، اس نے امام شاطبیؒ سے بعض قراءات پڑھیں اور شاطبیہ کا سماع اور قراءت کی، یہ امام شاطبیؒ سے روایت لینے والے سب سے آخری ہیں۔[1]

8- امام شاطبیؒ کا فقہی مذہب:

امام نووی، سبکی، الإسنویؒ اور ابن قاضی شُھبہ رحمہم اللہ نے امام شاطبی کو طبقات شافعیہ میں ذکر کیا ہے،[2] اور ابن فرحون اور ابن مخلوف نے انہیں طبقات مالکیہ میں شمار کیا ہے۔[3]

قسطلانیؒ کہتے ہیں: احتمال ہے کہ یہ مالکی تھے پھر انہوں نے شافعی مذہب اختیار کر لیا۔[4]

ظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ امام قسطلانیؒ کی بات درست ہے، امام شاطبیؒ اندلس میں سکونت کے دوران ابتداء میں مالکی تھے، کیونکہ اس علاقے کے اکثر علماء کا یہی مذہب تھا، پھر جب آپؒ مصر منتقل ہوگئے تو وہاں پر چونکہ عام مذہب شافعی تھا اس لیے آپؒ نے بھی یہی مذہب اختیار کر لیا۔

8: علمی مقام و مرتبہ اور علماء کی طرف سے تعریفی کلمات:

ذیل میں امام شاطبیؒ کے بارہ میں علماء کی طرف سے کہے گئے تعریفی کلمات درج ہیں جن سے آپؒ کے عمدہ اخلاق اور علمی مقام و مرتبہ کا بھی اندازہ ہوتا ہے:[5]

---

[1] دیکھیے: طبقات القراء: ۲/۷۸۵، الجوھر النضید: ۱/۱۳۷، غایۃ النھایہ: ۱/۴۵۲-۴۵۳، ۲/۲۳۔

[2] طبقات الفقھاء الشافعیہ: ۲/۶۲۵، طبقات الشافعیہ الکبری: ۷/۲۷۰، طبقات الفقھاء الشافعیین: ۲/۷۲۲، طبقات الشافعیۃ للاسنوی: ۲/۲۷۲ اور طبقات الشافعیہ لابن قاضی شھبہ: ۲/۴۳۔

[3] الدیباج المذھب: ۲/۱۴۹، شجرۃ النور الزکیہ: ۱/۱۵۹۔

[4] الفتح المواھبی: ۴۹۔

[5] یہ اقوال ان کے قائلین کی تاریخ وفات کے اعتبار سے ترتیب دیے گئے ہیں۔ اگر متاخرین میں سے بھی کسی کا اسی طرح کا قول ہے تو اسے میں نے متقدمین کے قول پر اکتفاء کرتے ہوئے حذف کر دیا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یاقوت الحمویؒ (ت:۶۲۶) کا قول ہے: امام شاطبیؒ علم نحو، قراءت اور تفسیر میں خاص مقام رکھنے والے قول کے سچے اور عمل کے پکے صالح انسان تھے۔[1]

امام شاطبیؒ کے سب سے جلیل القدر شاگرد سخاویؒ (ت:۶۴۳) فرماتے ہیں: امام شاطبیؒ شیخ، امام، حفاظ و قراء میں سے صاحب شرف، کبار اور زھاد میں سے اللہ کی نشانی تھے۔[2] اور مزید فرماتے ہیں کہ میں نے سیّد العلماء ابو القاسم سے پڑھا ہے۔[3]

امام شاطبیؒ قرآن مجید، قراءات اور تفسیر کے عالم ہونے کے ساتھ ساتھ حدیث رسول ﷺ کے بھی بہت ماہر عالم تھے، بخاری، مسلم اور موطا کی جب آپؒ پر قراءت کی جاتی تو آپ اپنے حافظے سے ان کے نسخوں کی تصحیح کرایا کرتے تھے، اور حسب ضرورت قیمتی نکات بھی لکھواتے تھے۔ آپ کو علم النحو، عربی اور علم الرؤیا میں بھی خوب مہارت تھی، بڑے مقاصد کے حصول کے لیے ہر دم تیار رہتے، آپؒ کے اقوال و افعال سے اخلاص چھلکتا تھا۔ آپ فضول باتوں سے پرہیز کرنے والے کم گو انسان تھے، صرف بوقتِ ضرورت کلام کرتے، اچھی وضع قطع والے نفیس الطبع انسان تھے ہمیشہ غسل کرنے کے بعد بڑے خشوع و خضوع کے ساتھ مجلس قراءت میں بیٹھتے، اور شارکین مجلس کو علم اور قرآن کے علاوہ دیگر باتوں میں مشغول ہونے سے منع کرتے، آپؒ شدید بیماری کے باوجود آہ و پکار یا شکوہ و شکایت نہیں کرتے تھے، جب بھی آپؒ سے حال احوال معلوم کیا گیا آپ نے ہمیشہ عافیت کا اظہار کیا اس کے علاوہ کبھی کچھ نہ کہا۔ کوئی اجنبی بھی آپ کی مجلس میں بیٹھتا تو اسے یہ شک تک نہ گزرتا کہ آپؒ نابینا ہیں، کیونکہ آپ مجلس میں بڑی مہارت کے ساتھ بیٹھتے اور کوئی ایسی حرکت نہ کرتے جیسے کہ نابینا انسان کرتا ہے۔[4]

---

[1] معجم الادباء: ۵/۲۲۱۶۔

[2] فتح الوصید: ۱/۴۔

[3] جمال القراء: ۱:۶۴۱۔

[4] فتح الوصید: ۱/۶، ۷، طاہری کی تحقیق سے مطبوعہ نسخے میں لفظ "یبصر" میں تصحیف "لایبصر" واقع ہوئی ہے جسے میں نے مخطوط "چسٹر بیٹی بل: ۱/ب، میں درست کر دیا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

امام آجریؒ (ت:۳۶۰) فرماتے ہیں: ایک عقلمند مومن جب قرآن مجید کی تلاوت کرتا ہے تو قرآن اس کے سامنے آئینے کی مانند ہوتا ہے جسے دیکھ کر وہ اپنے اچھے برے افعال کا موازنہ کر سکتا ہے، جن چیزوں سے اسے اس کے رب نے منع کیا ہوتا ہے وہ ان سے بچتا ہے اور جن چیزوں سے اپنے عذابوں کی وجہ سے ڈرایا ہوتا ہے وہ ان سے ڈر جاتا ہے، اور جن چیزوں میں رغبت دلائی ہوتی ہے وہ ان میں رغبت کرتا ہے اور ان پر عمل پیرا ہوتا ہے۔[1]

مزید رقمطراز ہیں: کہ ہمارے شیخ ابو القاسم الشاطبیؒ مذکورہ تمام یا شاید ان سے بھی زیادہ اوصاف کے مالک تھے۔[2] آپؒ ہمیشہ باوضو مجلس میں بیٹھتے تھے، ہمیں اس کا اندازہ یوں ہے کہ آپ صبح کے وضو سے ہی ظہر کی نماز بھی اداء کیا کرتے تھے۔[3]

قفطیؒ (ت:۶۴۶) کہتے ہیں: آپؒ نے جوانی میں ہی قراءت قرآن اور قراءات میں خوب مہارت حاصل کر لی تھی، بڑی عمر کو پہنچنے سے پہلے ہی اہل علاقہ نے آپ سے پڑھنا اور استفادہ کرنا شروع کر دیا تھا۔[4]

امام منذریؒ (ت:۶۵۶) فرماتے ہیں: آپؒ بہت زیادہ فنون کے عالم اور حافظ ہونے کے ساتھ المقرئ، الفقیہ اور النحوی بھی تھے۔[5]

ابن الابار (ت:۶۵۸) کہتے ہیں: مصر میں سکونت کے دوران آپؒ نے مجلس اقراء قائم کی، آپؒ کی شان و شہرت دور تک پھیل گئی، اس فن میں سرداری کا سہرا آپؒ کے سر سجا، لوگوں نے آپؒ سے علم حاصل کیا، آپؒ اھل تجوید و تعلیل اور علم قراءات کے ماہرین و حفّاظ میں سے محقق قارئ تھے۔ مزید فرماتے ہیں: مجھے ابو الحسن بن خیرہ الخطیب[6]- جو کہ ان

---

[1] اخلاق اھل القرآن للآجری: ۸۰-۸۱۔

[2] جمال القراء: ۲۰۶۔

[3] جمال القراء: ۵۷۸، اس میں دلیل ہے کہ آپؒ تعلیم کے معاملے میں کس قدر سنجیدہ اور پُر عزم تھے۔

[4] انباہ الرواۃ: ۴/ ۱۶۰۔

[5] التکملہ لوفیات النقلہ: ۱/ ۲۰۷، ۲۰۸۔

[6] امام شاطبیؒ کے تلامذہ میں اس کا تذکرہ گزر چکا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دنوں مرسیہ میں تھے- نے بیان کیا کہ امام شاطبیؒ مجلس اقراء ترک کر کے تدریس کی طرف مائل ہو گئے تھے، اور اس نے امام شاطبیؒ کے قوت حفظ کو بڑے انوکھے انداز سے بیان کیا۔[1]

ابو شامہؒ (ت:٦٦٥) فرماتے ہیں: ہمیں ہمارے شیخ ابو الحسن علی بن محمد (السخاویؒ) نے بیان کیا کہ امام شاطبی کا اپنے علاقے سے دیارِ مصر منتقل ہونے کا سبب یہ تھا کہ آپ کو مجبوراً منصبِ خطابت پر مامور کیا جا رہا تھا؛ آپؒ نے یہ عذر بنایا کہ مجھ پر حج فرض ہو چکا ہے، اور میں حج پر جانا چاہتا ہوں، چنانچہ آپ نے اس علاقے کو چھوڑ دیا اور دوبارہ واپس نہ گئے، آپؒ کے منصب خطابت سے اعراض کی وجہ یہ تھی کہ امراء کی طرف سے بعض چیزیں خطباء پر بَرسرِ منبر بیان کرنا لازم تھیں، جنہیں آپؒ شرعاً جائز نہ سمجھتے تھے۔ آپؒ نے شدید فقر کی حالت میں بھی بہت زیادہ صبر کا مظاہرہ کیا۔ آپؒ قاہرہ پہنچے تو وہاں کے فاضل قاضی نے آپ سے اپنے مدرسے میں پڑھانے کا مطالبہ کیا، جسے آپؒ نے اخراجات سے متعلق بعض شروط طے کرنے کے بعد قبول کر لیا۔[2]

امام نوویؒ (ت:٦٧٦) فرماتے ہیں: امام شاطبیؒ مجوّد قراء، مشہور علماء اور اللہ سے ڈرنے والے صلحاء میں سے ایک تھے، بڑے بڑے اعیان نے آپؒ سے پڑھا، اس زمانے میں متعدد فنون میں مہارت اور حافظے میں مصر میں آپؒ کی مثل کوئی نہیں تھا۔[3]

ابن خلّکانؒ (ت:٦٨١) فرماتے ہیں: امام شاطبیؒ علم نحو و لغت میں یکتائے زمانہ تھے، اپنے علاقے میں نو عمری کے باوجود خطابت جیسی اہم ذمہ داری ادا کرتے رہے، آپؒ ٥٧٢ھ میں مصر میں داخل ہوئے، مصر میں داخلے کے وقت آپ کہ رہے تھے: کہ انہیں اونٹ کے بوجھ برابر علوم حفظ ہیں، اس طرح کہ اگر ایک ورقہ بھی اس پر مزید لاد دیا جائے تو وہ اسے اٹھا نہ سکے۔[4]

---

[1] التکملہ لکتاب الصلہ: ٣٥/٤۔

[2] الذیل علی الروضتین: ٧۔

[3] طبقات الفقہاء الشافعیہ: ٦٦٥/٢-٦٦٦۔

[4] وفیات الاعیان: ٧١/٤، ٧٢۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ابن عبد الملک (ت:۷۰۳) کہتے ہیں: امام شاطبیؒ جلیل القدر ائمہ قراء کرام میں سے تھے آپ کو بہت زیادہ علوم حفظ تھے، علم تفسیر کے ماہر محدّث، ثقہ راوی، متبحّر فقیہ، لغت عرب اور ادب میں مہارت رکھنے والے عمدہ شاعر، اعلیٰ معبّر، دیندار، صاحب فضل و کمال، اپنے آپ کا محاسبہ کرنے والے، اقوال وافعال میں اخلاص کے پیکر اور صاحب کرامات شخصیت تھے۔[1]

جعبریؒ (ت:۷۳۲) فرماتے ہیں: امام شاطبیؒ علوم قرآن میں امام، متبع کتاب اللہ، عربی اصول میں متقن، مرجع خلائق محدّث، صاحب بصیرت اور اپنی زبان کی حفاظت کرنے والے انسان تھے۔[2]

امام ذہبیؒ (ت:۷۴۸) فرماتے ہیں: امام شاطبیؒ کثیر فنون میں ماہر، بے مثال، قراءات کے امام، حافظ حدیث، عربی کے ماہر اور وسیع علوم کی مالک شخصیت تھے، زھد وورع، عبادت گزاری اور گوشہ نشینی آپؒ کی اہم صفات تھیں۔[3]

امام ذہبیؒ کا ہی قول ہے کہ آپؒ شیخ، امام، عالم باعمل، قدوہ، سیّد القراء، ذہین وفطین تھے، فن قراءات، رسم، نحو، فقہ، حدیث وغیرہ میں یدِ طولی رکھتے تھے۔ نظم وضبط، ورع و تقوی، للّٰہیت اور وقار آپؒ کی شخصیت کے اہم اوصاف تھے۔[4]

امام صفدیؒ (ت:۷۶۴) فرماتے ہیں: امام شاطبیؒ امام، عظیم محقق، وسیع حافظے کے مالک ذہین وفطین، کثیر الفنون، علم قراءات وعلل کے ماہر، حافظ الحدیث اور عربی کے ماہر استاد تھے، نحو اور لغت میں آپ امام زمانہ تھے۔[5]

---

[1] الذیل والتکملہ: ۵/ق: ۲/۵۴۹، ۵۵۰۔

[2] کنز المعانی: ۱/۱۷۲۔

[3] طبقات القراء: ۲/۶۷۱، ۶۷۲۔

[4] سیر اعلام النبلاء: ۲۱/۲۶۱، ۲۶۲۔

[5] نکت الھمیان: ۲۲۸۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عبدالوھاب السبکیؒ(ت:۷۷۱) فرماتے ہیں: امام شاطبیؒ فطرتی طور پر بہت ذہین، مضبوط حافظے کے مالک اور بہت زیادہ فنون کے حافظ تھے۔[1]

حافظ ابن کثیرؒ(ت:۷۷۴)فرماتے ہیں:امام شاطبیؒ دیندار،اللہ سے ڈرنے والے،عبادت گزار اور پروقار شخصیت کے مالک کم گو انسان تھے۔[2]

ابن الجزریؒ(ت:۸۳۳)فرماتے ہیں: امام شاطبیؒ کبار علماء میں سے مشہور شخصیت،بڑے امام، عجیب و غریب حافظے کے مالک،کثیر الفنون،آیۃ من آیات اللہ، قراءات میں امام،حافظ الحدیث،امام لغت و ادب تھے۔ ہمارے بعض قابل اعتماد شیوخ نے اپنے اساتذہ کے توسط سے ہمیں خبر دی کہ امام شاطبیؒ فاضلیہ میں فجر کی نماز علی الصبح ادا کرنے کے بعد مجلس قراءت میں بیٹھ جاتے اور رات گئے تک لوگوں کا تانتا بندھا رہتا۔اللہ تعالی نے آپؒ کی تصنیف اور تلامذہ میں اتنی برکت رکھی تھی کہ ہمارا نہیں خیال کہ کسی نے آپ سے پڑھا ہو اور اسے قبولِ عام نہ حاصل ہوا ہو۔[3]

امام مقریؒ (ت:۱۰۴۱) فرماتے ہیں: امام ابوالقاسم الشاطبیؒ ان علماء میں سے تھے جنہوں نے اندلس سے مشرق کا سفر کیا،اہل مغرب و مشرق میں سے ہر ایک نے ان کی امامت وعلمیت کی گواہی دی۔[4]

مختلف فنون علمیہ کی ماہر شخصیت ہونے کی حیثیت سے کتب طبقات امام شاطبیؒ کے تذکرے سے خالی نہیں ہیں، چنانچہ امام ذھبیؒ اور امام ابن الجزریؒ نے آپ کو طبقات القراء میں شمار کیا ہے،[5] امام ذھبی نے آپ کا تذکرہ طبقات الحفاظ[6] میں اور داوودیؒ نے طبقات المفسرین میں کیا ہے[7]۔اسی طرح امام نووی، سبکی، ابن کثیر، اِسنوی، ابن قاضی شھبہ، ابن

---

[1] طبقات الشافعیہ الکبری:۷/۲۷۲۔

[2] البدایہ والنہایہ:۱۶/۶۶۶۔

[3] غایۃ النہایہ:۲/۲۰، ۲۱، ۲۳۔

[4] نفح الطیب:۲/۲۲۔

[5] طبقات القراء:۲/۶۷۱، غایۃ النہایہ:۲/۲۰۔

[6] المعین فی طبقات المحدثین:۱۸۱۔

[7] طبقات المفسرین:۲/۴۳۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فرحون، اور ابن مخلوف نے آپؒ کو طبقات الفقہاء میں شمار کیا ہے،[1] امام قفطیؒ اور سیوطیؒ نے امام شاطبی کو نُحات[2] اور یاقوت الحموی نے ادباء کے طبقہ میں رکھا ہے۔[3]

9: تالیفات:

ترتیب حروف تہجی کے اعتبار سے:

1- ابیات لامیہ، غیر منصرف کے بارہ میں یہ چار اشعار ہیں۔[4]

2- ابیات میمیہ، ظاءاتِ قرآنیہ میں یہ چار اشعار ہیں۔[5]

3- شاطبیہ میں امام سخاوی کے لیے اجازہ، شعبان سنہ ۵۸۴ھ کے اواخر میں ابن الحاجب کے ہاتھ سے لکھا ہوا ہے۔[6]

4- کتاب التیسیر میں امام سخاوی اور ابن حاجب کے لیے اجازہ۔[7]

5- علی بن محمد التجیبی الشاطبی (ت:۶۲۶) کو دیا گیا اجازہ، اس نے امام شاطبی سے قراءات سبعہ پڑھی اور ان سے شاطبیہ کا سماع کیا، یہ اجازہ سنہ ۵۸۸ھ میں امام سخاویؒ کے خط سے لکھا ہوا ہے۔[8]

6- حرز الامانی ووجہ التہانی، یہی قصیدہ ہے جس پر مزید کلام آگے آرہی ہے۔

7- عقیلۃ أتراب القصائد فی أسنی المقاصد[9]، رسم المصاحف میں یہ بہت عمدہ قصیدہ ہے، یہ ۲۹۸ اشعار ہیں۔

---

[1] طبقات الفقهاء الشافعيه:۲/۶۶۵، طبقات الشافعيه الكبرى: ۷/۲۷۰، طبقات الفقهاء الشافعيين :۲/۷۲۲، طبقات الشافعية للإسنوى:۲/۲۷، طبقات الشافعية لابن قاضى شهبه:۲/۴۳، الديباج المذهب:۲/۱۴۹، شجرة النور الذكية: ۱/۱۵۹۔

[2] انباه الرواة:۴/۱۶۰، بغية الوعاة:۲/۲۶۰۔

[3] معجم الادباء:۵/۲۲۱۶۔

[4] فتح الوصيد: ۱/۵۴، انباه الرواة:۴/۱۶۲، كنز المعانى: ۱/۱۷۳، الفتح المواهبى:۷۸۔

[5] ایضا۔

[6] الفتح المواهبى:۶۷-۶۹۔

[7] طبقات القراء:۲/۶۷۱۔

[8] غاية النهاية: ۱/۵۷۶۔

[9] الوسيله الى كشف العقيله: ۱۱۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

8- قصائد فی انواع من المواعظ۔[1]

9- قصیدۃ فی الردّ علی لغز الحصریّ (ت:۴۸۸)، کلمہ "سَوْءَۃ" (الاعراف:۲۰، ۲۲، ۲۶، ۲۷، وطہ:۱۲۱)، یہ قصیدہ دس اشعار پر مشتمل ہے۔[2]

10- نظم التمهيد لابن عبد البر، یہ پانچ سو اشعار پر مشتمل ہے،[3]

یہ وہ مصنفات ہیں جن کا مجھے علم ہو سکا اور امام شاطبی کی طرف ان کی نسبت قطعی ہے، دو متن بھی ان کی طرف منسوب ہیں:

اوّل: متأخرین و معاصرین میں سے اکثر نے امام شاطبی کی طرف ایک قصیدہ (ناظمة الزهر في عدّ السور) منسوب کیا ہے یہ قصیدہ رائیہ ہے جو دو سو ستانوے اشعار پر مشتمل ہے۔

لیکن میرے نزدیک اس قصیدے کی نسبت امام شاطبی کی طرف مشکوک ہے اس کی چھ وجوہات بیان کی جاسکتی ہیں:

---

[1] معجم الادباء:۵/۲۲۱۶، فتح الوصید:۱/۵۵-۵۹، انباہ الرواۃ:۴/۱۶۲، ابراز المعانی:۱/۲۰۸، نکت الهميان:۲۲۹، تاریخ الاسلام:۱۲/۹۱۵، طبقات القراء:۲/۲۷۲، ۲۷۴، ۲۷۵۔ طبقات الشافعية الكبرى:۷/۲۷۲، حسن المحاضرۃ:۱/۴۹۷، بغية الوعاة:۲/۲۶۰، نفح الطيب:۲/۲۳۔

[2] فتح الوصید:۲/۲۸۶-۲۸۷۔

[3] امام سخاویؒ فرماتے ہیں: مجھے امام شاطبی نے خبر دی کہ انہوں نے ابن عبد البر کی کتاب التمہید کو نظم میں پرویا ہے جس کا نام قصیدہ دالیہ ہے، پانچ سو اشعار پر مشتمل ہے، جو اسے حفظ کرلے کتاب کا عالم بن جائے گا۔ فتح الوصید:۱/۶۔ ظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے کتاب کے تمام مقاصد کا احاطہ کیا ہے۔

امام شاطبیؒ کی یہ کتاب التمہید کی نظم اندلس (مغرب) میں تھی جس پر مشرقی طلاب مطلع نہ تھے، یہاں تک کہ امام سخاویؒ نے جب اسے امام شاطبی کی تصنیفات میں ذکر کیا تو اسے امام شاطبی کے حوالے سے نقل کیا ہے۔ اس سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ امام شاطبی اس نظم کی نشر و اشاعت کے زیادہ حریص نہیں تھے، جبھی تو ہمیں معلوم نہیں ہو سکا کہ کسی نے اس نظم کی امام شاطبی پر قراءت کی ہو یا اس کا سماع کیا ہو اور نہ ہی کسی نے اسے امام شاطبیؒ سے باسند نقل کیا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

پہلی وجہ: امام قسطلانی کے علاوہ کبار ائمہ میں سے جنہوں نے امام شاطبی کے حالات ذکر کیے ہیں کسی نے بھی اس کو امام صاحب کی تصنیفات میں ذکر نہیں کیا، صرف امام قسطلانیؒ نے ہی اس کی امام شاطبی کی طرف نسبت ذکر کی ہے،[1] یہ بات بہت بعید محسوس ہوتی ہے کہ یہ قصیدہ آپ کا ہو اور آپ کے شاگرد خاص امام سخاوی کو اس کو علم نہ ہو، حالانکہ انہوں نے آپ کے "ابیات فی ظاءات القرآن" اور "ابیات فی موانع الصرف" کا تذکرہ کیا ہے۔ اسی طرح امام شاطبی کے حالات زندگی بیان کرنے والے کبار ائمہ جیسے کہ قفطی، ابن الأبّار، ابن خلّکان، ابن عبد الملک، جعبری[2]، ذہبی، صُفدی، سُبکی، ابن کثیر، ابن الجزری اور سیوطی رحمہم اللہ وغیرہ نے بھی اس کا ذکر نہیں کیا، ان میں سے بعض نے تو آپؒ کے اشعار پر مبنی دیگر قصائد کو خصوصی طور پر ذکر کیا ہے۔

دوسری وجہ: ائمہ سلف کے اس متن کے عدم ذکر پر ہی بات ختم نہیں ہوتی، بلکہ امام ابن الجزریؒ نے بھی اس کی نسبت امام شاطبی کی طرف قطعی بیان نہیں کی، ان کا انداز بیان یوں ہے: "ناظمۃ الزھر جس کی نسبت امام شاطبی کی طرف کی جاتی ہے، کے اشعار سے متعلق جو سوال کیا گیا ہے۔۔۔،[3] اس قول سے جو بات سمجھ آرہی ہے وہ یہ ہے کہ کم از کم انہیں بھی اس کی امام شاطبی کی نسبت میں شک ہے، اس کی

---

[1] الفتح المواھبی: ۷۷، انہوں نے اس کا نام "رائیۃ فی عدد آی السور" ذکر کیا ہے۔

[2] کنز المعانی للجعبری (۱/۱۷۳) تحقیق استاد فرغلی عرباوی، میں جو چیز ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے اس سے دھوکہ میں نہیں پڑنا چاہیے، اس تحقیق میں ایک عبارت یوں ہے: "ومن نظمہ: رائیۃ الرسم - فائقۃ نظائرھا -، ورائیۃ العدد"، تحقیق یزیدی میں رائیۃ العدد کا ذکر نہیں ہے، اسی طرح میرے پاس الکنز کا ایک خطی نسخہ ہے جسکی نسخہ جعبری کے مطابق تصحیح کی گئی ہے اس میں بھی یہ ذکر نہیں ہے۔ چنانچہ اقرب یہی ہے کہ یہ جملہ بعض ناقلین کی طرف سے داخل کر دیا گیا ہے، یہی عذر امام جعبری کے لائق شان ہے، کیونکہ ان سے متقدمین کبار ائمہ کی مخالفت کی توقع نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔

[3] المسائل التبریزیہ: ل: ۱۸/ب۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مزید تائید اس بات سے ہوتی ہے کہ انہوں نے الغایہ میں امام شاطبی کے ترجمے میں اس متن کا ذکر نہیں کیا۔

تیسری وجہ: امام شاطبیؒ کے شاگردوں میں سے کسی نے بھی ان سے یہ متن نہیں لیا، حالانکہ ان میں سے بعض نے تو اس سے بھی چھوٹے متون لے رکھے ہیں، امام سخاویؒ کو ہی دیکھ لیں انہوں نے امام شاطبیؒ سے "لامیۃ موانع الصرف" روایت کیا ہے جس کے صرف چار اشعار ہیں۔[1]

چوتھی وجہ: بڑے بڑے مسند علماء میں سے کسی نے اس کی سند بیان نہیں کی، حالانکہ انہوں نے شاطبیہ، عقیلہ اور بعض اعداد و شمار والی کتابوں کو بھی سند سے بیان کیا ہے، جیسے کہ ابن الجزری نے اپنی جامع اسانید میں، منتوریؒ (ت:۸۳۴) نے فہرست اور ابن حجرؒ نے المعجم المفہرس میں۔

پانچویں وجہ: اس کا شاطبیہ اور عقیلہ کی طرح کوئی قدیم نسخہ بھی ہمیں نہیں ملا، اگر یہ امام شاطبی کا متن ہوتا تو ضرور اس کے نسخے بھی موجود ہوتے، اگرچہ ساتویں یا آٹھویں صدی کے ہی، اس لیے کہ امام شاطبی کی تصنیفات کو قبول عام حاصل تھا اور لوگ ان کو ہاتھوں ہاتھ لیتے تھے۔

چھٹی وجہ: لمبے عرصے تک اس قصیدے کی کوئی شرح سامنے نہیں آئی، اس کی سب سے پہلی قابل ذکر شرح "لوامع البدر فی بستان ناظمۃ الزہر للأیوبی (ت:۱۲۵۲)" ہے[2]، اگر یہ امام شاطبی کا قصیدہ ہوتا تو سب سے پہلے اس کی شرح امام صاحبؒ کے تلامذہ یا آگے ان کے تلامذہ یا ان کے تلامذہ کے تلامذہ میں سے کوئی کرتا، جیسے کہ شاطبیہ اور عقیلہ وغیرہ کی شروحات ہیں۔

درج بالا وجوہات کی بناء پر میں اس قصیدے کو امام شاطبی کی طرف منسوب کرنے میں توقف کروں گا یہاں تک کہ کوئی قطعی دلیل مل جائے جو اس

---

[1] فتح الوصید: ۱/۵۴۔

[2] ام القری میں دکتورہ کے رسالے میں دکتور احمد الحریصی نے اس کی تحقیق کی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بات کو ثابت کر دے یا سرے سے اس کی نفی کر دے۔ نسبت کے عدم ثبوت کے باوجود اس قصیدے کے پڑھنے پڑھانے اور اس سے نفع اٹھانے سے کوئی چیز مانع نہیں ہے۔

دوسرا متن: حاجی خلیفہ نے ان کی طرف ایک اور کتاب منسوب کی ہے جس کا نام "تتمة الحرز من قراء أئمة الكنز" ہے، کہتے ہیں یہ شاطبیہ جیسا ہی ایک قصیدہ ہے قراءات سبعہ کے رُوات کے بارہ میں[1]، عمر بن رضا کحالہ نے بھی ان کی پیروی میں اس کتاب کی نسبت امام شاطبی کی طرف کی ہے۔[2]

میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات دو وجوہات کی بنا پر درست نہیں ہے:

اول: امام شاطبیؒ کے بارے میں لکھنے والے کبار علماء میں سے کسی ایک نے بھی ان کی اس کتاب کا تذکرہ نہیں کیا۔

دوم: کتاب کے نام سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ "الحرز" کا تتمہ ہے جو کہ امام عبداللہ بن عبدالمؤمن الواسطی (۶۷۱-۷۴۰) کی کتاب "الكنز في القراءات العشر" کے قراء میں سے کسی کی تصنیف ہے، اگر بات اسی طرح ہے تو پھر یہ متن ابن عبدالمؤمن کے معاصرین یا بعد میں آنے والے کسی عالم کا ہو گا، اور امام شاطبیؒ ابن عبدالمؤمن کی ولادت سے تقریباً اسّی سال قبل وفات پا چکے تھے۔

10 وفات:

امام سخاویؒ فرماتے ہیں: امام شاطبیؒ (۵۳۸ھ) میں پیدا ہوئے اور بروز اتوار بعد از نماز عصر (۲۸) جمادی آخرہ سنہ (۵۹۰ھ) وفات پائی، بروز سوموار آپ کو البیسانی قبرستان میں دفن کیا گیا، یہ علاقہ "ساریہ" کے نام سے معروف ہے، آپ کا جنازہ مصر کی جامع مسجد کے امام ابو اسحاق العراقی نے پڑھایا۔[3]

---

1 کشف الظنون: ۱/۳۴۳۔

2 معجم المؤلفین: ۲/۶۴۷۔

3 فتح الوصید: ۱/۷۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ابن عبد الملک کہتے ہیں: آپ کا جنازہ بہت بڑا تھا علاقے کی ہر بڑی شخصیت نے آپ کے جنازے میں شرکت کی، ان کے فراق میں لوگ بہت غمزدہ تھے ہر زبان آپ کے ذکر جمیل اور ثناء خوانی میں محو تھی اور بلاشبہ آپ اسی کے اہل تھے، رحمۃ اللہ علیہ۔[1]

بعض اہل علم نے ان کی یاد میں مرثیے بھی لکھے ہیں۔[2]

اللہ تعالی امام شاطبی کو اپنی رحمت سے ڈھانپ لے، اور جنتوں کا وارث بنائے، ہماری اور تمام اہل قرآن کی طرف سے آپ کو بہترین جزاء عطا فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ فرمائے، جو ہم نے ان سے استفادہ کیا اس کے بدلے میں ان پر انعامات ہوں اور جو کچھ ہم نے ان سے لیا اس کے بدلے میں ہر قسم کے شر سے محفوظ رہیں۔

---

[1] الذیل والتکملہ: ۵/ق:۲/۵۵۷۔

[2] الفتح المواہبی: ۱۱۸-۱۱۹۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باب دوم

قصیدہ حرز الامانی ووجہ التہانی

ابتدائی طلباء اور اختصار کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے چند مفید باتیں ذکر کی جارہی ہیں:

1- قصیدہ کا نام: "حرز الامانی ووجہ التھانی"[1]، جو کہ شاطبیہ اور لامیہ کے نام سے مشہور ہے۔ دوسری شہرت آجکل زیادہ قابل ذکر نہیں رہی۔

2- بحر: اس کا بحر "طویل" ہے۔

3- اشعار کی تعداد: (۱۱۷۳)۔[2]

4- تاریخ و مقام: ابن رشید فہری (ت:۷۲۱) کہتے ہیں: ابو محمد قاسم بن فیرّہ الشاطبی ،المقرئ، الضریر۔۔۔ انہوں نے اپنا علاقہ چھوڑا اور قاہرہ، مصر کو اپنا مسکن بنایا، وہاں پر قراءۃ قرآن کا سلسلہ شروع کیا اور وہیں پر یہ قصیدہ یعنی شاطبیہ تصنیف کیا۔ یہ بات بھی ذکر کی جاتی ہے کہ آپ نے اس کی ابتداء اندلس میں ہی کر دی تھی اور قولہ "جعلت أبا جاد"[3] تک لکھ چکے تھے اور بقیہ حصہ قاہرہ میں مکمل کیا۔[4]

---

[1] الشاطبیہ: البیت:۷۰، فتح الوصید:۱/۴، بعض نے اس کے نام میں (فی القراءات السبع) کا اضافہ بھی کیا ہے، جو کہ صحیح نہیں ہے۔

[2] الشاطبیہ: شعر نمبر:۱۱۶۱۔

[3] یہ ۴۵ واں شعر ہے۔

[4] ابن الجزریؒ کہتے ہیں: میں نے شیخ ابو عبد اللہ محمد بن علی بن محمد بن یحی بن سلمہ الانصاری الغرناطی خط سے پڑھا اور نقل بھی کیا، ان کی عبارت کچھ اس طرح تھی: "میں نے جلیل القدر فقیہ و محدث اور خطیب ابو عبد اللہ محمد بن عمر بن محمد بن عمر بن محمد بن رشید الفہری السبتی سے نقل کیا جن کی عبارت یہ تھی"، اور آگے یہ بات ذکر کی۔ غایۃ النہایہ:۲/۲۲۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

پیچھے یہ بات گزر چکی ہے کہ امام شاطبیؒ نے سنہ (۵۷۲) میں مصر کی طرف سفر شروع کیا لیکن یقینی طور پر نہیں کہا جاسکتا کہ آپ مصر میں کب داخل ہوئے۔

5- موضوع: احکام قراءاتِ سبعہ: اصولی و فرشی اعتبار سے۔[1]

6- شاطبیہ کے مصادر: اس قصیدہ میں امام شاطبیؒ نے امام دانی کی کتاب "التیسیر" کا اختصار کیا ہے، ساتھ ساتھ کئی باتوں کا اضافہ بھی کیا ہے جن کی مصدر (التیسیر) میں صراحت نہیں تھی، اور بہت کم چیزوں میں مصدر کی مخالفت بھی کی ہے۔

7- منہج: امام شاطبیؒ اس کتاب میں قراءت کے متاخرین علماء مصنفین کے طریقے پر چلے ہیں، چنانچہ آپؒ نے اسے ایک مقدمہ، چار مقاصد اور خاتمہ میں تشکیل دیا ہے:

مقدمہ: حمد وصلاۃ کے بعد امام صاحب نے اس میں کچھ حصہ فضائل قرآن ذکر کرنے کے بعد قراء سبعہ کے اسماء، بُلدان، رُواۃ اور انساب ذکر کیے ہیں، پھر قراء کرام کے رموز کے حوالے سے اصطلاح اور اضداد کے ذکر میں اپنا منہج وغیرہ ذکر کیا ہے، اپنے قصیدے کی تعریف اور مصادر بیان کرنے کے بعد اس بات کی صراحت کی ہے کہ اس پر وہ مزید اضافہ جات بھی کریں گے، قصیدے کا نام ذکر کرنے کے بعد اللہ تعالی سے اخلاص نیت کی التجاء اور استعانت طلب کی ہے، آخر میں قراء کرام کو اس قصیدے سے متعلق حُسن ظن رکھنے کی ترغیب دلاتے ہوئے خوب عاجزی و انکساری کا اظہار کیا ہے اور فصیح و بلیغ وعظ و نصیحت پر مقدمہ ختم کیا ہے۔

---

[1] الاصول: ہر وہ حکم کلی اصل کہلاتا ہے جو ہر چیز پر لگتا ہو جس میں اس حکم کلی کی تمام شرائط پائی جائیں، اس کا اطلاق احکام کلیہ پر بھی ہوتا ہے، جیسا کہ میم جمع کا صلہ، مدات، ہمزہ کی تسہیل، نقل حرکت، امالہ وغیرہ۔

الفرش: وہ اختلافات جو ائمہ کی طرف منسوب ہیں، لیکن وہ کلی اختلافات نہ ہوں، مثال کے طور پر کلمہ مالک یوم الدین میں الف کے حذف اور اثبات دونوں کے ساتھ پڑھا گیا ہے، اب یہ اختلاف ہر جگہ نہیں، صرف سورۂ فاتحہ میں ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مقاصد:

اول: اصول القراءات: یہ مشہور عناوین پر مرتب ہے، "باب الاستعاذہ" سے ابتداء اور "باب مذاهبهم في الزوائد" پر اختتام ہے۔

دوم: فَرش الحروف: یہ بھی مشہور عناوین پر مرتب ہے، سورۃ البقرہ سے ابتداء اور سورۃ المسد پر اختتام ہے، اس کے مابعد کو ذکر نہیں کیا کیونکہ وہ بھی سابقہ کی مثل ہے۔

سوم: باب التکبیر۔

چہارم: مخارج حروف اور ان صفات کا باب جس کی قاریٔ کو ضرورت رہتی ہے۔

خاتمہ: خاتمے میں قصیدہ کے اشعار کی تعداد اور تعریفی کلمات ادا کرنے کے بعد اپنی طرف سے عاجزی کا اظہار کیا ہے، جیسے کہ اللہ کی اور اپنے آپ کی معرفت رکھنے والوں کی عادت ہے، پھر اللہ کے سامنے گریہ زاری کرتے ہوئے، حمد وصلاۃ پر اختتام فرمایا ہے۔

8- رموزِ قصیدہ:

امام شاطبیؒ نے اپنے قصیدے میں قراء کرام اور روات کے لیے ایسے رموز ذکر کیے ہیں جو شاید آپ سے پہلے کسی نے استعمال نہیں کیا، ابن خلکان فرماتے ہیں: یہ قصیدہ عجیب وغریب رموز اور مخفی ودقیق اشارات پر مشتمل ہے، میرا نہیں خیال کہ ان سے پہلے کسی نے یہ اسلوب اپنایا ہوگا۔[1]

اگر اللہ نے امام شاطبیؒ کو ان عمدہ رموز کی توفیق نہ بخشی ہوتی تو قصیدہ کے اشعار کی تعداد کہیں زیادہ ہو جاتی۔

امام شاطبیؒ نے ان رموز کو دو اقسام میں تقسیم کیا ہے: انفرادی رموز اور اجتماعی رموز، اجتماعی رموز طلباء کے لیے مشکل نہیں ہیں البتہ انفرادی رموز ان کے لیے کچھ مشکل ہیں، چنانچہ میں نے سہولت کی خاطر انہیں نظم میں پرو دیا ہے۔

---

[1] وفیات الاعیان: ۴/۷۱۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

والانفرادرمزہ: (أبج، دھز، حطّی، کلم، نصع، فضق، رست) برز[1]

درج ذیل جدول[2] دیکھیں انفرادی اور اجتماعی حالت میں قراء وروات کے لیے استعمال کیے گئے تمام رموز واضح ہو جائیں گے:

انفرادی رموز			اجتماعی رموز	
نافع	ا	ابج	نافع کے علاوہ تمام قراء	خ
قالون	ب		نافع اور ابن کثیر	حِرمیّ
ورش	ج		نافع، ابن کثیر اور ابو عمرو	سَمَا
ابن کثیر	د	دھز	نافع اور ابن عمر	عمّ
البزّیّ	ہ		ابن کثیر اور ابو عمرو	حقّ
قُنبُل	ز		ابن کثیر، ابو عمرو اور ابن عامر	نفر
ابو عمرو	ح	حطّی	الکوفیون	ث
الدوری	ط		الکوفیون اور نافع	حصن
السوسی	ی		الکوفیون اور ابن کثیر	ظ
ابن عامر	ک	کلم	الکوفیون اور ابو عمرو	غ
ہشام	ل		الکوفیون اور ابن عامر	ذ
ابن ذکوان	م		الکوفیون ماسوائے عاصم	ش

[1] برز کا مطلب ہے مخفی ہونے کے بعد ظاہر ہونا۔ دیکھیے: المحکم: ۹/۳۷، لسان العرب: ۱/۲۵۵، معنی یہ ہوا کہ انفرادی رمز اس شعر میں ظاہر ہو گیا پہلے مخفی تھا۔

[2] یہ امام سخاوی کے جدول کے مشابہ ہے۔ دیکھیے: فتح الوصید: ۱/۱۶۸، ول: ۱۸/ب، نسخہ چسٹر بیٹی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عاصم	ن	نصع	الکوفیون ماسوائے حفص
شعبہ	ص		شعبہ کے علاوہ الکوفیون
حفص	ع		
حمزہ	ف	فضق	
خلف	ض		
خلاد	ق		
الکسائیؒ	ر	رست	
ابوالحارث	س		
الدوریؒ	ت		

صحبة	
صِحاب	

9: مقام و مرتبہ:

ابن الجزریؒ فرماتے ہیں:

اس کتاب کو اتنی شہرت اور قبولیت حاصل ہوئی کہ جو اس فن میں کسی اور کتاب کے حصے میں نہ آئی، بلکہ میں سمجھتا ہوں کسی بھی فن میں کہنا چاہیے۔[1]

میں کہتا ہوں: کہ انہوں نے بالکل بجا فرمایا ہے، واقعتاً ہی میں نے کوئی ایسی کتاب نہیں دیکھی جس کا امت اسلام نے اس قدر اہتمام کیا ہو جتنا اس قصیدہ کا، امت نے اس کی خوب حفاظت کی ہے، اسے پڑھا اور پڑھایا ہے اور اس سے متعلقہ دیگر امور یعنی شرح و حواشی، تعلیق و نکات اور اس سے متفرّع مزید کتب و انتقادات وغیرہ جیسے اعمال کا اہتمام کیا ہے۔

[1] غایۃ النہایہ: ۲/۲۲۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یہ بات صحیح ہے کہ نحو میں الفیہ ابن مالک کو بھی بہت شہرت اور قبول عام حاصل ہوا ہے لیکن میں نہیں سمجھتا کہ اس نے شاطبیہ کی شہرت اور طلباء کی طرف سے حفظ و مقبولیت میں کچھ کمی کی ہو گی، کم از کم ہمارے زمانے میں تو بالکل نہیں۔

شاطبیہ کی قدر و منزلت کی وجہ سے علماء نے اس کی بہت زیادہ مدح سرائی کی ہے، چند اقوال میں یہاں بھی ذکر کیے دیتا ہوں تاکہ آپ کو بھی اس قصیدے کی قدر کا اندازہ ہو سکے:

مقدمہ میں مصنف کا اپنا قول ہے[1]:

(ترجمہ اشعار)

میرے اس قصیدے نے بہترین آواز دی تو ان معانی نے بھی اس کو لبیک کہا، میں نے اس قصیدے میں وہ فوائد بیان کیے ہیں جو نہایت لذیذ، شیریں اور سہل ہیں۔

میں نے اس قصیدے کے آسان بیان میں التیسیر کے مسائل کے اختصار کا قصد کیا ہے، اللہ کریم میری امید گاہ ہے اور اسی کی مدد سے میرا یہ قصیدہ کثیر الفوائد ہو گیا۔

یعنی اس قصیدے کے مسائل کتاب التیسیر کا صرف اختصار ہی نہیں بلکہ اس پر کچھ اضافہ بھی ہیں، مثلاً آخر کتاب میں مخارج الحروف کا اضافہ ہے، اسی طرح کہیں کہیں قراءت کی توجیہات، نحوی وجوہ اور کسی قراءت پر معترض کی تردید کی طرف اشارات بھی ملتے ہیں۔

یہ بتلانے کے بعد کہ یہ حرز الامانی "التیسیر" کی نظم ہے، کہتے ہیں کہ جب اس قصیدے کے معانی کی گتھیوں کو سلجھایا گیا، تو اس میں ماہر ائمہ کے کلام کا بھی اضافہ کر دیا گیا،

---

[1] الشاطبیہ: اشعار: ٦٧-٦٩۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چنانچہ اللہ کی مدد و نصرت سے یہ اہل علم کے ہاں پسندیدہ قرار پایا، اور اس میں کتنے ہی فوائد ہیں جو اس کی افادیت میں اور اضافہ کرتے ہیں۔۔۔۔الخ۔ ساتھ کچھ ایسی چیزیں بھی ذکر کی ہیں جو اس کے مشکل مسائل کو آسان بنا دیتی ہیں، اور قرآنی الفاظ میں پائی جانے والی قلیل و نادر تعلیلات کو حل کر دیتی ہیں، اسی طرح سورتوں کے آخر میں واقع ہونے والی یاء اضافت کو بھی جمع کر دیا گیا ہے، "التیسیر" پر مستزاد تمام فوائد کو ذکر کرنے کے بعد اللہ تعالی کے فضل و احسان کا اعتراف کیا ہے، پھر اس بات کی صراحت کی ہے کہ اس کے فضائل کا ذکر کرنے کا ایک ہی مقصد تھا کہ علم قراءات کے طلباء کو متنبہ کیا جائے اور انہیں ترغیب دی جائے کہ وہ اس مبارک فن کا احترام کریں اور اس کے حصول کی طرف پوری لگن سے متوجہ ہوں۔[1]

امام شاطبیؒ نے اپنے قصیدے کے صرف انہیں فضائل پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ ذکر کیا ہے کہ وہ ایسے معانی سے لبریز ہے جو ان کی سمجھ سے بھی بالاتر ہیں۔ ابو شامہ کہتے ہیں: میں نے اپنے شیخ ابو الحسن علی بن محمد السخاوی سے سنا، جو کہ امام شاطبی کا کلام نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اگر میرے ساتھیوں میں کوئی خیر و برکت ہوئی تو وہ اس قصیدے سے ایسے معانی کا استنباط کر لیں گے جو ابھی تک مجھے سمجھ نہیں آئے۔

مزید کہتے ہیں کہ مجھے خواب میں کئی بار امام شاطبی کی زیارت ہوئی ہے، میں نے ان سے پوچھا کہ حضور ہمیں ابو الحسن السخاوی نے آپ کے حوالے سے بیان کیا کہ آپ نے یوں فرمایا؟ تو انہوں نے کہا کہ یہ سچ ہے۔[2]

امام شاطبیؒ کے جلیل القدر شاگرد سخاویؒ فرماتے ہیں: کہ اس فن میں اس سے بڑھ کر جلیل القدر اور نفع مند کتاب میرے علم میں نہیں، کیونکہ یہ "التیسیر" جیسی عمدہ کتاب کو مختصر اور آسان انداز سے اپنے اندر سموئے ہوئے ہے، کتاب التیسیر بذات خود بے مثال کتاب ہے، جس کے حقائق صبح روشن کی طرح ظاہر ہیں، اس میں عمدگی اور وضاحت کا حسین

---

[1] الفتح المواهبی: ۶۷-۶۹، یہ تعریفی کلمات امام سخاوی کو دیے گئے شاطبیہ کے اجازے کے ضمن میں منقول ہیں۔

[2] ابراز المعانی: ۱/ ۱۰۷۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

امتزاج ہے، اس قصیدے نے اس کی منفعت کو مزید بڑھا دیا ہے، یہ قصیدہ چاہنے والوں کی آرزوؤں کے عین مطابق بہت مفید ہے۔[1]

ابو العرب اسماعیل بن عمر الحموی (ت:۶۵۹) فرماتے ہیں[2]:

(ترجمہ اشعار) امام رعینی نے ہمارے لیے بڑی عمدہ شمع روشن کی ہے، اگر اس شمع کو جلانے کا کوئی اور ارادہ کرتا تو وہ اس کے تمام قوافی میں صرف "لا" ہی کہتا۔

ابو شامہ (ت:۶۶۵) کہتے ہیں: "پھر اللہ تعالی نے متلاشیان علم کے لیے اس علم کو آسان کر دیا، اس طرح کہ شیخ ابو القاسم الشاطبیؒ نے یہ مشہور قصیدہ تصنیف فرمایا، جو حرز الامانی کے نام سے موسوم ہے، جس نے آخری زمانے میں کافی شہرت پائی، یہ معاصرین کے ہاں کسی عجوبہ سے کم نہیں تھا، لوگوں نے اس کے علاوہ علم قراءت کی دیگر تمام تصانیف کو چھوڑ دیا اور وہ اس کی طرف متوجہ ہو گئے، اس لیے کہ اس میں مشکل الفاظ کا ضبط بیان کیا گیا ہے، مہمل چیزوں کو مقید کر دیا گیا ہے، اسی طرح یہ صغیر الحجم ہونے کے باوجود علم سے بھرپور ہے۔[3]

مزید فرماتے ہیں کہ اس قصیدے کی مانگ بہت زیادہ بڑھ چکی تھی، اس قصیدے نے وہ شہرت حاصل کر لی تھی جو اس فن میں کسی اور تصنیف کو حاصل نہ ہو سکی۔[4]

ابن خلکان (ت:۶۸۱) فرماتے ہیں: کہ مصنف نے اس میں بہت عمدہ کام کیا ہے، اس زمانے کے قراء کرام کا اس قصیدے پر اعتماد بھرپور تھا، علم قراءات سے مشغول رہنے والا ہر کوئی سب سے پہلے اس کو حفظ کرتا اور اس کی معرفت حاصل کرتا، یہ قصیدہ بڑے

---

[1] فتح الوصید: ۱/ ۴-۵۔

[2] ابن العدیم (ت:۶۶۰) کا قول ہے: کہ مجھے مخلص الدین ابو العرب اسماعیل بن عمر ابن یوسف بن قرناص نے حماۃ کے مقام پر ان کے بارے میں اور وہاں پر موجود کتب جو کہ قصیدہ ابو القاسم بن فیرۃ الشاطبی الرعینی پر لکھی گئی تھیں ان کے بارے میں بتاتے ہوئے ذکر فرمایا۔ بغیۃ الطلب: ۴/ ۱۷۲۱۔

[3] ابراز المعانی: ۱/ ۱۰۶۔

[4] ابراز المعانی: ۱/ ۲۰۳۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عجیب وغریب رموز واشارات پر مشتمل ہے، میرا نہیں خیال کہ یہ اسلوب پہلے کسی نے اپنایا ہو گا۔[1]

ابن زبیر (ت:۷۰۸) فرماتے ہیں: امام شاطبیؒ نے اس قصیدے کو بڑے مضبوط اور انوکھے انداز میں تحریر فرمایا ہے، لوگوں نے اس کو پسند کیا اور آگے روایت بھی کیا ہے، جو بھی اس قصیدے سے مانوس ہے یہ اس کے لیے قراءت سبعہ کے اختلاف میں سب سے مفید اور آسان چیز ہے، اس میں قراءت سے متعلقہ کچھ تنبیہات اور اہم نکات بھی ہیں، ائمہ کے ہاں مختار قراءات اور مصنفین میں سے اگر کوئی امام کسی قراءت میں دوسروں سے منفرد ہے تو اس کی طرف اشارہ بھی دیا گیا ہے۔

مجموعی طور پر اس قصیدے کا قاریٔ اس سے بھرپور استفادہ کرتا ہے، یہ قصیدہ امام شاطبی کی قابلیت وصلاحیت اور روشن فہم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔[2]

جعبریؒ (ت:۷۳۲) فرماتے ہیں: کہ یہ قصیدہ بہترین اسالیب سے مرقّع ہے، اس کا حجم تھوڑا اور علوم زیادہ ہیں، اس کے شائقین بہت زیادہ ہیں اور ہمیشہ اس کے انتظار میں رہتے ہیں، چنانچہ انصاف کی نظر سے اگر دیکھا جائے تو یہی نتیجہ نکلے گا کہ اختلاف قراءت میں اس سے بڑھ کر اچھی کوئی کتاب نہیں۔[3]

امام ذہبیؒ (ت: ۷۴۸) فرماتے ہیں: لوگوں نے ان دونوں قصائد "حرز الامانی" اور "عقیلۃ أتراب القصائد" کے لیے لمبے لمبے سفر کیے ہیں، یہ دونوں قصائد قراءت سبعہ اور رسم قرآنی میں ہیں، ایک خلقِ کثیر نے اسے حفظ کیا ہے، آپ نے اسلوب ہی ایسا آسان اور مختصر اپنایا ہے کہ بڑے بڑے شعراء اور بلغاء وماہرین قراءات ان کے آگے عاجز ہیں۔[4]

---

[1] وفیات الاعیان:۴/۷۱۔

[2] صلۃ الصلۃ:۲۸۳۔

[3] کنز المعانی:۱/۱۵۳۔

[4] طبقات القراء:۲/۶۷۲۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ابن کثیرؒ (ت:۷۷۴) فرماتے ہیں: امام شاطبیؒ نابینا تھے اس کے باوجود آپ کا یہ قصیدہ اتنا عمدہ اور باکمال ہے، کہ جس کی سابقین اور لاحقین میں مثال نہیں ملتی، اس قصیدہ میں چھپے رموز کے خزانے ہر کوئی نہیں جان سکتا۔[1]

ابن خلدون (ت:۸۰۸) فرماتے ہیں: امام صاحب نے اس میں فن کو بالاستیعاب جمع کر دیا ہے، لوگوں نے بھی اس کو حفظ کرنے کا خوب اہتمام کیا ہے اور طالب علم بچوں کو بھی اس کی خوب تلقین کی ہے، مغرب اور اندلس کے علاقوں میں اس پر عمل جاری ساری ہے۔[2]

ابن الجزریؒ (ت:۸۳۳) فرماتے ہیں: امام شاطبی کے دونوں قصیدوں سے واقف بخوبی جانتے ہیں کہ اللہ تعالی نے آپ کو کس قدر وافر علم عطا کیا تھا، خاص طور پر قصیدہ اللّامیہ، بڑے بڑے بُلغاء بھی جس پر کسی قسم کے اعتراض سے عاجز ہیں، اس کی قدر و منزلت وہی جان سکتا ہے جس نے اس طریق پر نظم کا اہتمام کیا ہو، یا اس طریق پر کی گئی نظموں کے ساتھ اس کا مقارنہ کر کے بھی خوب اندازہ لگایا جاسکتا ہے، جو شہرت اور مقبولیت اس کتاب کو حاصل ہوئی وہ اس فن میں کسی اور کتاب کے حصے میں نہیں آئی، بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ کسی اور فن میں بھی نہیں کہنا چاہیے، میرا نہیں خیال کہ دنیا کا کوئی علاقہ اس سے ناواقف رہا ہو گا، بلکہ کسی بھی طالب علم کا گھر اس مبارک قصیدہ کے نسخہ سے خالی نہیں رہ سکتا، لوگوں نے اس کے صحیح ترین نسخوں کو خوب رغبت سے جمع کیا ہے،[3] یہاں تک کہ میرے پاس امام سخاوی کے ہاتھ سے لکھا ہوا قصیدہ لامیہ اور رائیہ کا ایک مجلّد نسخہ تھا، جس کے عوض میں مجھے وزن برابر سونا بطور قیمت دیا گیا لیکن میں نے اسے قبول نہ کیا۔۔۔

---

[1] البدایہ والنہایہ:۱۶/۶۶۵-۶۶۶۔

[2] دیوان المبتدأ والخبر:۱/۵۵۳۔

[3] شاطبیہ کے نسخوں کو جمع کرنے کی بابت سب سے عجیب بات جو میرے علم میں آئی وہ ہے جو ابن الجزری نے محمد بن عبد اللہ بن عبد الرحمن البغدادی المطرز الکتبیؒ (ت:۷۴۹) سے نقل کی ہے، کہ ان کے پاس شاطبیہ کے تقریباً ایک ہزار نسخے جمع تھے۔ غایۃ النہایہ:۲/۱۸۰۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(امام ابن الجزری مزید فرماتے ہیں): ہمارے زمانہ میں شاطبیہ کو لے کر ایک عجیب اتفاق یہ بھی ہے کہ ہمارے اور امام شاطبی کے درمیان تقریباً (۲۰۰) سال گزرنے کے باوجود اتصال تلاوت اور قراءت میں صرف دو راویوں کا واسطہ ہے،[1] اور ایسا کسی زمانے میں بھی نہیں ہوا، ایسا صرف لوگوں کے خاص اہتمام کی بدولت ہی ممکن ہوا ہے، اور یہ بات کہ شاطبیہ کا اس سند کے ساتھ سماع آٹھویں صدی ہجری کی ابتداء تک متصل ہے صحیح ہے، کیونکہ اس دور میں بھی قاضی بدرالدین بن جماعہ کے شاگردوں کی ایک جماعت موجود تھی۔

اس کتاب کے علاوہ اور کوئی کتاب ہم نہیں جانتے جو ایک ہی مجلس میں پڑھی اور حفظ کی جاتی ہو۔ اللہ نے ان کی تصنیف میں اتنی زیادہ برکت رکھی تھی۔[2]

المقّریؒ (ت: ۱۰۴۱) فرماتے ہیں: میں نے ہمارے شیخ، امام، عالم کبیر، مفتی سیّد سعید بن اَحمد المقّریؒ رحمہ اللہ سے کئی بار سنا وہ فرماتے تھے کہ ملّتِ محمدیہ میں قاضی عیاض کی کتاب "الشفاء" اور ابو القاسم الشاطبی کی کتاب "حرز الأمانی" کی مثل کوئی کتاب تالیف نہیں کی گئی۔[3]

شاطبیہ کی مدح سرائی کی بات ہو تو میں کیسے پیچھے رہ سکتا ہوں، چنانچہ میں نے بھی اس کی تعریف میں چند اشعار لکھے ہیں:

(ترجمہ) اے قراءات سبعہ سے دور رہنے والے حرز الأمانی کو لازم پکڑ لو، کتنے ہی قراءات سے دور رہنے والے تھے اس کو حفظ کرنے کے بعد وہ بھی قراءات سبعہ کو گنگنانے لگے، یہ حرز الأمانی وجہ التہانی ہے، اللہ رب العزت ہماری طرف سے امام رُعینی کو جنت الفردوس بطور جزاء عطا فرمائے۔

---

[1] یہ لفظ غایۃ النہایہ اور جامعہ ام القری کے رسالہ علمیہ میں اسی طرح ہے، لیکن درست بات یہ ہے کہ اسے "رجالان" ہونا چاہیے کیونکہ یہ مبتدأ مؤخر ہے، لیکن یہاں پر شاید ابن الجزری کو وہم ہوا ہے اور انہوں نے اسے انّ کا اسم مؤخر سمجھ لیا ہے۔

[2] غایۃ النہایہ: ۲/ ۲۲-۲۳۔

[3] ازہار الریاض: ۴/ ۲۷۱۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شاطبیہ کی قدر و منزلت کے مظاہر میں سے اس کے خطی نسخوں کا بکثرت ہونا ہے: جیسے کہ الفہرس الشامل میں اس کے نسخوں کی تعداد (۳۷۸) مذکور ہے[1]، اور یہ کوئی بہت بڑی تعداد نہیں ہے بلکہ اتنا جان لینا کافی ہو گا کہ کئی صدیوں تک کوئی قاریٔ یا مقرئ ایسا نہیں تھا جس کے پاس اس کا ایک نسخہ نہ ہو، بعض کے پاس تو اس کے متعدد نسخے تھے، اور پیچھے گزر بھی چکا ہے کہ محمد بن عبداللہ بن عبدالرحمن البغدادی المعروف المطرز الکتبیّ (ت:۷۴۹) کے پاس اس کے تقریباً ایک ہزار نسخے تھے۔[2] یہ بات بھی صحیح ہے کہ شاطبیہ کے کئی نسخے تلف ہو گئے تھے، لیکن ان میں سے اکثر مخطوطات کی کتب فہارس میں ابھی تک درج نہیں ہیں۔

شاطبیہ کی قدر و منزلت کے مظاہر میں سے ہے کہ یہ اسلامی تاریخ کی قدیم ترین مطبوعات میں سے ہے، سب سے پہلے ہندوستان میں اس کی طباعت سنہ (۱۲۷۸ھ) میں ہوئی، اس کے بعد مصر میں سنہ (۱۳۰۲ھ) طبع کی گئی۔[3]

شاطبیہ کی قدر و منزلت کے مظاہر میں سے ہے کہ اس کتاب پر بہت کام ہوا ہے، جیسے کہ شروحات، حواشی، فروعات، نقد و معارضہ وغیرہ، یہ تمام کام بہت کثیر تعداد میں ہوئے ہیں۔[4]

شاطبیہ کی قدر و منزلت کے مظاہر میں سے اس کی بکثرت تدریس ہے، اس کتاب کی تدریس بہت بڑے پیمانے پر ہوئی ہے، کتب تراجم سے واقفیت رکھنے والا اس بات سے بخوبی

---

[1] الفہرس الشامل، مخطوطات القراءات: ۶۹-۸۴۔

[2] غایۃ النہایہ: ۲/ ۱۸۰۔

[3] الدلیل الی المتون العلمیہ: ۱۱۷۔

[4] شیخ عبدالہادی حمیتو المغربی نے یہ تقریباً (۸۷) کام شمار کیے ہیں۔ ان سے بہت سارے کم رہ گئے ہیں جو شمار نہیں ہو سکے، میرے خیال میں وہ اس سے دوگنا ہیں۔ الامام الشاطبی: ۱۴۳-۲۲۷۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واقف ہے، یہاں تک کہ مغرب کے صرف ایک قبیلے دکّالہ میں (۱۸) استاد تھے جو اس کتاب پر جعبری کی شرح پڑھاتے تھے۔[1]

متعدد اسلامی ممالک کے حکومتی مدارس و جامعات میں قسم القراءات میں شاطبیہ کو خصوصی طور پر شامل نصاب رکھا گیا ہے۔

شاطبیہ کی قدر و منزلت کے مظاہر میں سے اوقاف کی تعمیر ہے، جن کی مزید تعمیر و ترقی کا سہرا اس فن کے مدرسین کے سر ہے۔[2]

میں سمجھتا ہوں کہ شاطبیہ کو یہ بلند مقام اس کے لکھنے والے کی خالص نیت کی وجہ سے ملا ہے، جو کہ اپنے بارے میں فرماتے ہیں: کہ انہوں نے یہ مبارک کام صرف اللہ تعالی سے ثواب کی امید اور کتاب التیسیر میں موجود علم کے احیاء کی خاطر کیا ہے۔[3]

امام صاحب فرمایا کرتے تھے کہ میرے اس قصیدے کو جو بھی پڑھے گا نفع پائے گا اس لیے کہ میں نے اسے خالص اللہ کی رضا کے حصول کے لیے لکھا ہے۔[4]

شروحات:

اس کتاب کے حواشی، تعلیقات، نقد و معارضات وغیرہ سے صرف نظر کرتے ہوئے اگر صرف اس کی شروحات کو دیکھا جائے تو وہ (۱۰۰) سے زائد ہیں۔[5]

---

[1] دعوۃ الحق، السنۃ ۱۱، العدد: ۴، ص ۸۷۔

[2] فہرس المنجور: ل: ۳۲/ أ-ب، ۳۵/ ب-۳۶/ أ۔

[3] الفتح المواہبی: ۶۷-۶۸۔

[4] فتح الوصید: ۱/ ۶۔

[5] شیخ عبد الھادی حمیتو المغربی نے اس کی (۹۸) شروحات ذکر کی ہیں (الامام الشاطبی: ۱۴۳-۱۹۸)، جب ہم نے خود ان کو گنا تو ایک شرح (۱۲ نمبر) میں شیخ شک تھا، اسی طرح انہوں نے شرح الجعبری پر دس حواشی، ابن القاصح کی شرح پر ایک حاشیہ اور مزید دو کتابیں (۸۵ اور ۹۰ نمبر) ذکر کی ہیں جنہیں اس کی شرح تصور کیا ہے، حالانکہ وہ شرح نہیں ہیں۔ ان سب کو نکال کر ان کے ہاں صرف (۸۴) شروحات باقی بچتی ہیں، اس میں ہم مزید (۲۲) شروح کا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اہم ترین شروحات:

اول: فتح الوصید فی شرح القصید، یہ آپ کے سب سے جلیل القدر شاگرد ابوالحسن عَلَم الدین علی بن محمد السخاویؒ (ت:۶۴۳) کی ہے۔

دوم: الدرّۃ الفریدۃ فی شرح القصیدۃ، یہ ابویوسف منتجب الدین الھمذانی (ت:۶۴۳) کی تصنیف ہے۔

سوم: اللآلیٔ الفریدۃ فی شرح القصیدۃ، ابوعبداللہ محمد بن حسن بن محمد الفاسیؒ (ت:۶۵۶)۔

چہارم: کنز المعانی فی شرح حرز الامانی، ابو عبداللہ محمد بن احمد بن محمد الموصلیؒ، المعروف شُعلہ (ت:۶۵۶)۔

پنجم: إبراز المعانی من حرز الأمانی، ابوالقاسم عبدالرحمن بن اسماعیل بن ابراہیم المقدسیؒ، المعروف ابوشامہ (ت:۶۶۵)۔

ششم: کنز المعانی فی شرح حرز الأمانی ووجہ التھانی، برہان الدین ابواسحاق، ابو محمد ابراہیم بن عمر بن ابراہیم الجعبریؒ الخلیلیؒ (ت:۷۳۲)۔

اس قصیدہ کی یہ سب سے اہم چھ شروحات ہیں، ان کے علاوہ بقیہ شروحات تقریباً انہیں چھ کی فروعات ہیں، یہ چھ شروحات تمام طلباء کے لیے کافی وشافی ہیں، شُعلہ کی شرح ابتدائی طلباء کے لیے ہے، سخاوی، فاسی اور ابوشامہ کی شروحات متوسط جبکہ ھمذانی اور جعبری کی شروحات منتہی طلباء کے لیے ہیں۔

اضافہ کریں جو انہوں نے ذکر نہیں کی تھیں تو یہ تعداد (۱۰۶) ہو جاتی ہے۔ تعجب والی بات یہ ہے کہ ان میں سے ایک بڑی تعداد عربی میں نہیں ہیں، اور جن شروحات کا ذکر ہمیں نہیں ملا ان کی تعداد بھی بکثرت ہے، لہذا کثرت وانتشار کی بنا پر اس کتاب کی شروحات کو شمار کرنا ناممکن ہے، اور اگر ان کو شمار کرنا ممکن بھی ہو تا تو یہاں مقدمہ میں ان کا ذکر مقصود نہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باب سوم

الشاطبیہ کے نسخوں اور تحقیق میں معتمد علیہ روایات کی خصوصیات

اول: معتمد علیہ نسخے:

متن الشاطبیہ کی تحقیق کے لئے میں نے چھ نسخوں پر اعتماد کیا۔ ان نسخوں کو تاریخ کی ترتیب سے مع خصوصیات پیش کیا جارہا ہے۔

پہلا نسخہ: ڈبلن، آئرلینڈ میں نسخہ چسٹر بیٹی:

یہ نسخہ الشاطبیہ کی شرح "فتح الوصید للسخاوی" کے ضمن میں آتا ہے۔

اس کا نمبر (۳۹۲۶) ہے، یہ (۱۵۰) الواح پر مشتمل ہے، ہر لوح دو ورقوں پر مشتمل ہے، اس کی ایک ہی جلد ہے۔ انتہائی واضح خط میں تحریر شدہ ہے۔ اس کی کتابت ابو طاہر بن عثمان بن عیسیٰ اسکندری نے کی اور کتابت ۲۷ رمضان ۶۲۲ھ بروز جمعرات مکمل ہوئی۔[1]

اس کے اکثر اشعار پر اعراب لگا ہوا ہے اور اغلاط سے بھی کافی حد تک محفوظ ہے۔

یہ مکمل نسخہ ہے البتہ تحریر میں تھوڑی دھندلاہٹ ہے، اس کے باوجود یہ بہت عمدہ اور نفیس نسخہ ہے۔ اس نسخہ کے ناسخ نے شاطبی رحمہ اللہ کے جلیل القدر شاگرد سخاوی رحمہ اللہ پر اس کی قراءت بھی کی ہے۔ اس کا موازنہ سخاوی کے اصل نسخے سے بھی کیا گیا ہے، اس نسخہ پر سخاوی کے ہاتھ کی لکھائی بھی موجود ہے۔[2]

---

[1] دیکھئے: ل:۱/ب، ۱۵۰/ أ۔

[2] دیکھئے ل:۷/ أ، ۹/ أ، ۱۱/ ب ۹۰/ ب ۱۵۰/ أ.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں نے اس نسخے کو فرش الحروف سے قبل تک بنیاد بنایا ہے۔ فرشِ حروف سے لے کر نظم کے اختتام تک میں نے "س ۱" اور "س" (یہ سخاوی کی طرف نسبت ہے) رموز کا استعمال کیے ہیں۔ "۱" لکھنے کی وجہ "س ۲" سے امتیاز کرنا ہے، تفصیل آگے آرہی ہے۔

میں نے اس کو فرش الحروف سے اختتامِ نظم تک اس لیے بنیاد نہیں بنایا کیونکہ میرے پاس اس سے زیادہ بہتر نسخہ موجود ہے جس کا ذکر ذیل میں ہے۔

دوسرا نسخہ: نسخہ دار الکتب المصریہ، قاہرہ:

یہ نسخہ الشاطبیہ کی شرح "فتح الوصید للسخاوی" کے ضمن میں آتا ہے۔ تفسیر تیمور میں اس کا نمبر ۲۵۵ ہے۔ یہ (۲۰۷) الواح پر مشتمل ہے۔ ہر لوح دو ورقوں پر مشتمل ہے سوائے پہلی لوح کے، اس پر صرف ایک ہی ورقہ ہے۔ یہ نسخہ ایک ہی جزء پر مشتمل ہے جو واضح خطِ نسخ میں تحریر شدہ ہے۔ اس کی کتابت مقری محمد انصاری نے کی ہے۔[1]

اکثر اشعار پر اعراب لگے ہوئے ہیں جبکہ غلطیاں بھی بہت کم ہیں۔ اس نسخہ میں فرش الحروف سے لے کر اختتامِ نظم تک سوائے سات اشعار کے اور کچھ بھی محذوف نہیں ہے، البتہ اس نسخہ میں تھوڑی سی دھندلاہٹ ہے۔

یہ نسخہ انتہائی عالی اور نفیس ہے۔ شاطبی رحمہ اللہ کے جلیل القدر تلمیذ سخاوی رحمہ اللہ پر اس نسخے کی قراءت تین مرتبہ ہوئی ہے۔ اس کے ناسخ ابو اسحاق ابراہیم بن داؤد فاضلی اور شیخ محمد بن عبد المنعم قرشی[2] نے اس کی قراءت امام سخاوی رحمہ اللہ پر کی ہے۔

پہلے دونوں نام اہل علم میں سے شمار ہوتے ہیں تو ظاہر ہے کہ تیسری شخصیت بھی انہیں کے مثل ہوگی۔ اول الذکر جو اس نسخہ کے ناسخ ہیں ان کو سخاوی رحمہ اللہ نے اس نسخہ کی ابتداء میں ان الفاظ کے ساتھ اجازہ دیا ہے: العالم، المقرئ، النحوي"[3]، ثانی الذکر کی

---

[1] دیکھئے: ل ۱۴۱/ب، ۶۰/ب، ۱۱۹/ب، ۲۰۷/أ

[2] دیکھئے: ل: ۱/ب، ۲۰۷/أ-ب.

[3] ل: ۱/ب.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

توصیف ابن الجزری نے ان الفاظ کے ساتھ کی ہے: ''امام، حاذق، مشہور''[1]۔ اس نسخہ کا امام سخاوی کے اصل کے ساتھ مقابلہ کیا گیا ہے۔[2]

اس پر امام سخاوی رحمہ اللہ کا اس کے ناسخ کو دیا گیا اجازہ بھی تحریر ہے، اس میں ناسخ کا آپ رحمہ اللہ پر قراءت کرنے کا ثبوت بھی ہے۔ نیز کتاب ''فتح الوصید'' میں امام سخاوی کا اجازہ خاصہ اور تمام تصانیف اور روایات میں اجازہ عامہ بھی تھا۔ یہ محرم سن ۶۳۹ ہجری کی بات ہے۔[3]

اس نسخے کے اس اعلی و ارفع علمی مقام اور خصوصیات کی وجہ سے میں نے اسے بنیاد بنایا ہے۔ میری خواہش تھی کہ مجھے اس کتاب کا پہلا حصہ مل جاتا تاکہ میں فرش الحروف کے بارے میں بھی اسی نسخہ کو اصل قرار دیتا۔ تلاش بسیار کے باوجود مجھے یہ حصہ نہ مل سکا۔ جو شخص مجھے اس کے بارے میں رہنمائی کرے گا میں انتہائی احسان مند ہونے کے ساتھ ساتھ دعا گو بھی رہوں گا اور اس کے احسان کا تذکرہ میرے ذمے قرض ہو گا۔

اگرچہ اس کتاب کا پہلا حصہ نہیں مل سکا، لیکن تحقیق میں کوئی خلل واقع نہیں ہوا کیوں کہ دوسرے نسخے جن پر میں نے اعتماد کیا وہ بھی عالی مرتبت تھے۔ ان میں سے مقدم الذکر نسخہ بھی ہے جس کے متعلق ہے کہ یہ بھی امام سخاوی رحمہ اللہ پر قراءت کیا گیا، اور آپ کی اصل کے ساتھ اس کا مقابلہ بھی کیا گیا اور جس پر آپ کی تحریر بھی موجود ہے۔

تیسرا نسخہ: نسخۃ المرکز الحکومی (قرہ مصطفی)، استنبول:

یہ نسخہ الشاطبیہ کی شرح ''اللآلي الفريدة للفاسي'' کے ضمن میں ہے۔

یہ دو اجزاء پر مشتمل ہے:

---

[1] غاية النهاية: ۱/ ۱۴

[2] دیکھئے: ل: ۶۰/ ب، ۱۲۰/ ب۔

[3] دیکھئے: ل: ۱/ ب

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com

اول: اس کا نمبر (۱۸۶۷۲) ہے۔ یہ مزید چھ اجزاء میں منقسم اور دو سو اٹھائیس الواح پر مشتمل ہے۔ ہر لوح پر دو ورقے ہیں، سورۃ البقرۃ کے اختتام پر اس نسخہ کا اختتام ہوتا ہے۔ اس کی کتابت یوسف بن ابی بکر بن یوسف اقفاصی نے واضح خط نسخ میں کی ہے۔ آپ اس کی کتابت سے (۶۸۲ھ) نصف رمضان میں فارغ ہوئے تھے، اسی سال ۲۶ رمضان المبارک کو آپ اس کے تقابل سے فارغ ہوئے۔[1]

دوم: اس کا نمبر (۱۸۶۷۳) ہے۔ یہ مزید چھ اجزاء میں منقسم اور دو سو بیس الواح پر مشتمل ہے۔ ہر لوح پر دو ورقے ہیں سوائے آخری لوح کے، اس پر صرف ایک ہی ورقہ ہے۔ یہ نسخہ سورۃ آل عمران کی ابتدا سے لے کر نظم کے اختتام تک ہے۔ اس کی کتابت عمر بن ابی بکر بن یوسف اقفاصی نے واضح خط نسخ میں کی ہے۔ شاید یہ پہلے جزء کے ناسخ کے بھائی ہی ہیں۔ آپ اس کی کتابت سے جمعرات کے روز ۱۵ ربیع الاول سن ۶۸۳ ہجری کو فارغ ہوئے۔ یہ تقابل شدہ جزء ہے۔[2]

نسخہ کے اکثر اشعار پر اعراب لگے ہوئے ہیں جبکہ اس میں غلطیاں بھی بہت کم ہیں۔

یہ نسخہ مکمل، انتہائی عالی اور نفیس ہے، کیونکہ اس میں دیانتِ نقل، اعراب اور خط جیسے قابل اعتماد آثار واضح موجود ہیں[3]۔ کیونکہ یہ دوسرے جزء کے ناسخ الفاسی کے تلامذہ میں سے ہیں[4]، لہٰذا عین ممکن ہے کہ پہلے جزء کے ناسخ بھی اسی پائے کی شخصیت ہوں۔ نیز یہ نسخہ متقدم ہے۔ یہ بات ظاہر ہے کہ یہ نسخہ براہ راست الفاسی کے نسخہ سے نقل نہیں کیا گیا۔ البتہ یہ عین ممکن ہے کہ یہ نسخہ اس نسخہ سے نقل کیا گیا ہے جو الفاسی کے اصل نسخے سے منقول

---

[1] دیکھئے: ۱/ل:۲۲۸/أ-ب

[2] دیکھئے: ۲/ل:۲۲۰/أ.

[3] دیکھئے: ۲/ل:۱۳۳/أ.

[4] دیکھئے: ۲/ل:۲۱۹/ب.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تھا،[1] دوسرے نسخوں کے ساتھ اس کے تقابل اور کبار شارحین کے اپنی شروح میں اس پر اعتماد سے میرا اس نسخے پر اعتماد مزید بڑھا۔ میں نے اس کا رمز الفاسی کی نسبت سے "ف" رکھا ہے۔

چوتھا نسخہ: نسخہ مکتبہ احمدیہ ماتحت دار الکتب الوطنیۃ تیونس:

یہ نسخہ الشاطبیہ کی شرح "فتح الوصید للسخاوی" کے ضمن میں ہے۔

اس کا نمبر (۱۳۸۸۴) ہے۔ یہ ایک جزء اور اٹھانوے الواح پر مشتمل عمدہ خطِ نسخ میں مکتوب ہے۔ اس پر اس کے کاتب کا نام مرقوم نہیں ہے۔ اس نسخے کی کتابت سے فراغت (۶۹۹) ہجری، جمادی اولی میں ہوئی۔[2]

اس کے اشعار پر اعراب ظاہر ہے اور اس میں غلطیاں بھی بہت کم ہیں۔

یہ الشاطبیہ کو اول تا آخر کتاب "الاصول" متضمن ہے، البتہ ایک شعر اس میں سے ساقط ہو گیا۔

یہ انتہائی اعلی اور قابلِ اعتماد نسخہ ہے۔ اس نسخے پر سخاوی کا اصل خط موجود ہے، جس کی وجہ سے اسے بطور اصل کے قبول کیا گیا ہے۔[3]

فضیلت مآب جناب ڈاکٹر محمد ادریس طاہری نے مجھے یہ نسخہ ارسال کر کے میری عزت افزائی کی ہے۔ اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

میں نے امام سخاوی کی نسبت سے اس کو رمز "س ۲" اور "س" دیا ہے۔ ۲ اس لئے لکھا تا کہ گزشتہ نسخے "س ۱" سے ممتاز ہو سکے۔

---

[1] دیکھئے: ۲/ل: ۱۳۳/أ.

[2] دیکھئے: ل: ۹۸/ب.

[3] دیکھئے: ل: ۱۹/أ، ۲۳/أ، ۲۴/أ، ۵۳/أ، ۵۵/أ.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

پانچواں نسخہ: نسخہ مکتبہ مکۃ المکرمہ:

اس کا نمبر (۸۸) ہے۔ یہ ننانوے الواح پر مشتمل ہے، ہر لوح پر دو ورقے ہیں سوائے پہلے اور آخری لوح کے، یہ دونوں الواح ایک ایک ورقے پر مشتمل ہے۔ اس کی کتابت علی بن محمد بن یوسف قونوی[1] حنفی نے واضح خطِ نسخ میں کی ہے۔ شروع میں دو، آخر میں تقریبا چار اور درمیان سے کچھ الواح ایسی ہیں جو اصلی مخطوطے میں سے نہیں ہیں۔ اس پر حاشیہ بھی ہے، محمد بن ابی بکر الفارسی نے اس پر تعلیق لگائی ہے۔ ان حواشی کا انتخاب ہنذانی کی شرح الشاطبیہ "الدرة الفريدة" سے کیا گیا ہے۔[2]

یہ نسخہ بھی اعراب والا ہے اور اس میں غلطیاں بھی بہت کم ہیں۔ یہ نسخہ بھی مکمل، انتہائی عالی اور نفیس ہے۔ اس کے ناسخ اہلِ علم میں سے ہیں۔ کیونکہ ترکمانی جنہوں نے آپ کو اس نسخے کا اجازہ دے رکھا ہے انہوں نے آپ کو شیخ، صالح، قفیہ، مقری، الضابط، متقن محقق اور محصّل کے القابات سے آراستہ کیا ہے۔[3]

الشاطبیہ کی روایت کے ساتھ یہ نسخہ انتہائی عالی طور پر متصل ہے۔ محمد بن عمر بن خلیل ترکمانی جنہوں نے ناسخ کو اس نسخہ کا اجازہ دے رکھا ہے، انہوں نے اس کے آغاز میں لکھا ہے کہ ناسخ نے متعدد مجالس میں ان پر الشاطبیہ کی قراءت بہت عمدہ اور پسندیدہ انداز میں کی ہے۔ قراءت کا اختتام منگل کے روز ۱۰ شوال (۷۲۴) ہجری کو ہوا۔ آپ نے بتایا کہ آپ نے اسے ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن عبد الخالق مصری جو الصائغ[4] کے نام سے مشہور ہیں،

---

[1] نسخہ کہ آخر میں آپ کے اپنے ہاتھ سے اسی طرح لکھا ہوا ہے۔ ل: ۹۵ / أ، یہ قونیہ کی طرف نسبت ہے۔ دیکھئے: مُعْجَمُ البُلْدَانِ: ۴/ ۳۱۵.

[2] دیکھئے: ل: ۹۵ / أ.

[3] دیکھئے: ل: ۱ / ب.

[4] مسند عصره، ورحلة وقته، وشيخ زمانه، وامام أوانه: ابن الجزری آپ کے بارے میں کہتے ہیں: غاية النهاية: ۲/ ۶۵

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سے عرضا و سماعاً کئی مرتبہ، تلاوۃ[1] و اجازۃ حاصل کیا ہے۔ ابن سالغ کہتے ہیں: کہ انہوں نے اسے ابوالحسن علی بن شجاع بن سالم ہاشمی مصری جو کمال الضریر اور ابن ابی الفوارس (ت: ٦٦١ھ) کے نام سے مشہور ہیں، شاطبی کے داماد ہیں۔ ان سے سماعاً (دو مرتبہ)، تلاوۃ اور اجازۃ حاصل کیا ہے۔ آپ نے الشاطبیہ کے ناظم (نظم میں ڈھالنے والے) سے بھی سند حاصل کر رکھی ہے۔[2]

دوسرے نسخوں اور کبار شارحین کی شروحات سے تقابل کرنے سے میرے لئے اس نسخے پر اعتماد مزید پختہ ہو گیا۔

مکمل اعراب، متعدد توجیہات اعراب اور ضبط کلمات کی وجہ سے یہ نسخہ انتہائی ممتاز ہے۔

میں نے اس کا رمز الکمال کی نسبت سے "ک" رکھا ہے۔

چھٹا نسخہ: نسخہ مکتبہ برلن، المانیا:

یہ ابو شامہ کی الشاطبیہ کی شرح "ابراز المعانی" کے ضمن میں ہے۔ اس کا نمبر (٣٨٥) ہے۔ میں نے جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ سے اس کو تصویری شکل میں حاصل کیا۔ وہاں اس کا نمبر (١٠٦٩) تھا۔

یہ دو اجزاء پر مشتمل ہے:

اول: یہ ایک سو انچاس الواح پر مشتمل ہے، ہر لوح میں دو ورقے ہیں اور اس کا اختتام سورۃ البقرہ کے آخر پر ہوتا ہے۔

دوم: یہ ایک سو چھیالیس الواح پر مشتمل ہے ہر لوح میں دو ورقے ہیں اور یہ سورہ آل عمران کی ابتدا سے لیکر نظم کے اختتام تک ہے۔

---

[1] اس سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ بعض مضامین کی تلاوت کی ہے۔

[2] دیکھئے: ل: ١/ب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دونوں اجزاء کے ناسخ احمد بن ابراہیم حنفی ہیں، جنہوں نے اس نسخہ کی کتابت واضح خطِ نسخ میں کی ہے۔ آپ سوموار کے روز ۲۷ جمادی الاولیٰ (۷۳۰) ہجری کو پہلے نسخے کی کتابت سے فارغ ہوئے۔ جب کہ دوسرے نسخے کی کتابت سے فراغت آپ نے جمعرات کے روز ۲۷ رجب (۷۳۰) ہجری میں حاصل کی۔[1]

اکثر اشعار پر اعراب لگے ہوئے ہیں اور اس میں غلطیاں بہت نادر ہیں۔ یہ نسخہ مکمل، عالی اور نفیس ہے۔ کیونکہ اس کے ناسخ نے اسے ابن ابی شامہ (احمد) کے نسخے سے نقل کیا ہے۔ ابن ابی شامہ نے اپنے نسخے کو اپنے والد ابو شامہ[2] کے ہاتھ کے خط سے نقل کیا ہے۔ دوسرے نسخوں اور کبار شارحین کی شروحات کے تقابل سے میرے لئے اس نسخے کا اعتماد مزید واضح ہوا۔

ابو شامہ کی نسبت سے میں نے اس کا رمز "ش" رکھا ہے۔

جیسا کہ آپ نے دیکھا کہ یہ نسخے سارے کے سارے انتہائی عالی ہیں، ان میں کسی بات کا کوئی اندیشہ نہیں کیونکہ ان میں سے ہر ایک دوسرے سے بڑھ کر ہے۔

ان چھ نسخوں کی روایت میں ہم نے شاطبی کے کم از کم چار تلامذہ کا اس امید کے ساتھ انتخاب کیا ہے کہ ان کی روایات ثقہ ترین ہیں۔ اگرچہ عین ممکن ہے کہ دوسروں کی روایات کثیر تعداد میں ہوں۔ شاطبی کے تلامذہ یہ ہیں:

اول: امام سخاوی: اصل نسخہ "س ۱" اور "س ۲" کے طریق سے، مجھے امید ہے کہ اس کے تینوں نسخوں کے اہتمام کی وجہ سے سخاوی کی روایت سے بہت کم چیزیں رہ گئی ہوں گی۔ کیونکہ جو میں نے اس شرح میں فوائد نقل کیے ہیں وہ اسی روایت کے بالاستیعاب مطالعہ کے مرہون منت ہے۔[3]

---

[1] دیکھئے: ل: ۱/ ۱۴۹/ أ، ۲/ ۲۹۵/ أ.

[2] (۲) دیکھئے: ل: ۱/ ۱۴۹/ ۱، ۲/ ۲۹۵/ أ.

[3] میں نے اس کی روایت کے استیعاب میں بالکل گریز نہیں کیا کیونکہ تینوں نسخوں میں بہت سی جگہوں پر ضبط نہیں ہے یا نسخہ کے نقص کی وجہ سے اصلاً وارد ہی نہیں ہوا۔ جیسے دار الکتب المصریہ کے نسخہ س ۲ میں ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دوم: کمال الضریر: نسخہ "ک" کے طریق سے۔

سوم: عبدالرحمٰن بن سعید شافعی۔

چہارم: عیسی بن یوسف مقدسی، مؤخر الذکر آخری دونوں حضرات الفاسی کے مشائخ میں سے ہیں۔ الفاسی نے ان دونوں سے قراءات اور الشاطبیہ کی سند حاصل کی ہے۔[1]

الفاسی آپ دونوں سے روایت کرنے والوں میں سے سب سے زیادہ مشہور ہیں۔ ہم نے ان دونوں کی روایات تک نسخہ "ک" کے طریق سے رسائی حاصل کی ہے۔

ان چاروں شاگردوں کی روایات پر اضافے کا احتمال موجود ہے۔ کیونکہ ابوشامہ نے الشاطبیہ کی روایت میں صرف امام سخاوی پر ہی اکتفا نہیں کیا۔ بلکہ فرمایا: اخبرني بهذه القصيده عن ناظمها جماعة من اصحابه.[2] "اس قصیدے کی مجھے آپ کے اصحاب میں سے ایک جماعت نے اس کے ناظم کی روایت سے خبر دی ہے۔"

دوم: معتمد علیہ روایات:

جب نسخوں کا اختلاف ہوا تو میں نے ضبط کے لئے الشاطبیہ کے کبار شارحین کی شروحات کے ساتھ تقابل کا رخ کیا، بعض اوقات میں نے اختلاف نہ ہونے کی صورت میں بھی ان شروحات سے تقابل کیا۔ پانچ کبار شارحین یہ ہیں:

١: أبو الحسن علي بن محمد السخاوي، علم الدين (ت: ٦٤٣)، ان کی شرح "فتح الوصيد في شرح القصيد" ہے۔

٢: أبو يُوسُفُ: المُنتَجبُ بن أبي العز بن رشيد الهمذاني منتجب الدين (ت: ٦٤٣)، ان کی شرح "الدرة الفريدة في شرح القصيدة" ہے۔

رہی بات شرح کی تو اس میں بھی ان جگہوں کے ضبط کا اہتمام نہیں کیا گیا جن کا ضبط اصلی نسخہ میں نہیں ہے۔

[1] دیکھئے: طَبَقَاتُ القُرَاءِ: ٢/٧٩٣، اور غاية النهاية: ٢/١٢٢

[2] إبراز المعاني: ١/١٠٨.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

٣: أبو عبد الله: محمدُ بنُ حَسَن بن محمد الفاسي (ت: ٦٥٦)، ان کی شرح "اللآلئ الفريدة في شرح القصيدة" ہے۔

٤: أبو القاسم عبد الرحمن بن إسماعيل بن إبراهيم المقدسي المعروف بأبي شامة (ت: ٦٦٥)، ان کی شرح "إبراز المعاني من حرز الأماني" ہے۔

٥: أبو إسحاق وأبو محمد إبراهيم بن عمر بن إبراهيم الجعبري الخليلي برهان الدين (ت: ٧٣٢)، ان کی شرح "كنز المعاني في شرح حرز الأماني ووجه التهاني" ہے۔[1]

- مندرجہ ذیل وجوہ کی بنا پر امام سخاوی اپنی روایات میں دوسروں سے مقدم ہیں:

اول: اس لیے کہ امام امام سخاوی امام شاطبی کے جلیل القدر ترین شاگرد ہیں، جیسے کہ ابن الجزری کا قول ہے۔[2]

"یہ وہ سند ہے جو ابن الجزری نے النشر (٦٣/١) میں عنایت کی ہے۔ البتہ آپ نے اس کے ساتھ ابن جُبارہ کی شرح "المفيد في شرح القصيد" بھی شامل کی ہے۔

دوم: دوسری وجہ یہ ہے کہ امام سخاوی نے الشاطبیہ کی متعدد بار اس کے ناظم پر قراءت مع ضبط کی ہے اور اس کی شرح کا سماع کیا ہے۔ نیز اس کے ناظم

---

[1] میں نے اس کے ساتھ ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن محمد موصلی المعروف بشغلۃ (ت: ٦٥٦) کی شرح "کنز المعانی فی شرح حرز الأمانی" کو بھی اس کے ساتھ داخل کیا ہے۔ اسی پر میں نے ساری الشاطبیہ کا تقابل کیا ہے۔ جیسے پہلے گزر چکا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ الشاطبیہ کی عمدہ ترین شروحات میں سے ہے۔ البتہ میں نے تقابل کے دوران اس میں کچھ کمی پائی، وہ کمی یہ ہے کہ دوسری پانچ شروحات جن پر میں نے ضبط کے معاملے میں اعتماد کیا ہے ان کے برعکس الشاطبیہ کی روایت کے ساتھ میں نے اس کی روایت کو متصل نہیں پایا۔

[2] دیکھئے: غاية النهاية: ٢/٢٣

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نے آپ کو اجازۃ روایہ بھی دے رکھا ہے۔آپ نے اس منظومے کو بھی اس کے ناظم پر قراءت کیا ہے۔[1]

سوم :امام سخاوی امام شاطبی کے ساتھ بہت زیادہ عرصہ رہے۔[2]

چہارم :میری رائے کے مطابق[3] امام سخاوی رحمہ اللہ امام شاطبی کی زندگی کے آخری دور میں ان کے ساتھ رہے۔یہی وہ وجہ ہے کہ آپ شاطبی کے پرانے اور نئے متغیر شدہ خیالات سے بھی واقف تھے۔

پنجم :امام سخاوی الشاطبیہ کے بہت بڑے عالم اور اس کو سمجھنے والے تھے جس کی گواہی خود امام شاطبی رحمہ اللہ نے بھی دے رکھی ہے۔جیسا کہ شاطبی رحمہ اللہ نے آپ کو اجازہ دیتے ہوئے فرمایا :وقداذنت لصاحبنا المذکوران یرویھا عني ویرویھا من احب لمن احب، ثقةبعلمه لها ،وفهمه فيها، على حسن ما اخذته عليه[4]"اپنے حسن مشاہدہ کے مطابق آپ(سخاوی)کی الشاطبیہ کے متعلق علم میں ثقاہت اور اس کے فہم کی خوبی کی وجہ سے اپنے مذکورہ ساتھی کو خود(شاطبی) سے الشاطبیہ کی روایت کرنے کی اجازت دیتا ہوں،اور یہ بھی اجازت ہے کہ ان (سخاوی) سے جو چاہے اور جس کو چاہے روایت کر سکتا ہے۔"

---

[1] دیکھئے :فتح الوصید :۱/۶۰، وإبراز المعاني : ۱ /۱۰۸ وملء الغيبة :۵/۱۸۳، والنشر :۱/۶۲، وغاية النهاية، ۲/۲۳، والفتح المواهبي۶۷–۶۹.اسی میں الشاطبیہ کی اجازت کی سند موجود ہے۔

[2] دیکھئے:إنباء الرواۃ ۲/۳۱۱۔

[3] جتنی مجھے آگہی حاصل ہوئی ہے اس حوالے سے جو سب سے آخری دور ہے آپ کے ساتھ رہنے کا وہ اس اجازت کی وجہ سے ہے جو آپ نے اپنے شاگرد علی بن محمد التجیبی شاطبی(ت:۶۲۶ھ) کو پانچ سو اٹھاسی ہجری میں عنایت کی،یعنی شاطبی رحمہ اللہ کی وفات سے صرف دو سال پہلے۔دیکھئے:غایۃالنھایۃ: ۱/۵۷۶

[4] دیکھئے :الفتح المواهبي۶۹.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اسی طرح آپ کا یہ قول آپ کو مشورہ دیتے ہوئے :"یقیض اللہ لھا فتیً یبینھا[1] کہ" اللہ تعالی نے الشاطبیہ کے لیے ایک نوجوان مقرر کر دیا ہے جو اس کو واضح کر کے بیان کرے گا۔"

ششم : امام سخاوی علیہ الرحمہ نے الشاطبیہ کی خدمت میں بہت کام کیا، آپ ہی وہ پہلی شخصیت ہیں جنہوں نے اس کی شرح کی اور لوگوں میں اس کو متعارف کروایا۔ آپ ہی کے سبب اس کا آفاق میں شہرہ ہوا۔

حضرت ابو شامہ رحمہ اللہ کہتے ہیں:" بلا شبہ آپ نے اسے لوگوں میں پھیلایا، اس کی شرح لکھی، اس کے معانی کو واضح طور پر بیان کیا، اس کے ناظم کی قدرو منزلت سے آگاہ کیا اور اس قصیدہ کے عالم کا تعارف ہمیں ہمارے شیخ ،امام، علامہ ،علم الدین، بقیۃ مشائخ المسلمین، ابو الحسن علی بن محمد (جن پر اللہ تعالیٰ نے اس علم کے دروازے کھول دیے) نے کروایا۔ نیز آپ کو فہم و تفقہ میں بھی عبور حاصل ہے۔ جزاہ اللہ تعالی عنا افضل الجزاء، وجمع بیننا وبینہ في دار النعیم والبقاء.

جب الشاطبیہ کا معاملہ واضح ہو گیا اور اس کے اسرار نمایاں ہو گئے تو ایک جماعت اس کی شرح کے لیے امڈ آئی۔[2]

ابن الجزری آپ کے بارے میں فرماتے ہیں:" البتہ آپ" الشاطبیہ کی تشہیر کے حوالے سے بڑے حساس اور محتاط رہے ہیں۔ اسی لیے آپ نے الشاطبیہ کی شرح لکھنے کا اہتمام کیا اور آپ ہی وہ پہلی شخصیت ہیں جنہوں نے اس کی شرح لکھی۔ آپ نے اسی کی شرح کا کام دمشق میں کیا، اللہ تعالی نے آپ کی عمر لمبی کی تو آپ کے فضائل لوگوں میں مشہور ہو گئے اور لوگوں نے زمین کے اطراف و جوانب سے آپ کی طرف قصد کرنا شروع کر دیا۔ الغرض

---

[1] دیکھئے: إبراز المعاني: ۱/۱۰۷، وغایۃ النھایۃ: ۱/۵۷۰

[2] إبراز المعاني: ۱/۱۰۶-۱۰۷

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الشاطبیہ آپ ہی کی وجہ سے مشہور ہوئی۔ اس سے پہلے الشاطبیہ کو کوئی جانتا تھا اور نہ ہی اسے کوئی حفظ کرتا تھا۔"[1]

ان تمام وجوہات کی بنا پر سخاوی کا ضبط دوسرے تمام نسخوں سے مقدم ہے، ابن الجندی رقمطراز ہیں کہ ہمارے شیخ برہان الدین جعبری فرماتے ہیں: اگر القصید کے تلفظ میں لوگ کسی قسم کا اختلاف کریں تو درست بات وہی ہوگی جو سخاوی نے کہی ہے۔ کیونکہ سخاوی نے اس کے مؤلف پر اس کی متعدد بار قراءت کر رکھی ہے اور وہ دوسرے شارحین کی نسبت اس کے زیادہ عالم ہیں۔[2]،[3]

- رہی بات ہمذانی کی تو انہوں نے سخاوی سے اس علم کو حاصل کیا ہے۔[4]
- اور الفاسی نے الشاطبیہ کو شاطبی کے دو شاگردوں سے لیا اور اس کے منظومے کی قراءت ان دونوں پر کی۔ دونوں یہ ہیں:

۱۔ عبد الرحمن بن سعید الشافعی

۲۔ عیسی بن یوسف المقدسی[5]

یہ ذکر گزر چکا ہے کہ دونوں مشائخ نے الشاطبیہ کی قراءت اور قراءات سبعہ شاطبی رحمہ اللہ پر کی ہے۔

---

[1] مُنجِدُ المُقرئین: ۱۷۸، اسی طرح یہ غایۃ النہایۃ: ۱/۵۷۰ میں بھی ہے۔

[2] الجوھر النضید: ۱/۱۴۹

[3] اس کی وہی بنیاد ہے جس کا ذکر پہلے گزر چکا ہے: اگر حرز الأمانی کے کسی ایسے نسخے کا کوئی وجود ہوتا جو شاطبی پر آپ کی وفات سے چند سال پہلے قراءت کیا گیا ہوتا تو بھی وہ سخاوی کے نسخہ سے مقدم نہ ہوتا۔

[4] الذیل علی الروضتین: ۱۷۵.

[5] طبقات القُرّاء: ۲/۷۹۳، و غایۃ النہایۃ: ۲/۱۲۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ابو شامہ کی بات ہو تو انہوں نے شاطبی کے تلامذہ کی ایک جماعت سے الشاطبیہ کو لیا ہے جن میں سے ایک امام سخاوی بھی ہیں۔ ابو شامہ کہتے ہیں: وقد اخبرني بهذه القصيدة عن ناظمها جماعة من اصحابه، وقرأتها على شيخنا ابي الحسن المذكور مرارا۔[1]

"مجھے اس قصیدہ کی خبر اس کے ناظم سے آپ کے اصحاب کی ایک جماعت نے دی ہے اور میں نے اس کی قراءت اپنے شیخ ابو الحسن مذکور پر متعدد بار کر رکھی ہے۔"

- اسی طرح ابو شامہ نے اس کے منظومے کی قراءت امام سخاوی رحمہ اللہ پر کر رکھی ہے۔[2]
- جعبری کی بات ہو تو انہوں نے شیخ ابو احمد عبد الصمد ابن احمد بن عبد القادر بغدادی (ت:٦٧٦)[3] سے سماع کیا ہے۔ آپ نے اسے محمد بن یوسف بن عمر قرطبی[4] سے بھی سنا اور اسی طرح سخاوی نے بھی آپ کو اس کی خبر دی ہے۔[5]

---

[1] إبراز المعاني: ١/١٠٨

[2] طبقات القراء: ٢/٧٩٣، وغاية النهاية: ٢/١٢٢.

[3] ابن الجزری نے آپ کی ان الفاظ میں توصیف کی ہے: شیخ القراء ببغداد، امام، عارف، استاذ، محقق، زاهد ثقه، ورع۔ آپ کے حالات کے لیے دیکھیے: طبقات القُرَّاء: ١/٧٩٠-٧٩١، وغاية النهاية: ١/٣٨٦-٣٨٨.

[4] اسی طرح کنز المعانی للجعبری (١/٣٧) کے نسخوں میں ہے، اسی طرح اس کے محقق یزیدی نے بھی نقل کیا اور اسی طرح میں نے اس کے قلمی نسخے میں پایا۔ شاید آپ محمد بن عمر بن یوسف القرطبی ہیں۔ تصحیف یا سبق قلم کے احتمال کا تذکرہ پہلے گزر چکا ہے۔

[5] ابن الجزری رحمہ اللہ نے یہ نقل کیا ہے کہ بغدادی کی سخاوی سے روایت بالاجازہ ہے۔ دیکھیے: غاية النهاية: ١/٣٨٨

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اسی طرح عبد اللہ بن ابراہیم بن محمود الجزری رحمہ اللہ (ت:۶۷۹ھ) نے بھی جعبری کو اس کی خبر دی ہے۔[1] اور آپ نے اس کی قرات سدید پر کر رکھی ہے۔[2]

یوں جعبری شاطبی کے تین تلامذہ کے ساتھ متصل ہیں؛ قرطبی، سخاوی اور سدید۔ ان میں سے اول الذکر کے ساتھ آپ کا اتصال بالسماع ہے۔

روایت کی خدمت کا اہتمام کرنے، وجوہ اعراب اور لغت میں تمیز کرنے کی خصوصیت جعبری کے ہاں ایسی خصوصیت تھی جو کسی اور کے ہاں نہیں پائی جاتی۔[3]

شارحین کی ایک کثیر تعداد ہے کہ جن پر وجوہ لغت یا وجوہ اعراب کے حوالے سے کوئی وجہ ظاہر ہوئی تو انہوں نے اس کو متون کے ضبط میں داخل کر دیا۔ نتیجتاً متون بہت سی وجوہ کا پلندہ بن گئے۔

درست بات: یہ ہے کہ ضروری نہیں ایسا ضبط جو اعراب اور لغت کے اعتبار سے درست ہو وہ روایت کے اعتبار سے بھی درست ہو گا۔

جو وجوہِ اعراب میں سے متن کی شرح میں کوئی وجہ داخل کرنا چاہتا ہے تو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ اس چیز کی وضاحت کر دے کہ یہ اعراب روایتاً وارد نہیں ہوا، تاکہ متون کے مصنفین پر یہ بات نہ آئے کہ انہوں نے اس کو متن میں شامل کیا ہے۔

---

[1] آپ کے حالات زندگی کے لیے ملاحظہ ہو: غایۃ النھایۃ: ۱/۴۰۳۔ جعبری کے کام سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ روایت بالا جازہ کرتے ہیں۔ جس کو ابن الجزری موکد کیا ہے۔ دیکھئے جعبری کی اپنی کتاب رسوم التحدیث: ۳۴، وغایۃ النھایۃ: ۱/۲۱

[2] دیکھئے: کنز المعاني للجعبري: ۱/۱۷۶

[3] وجوہ اعراب کے حوالے سے سب سے بہترین مثال اجازہ کے بعد آپ کا یہ فرمان "أَنَّ الْحَمْدَ" ہمزہ کا فتحہ اور نصب کے ساتھ "الْحَمْدَ"، ہمزہ کے کسرہ اور نصب کے ساتھ "الْحَمْدَ"۔ ایک اعراب کی جہت سے یہ مرفوع بھی ہے۔ روایت فتحہ، کسرہ اور نصب تینوں کے ساتھ ہے۔ کنز المعاني: ۱/۱۸۵ یعنی ہمزہ پر فتحہ اور کسرہ دونوں پڑھے جا سکتے ہیں اور "الْحَمْدَ" یہ منسوب ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں معتمد علیہ شروح میں شرح الجعبری کو داخل کرنے کے حوالے سے تردد میں رہا ،اس کی وجہ یہ ہے کہ اس شرح کا زمانہ شاطبی کے زمانے سے تھوڑا بعد کا ہے۔ لیکن اس میں ایسی خصوصیات موجود تھیں جو اسے بہت سی دوسری شروحات سے ممتاز کرتی ہیں۔ بس اسی وجہ سے میں نے اسے معتمد علیہ شروحات میں شمار کیا۔ مزید برآں یہ کہ اس شرح کو عظیم قبولیت حاصل ہوئی اور یہ شرح الشاطبیہ کی دوسری شروحات پر فوقیت بھی حاصل کیے ہوئے ہے۔[1] نسخوں اور شروح کے تذکرہ کے ضمن میں یہ بات ظاہر ہو چکی ہے کہ ہم نے شاطبی کے بعد چوتھے طبقے کو شمار نہیں کیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ نسخہ مجموعی طور پر ثقاہت، صحت اور اعلیٰ مقام کا حامل ہے۔ اس میں ایسے فوائد کی کثرت ہے جو کسی دوسرے نسخہ میں نہیں، چنانچہ میں نے اس کے علاوہ کسی اور نسخہ پر اعتماد نہیں کیا۔ باوجود اس کے کہ الشاطبیہ کے مذکورہ نسخوں کے علاوہ بھی کچھ نسخے ایسے ہیں جن سے میں آگاہ تھا۔ ان میں سے بعض نسخے ساتویں صدی ہجری، بعض آٹھویں صدی ہجری اور بعض نویں صدی ہجری کے ہیں۔ علاوہ ازیں قرونِ متاخرہ میں بھی کچھ نسخے ملتے ہیں جن کی تاریخ کے متعلق کچھ معلوم نہیں ہو سکا۔

روایات کی مضبوطی اور غیر ضروری حواشی کی کثرت سے کتاب میں طوالت کے اندیشے کے پیشِ نظر میں نے ان تمام نسخوں سے صرفِ نظر کیا ہے۔

---

[1] اس کی قبولیت کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ اس کے مخطوطات کی تعداد جو "الفہرس الشامل" میں ہے اس کی تعداد پانچ سو نسخے ہے۔ اس کے بہت سے حواشی بھی ہیں، ہمارے شیخ عبد الہادی حمیتو مغربی نے اس کی تعداد دس بیان کی ہے۔ اس شرح کی تدریس بھی کثرت سے ہوئی، مغربی قبائل کے ایک علاقے دکالہ (جو جودہ مراکش کا شہر دکالہ عبدہ) میں اٹھارہ اساتذہ شرح الجعبری کی تدریس کرتے تھے۔ دیکھئے: الفِهْرِسُ الشَّامِل مخطوطات القراءات: ۱۶۷-۱۷۱، ودعوة الحق، السنہ ۱۰، العدد: ۴، ص: ۸۷، والإمام الشاطبي: ۱۷۲-۱۷۸.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باب چہارم

تحقیق کے مناہج

۱۔ الاصول اور اس سے ماقبل کے لیے میں نے نسخہ چسٹر بیٹی کو بنیاد بنایا ہے۔ پھر میں نے اس کے بعد دارالکتب المصریہ کے نسخہ کو بنیاد بنایا ہے۔ اصل قرار دینے کے حوالے سے اختلاف کا بیان پہلے گزر چکا ہے۔

۲۔ تمام نصوص کو میں نے جدید قواعد املاء کے مطابق تحریر کیا ہے۔

۳۔ اہم نسخوں کے فرق کو برقرار رکھا ہے جبکہ اس کے علاوہ اکثر کو نظر انداز کر دیا ہے۔

۴۔ میں نے تمام نسخوں کے اختلاف کو بیان کیا ہے۔ البتہ متن کے ضبط میں تلفظ کے اختلاف پر اکتفاء کیا ہے۔

۵۔ متن سے ملحق ضبط میں پہلے مقام پر میں نے تین تین نمونوں کو جمع کر دیا ہے۔

۶۔ امام سخاویؒ کی روایت کو مقدم کرنے میں میں حریص رہا ہوں، جس کے اسباب میں نے پہلے ذکر کر دیے ہیں۔

۷۔ میں نے بڑے بڑے شارحین کی طرف رجوع کیا ہے: جیسے امام سخاوی، ہذانی، فاسی، ابو شامہ اور جعبری رحمہم اللہ۔ ان کی روایات اور شروحات کے عالی مقام کا تذکرہ پہلے گزر چکا ہے۔

۸۔ اگر بعض کبار شارحین کا میں نے تذکرہ نہیں کیا تو میرا مقصد یہ نہیں ہے کہ یہ حضرات گزشتہ ذکر کردہ حضرات سے مختلف رائے کے حاملین ہیں، بلکہ ان کے ذکر نہ کرنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ ایسے حضرات ہیں کہ جنہوں نے ذکر کردہ چیزوں میں کسی قسم کا کوئی تعرّض نہیں کیا۔ یا اگر کچھ تعرض کیا بھی ہے تو میں قطعی طور پر ان کی معروضات کو سمجھ نہیں پایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۹۔ جن شروحات کے مطبوعہ نسخوں میں مجھے تصحیف کا اندیشہ ہوا میں نے ان کے اصل مخطوطات کی طرف رجوع کیا۔ جس سے کافی تشفّی ہوئی۔

۱۰۔ جو مختلط شروحات ہیں اگر ان کے نسخوں میں کسی قسم کا اختلاف ہے تو اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ نسخہ میں غلطی ناسخ کی طرف سے ہے۔ الّا یہ کہ کبار شارحین کی طرف سے کوئی ایسی چیز وارد ہو جو اس کی تائید کر سکے یا دوسرے نسخے اس حوالے سے رہنمائی کریں۔ ممکن ہے اس صورت میں یہ شارحین کے ہاں قابل قبول ہو۔

۱۱۔ کبار شارحین کی شروح میں وارد ہونے والی روایات کے بارے میں میں نے غالب طور پر کسی قسم کا تعارض نہیں کیا، اگرچہ یہ روایات تحقیق کے اندر معتمد علیہ نسخوں میں سے کسی نسخہ میں نہ بھی ہو۔

۱۲۔ اصل نسخہ میں میں نے کسی قسم کا اختلاف نہیں کیا، الا یہ کہ میرے لیے اس میں خطا واضح ہو گئی۔ وہ اس طرح ہے کہ تمام نسخوں کا اس کے خلاف ہونے پر اجماع ہو، نیز میرے لیے اس کی درستگی بھی ظاہر ہو نہ کبار شارحین نے اس کی تائید کر رکھی ہو، اس کے بر عکس بعض نے تو اس کی مخالفت کی ہو۔ بلکہ بعض مقامات پر کبار شارحین نے اختلاف پر اتفاق کیا ہے جن میں سخاوی بھی شامل ہیں۔

۱۳۔ میں نے اصل کے ضبط میں صرف دو صورتوں میں ہی کچھ اضافہ کیا ہے؛

پہلی صورت: جب بقیہ نسخے اصل کے موافق ہوں اور نہ ہی اس کی موافقت کبار شارحین میں سے کسی نے کی ہو بلکہ ان میں سے اکثر یا بعض اس کے خلاف بھی گئے ہوں۔ یہ کل آٹھ مقامات ہیں۔ اصل کی صحت میں جو پختہ شک تھا اس نے مجھے مجبور کیا کہ میں اضافہ کروں۔ ہاں اگر مجھے اس میں خطا کا یقین نہ ہو سکے تو میں مناسب سمجھتا ہوں کہ اس کا تقابل دوسری توجیہ کے ساتھ کیا جائے۔ اگرچہ اس کی واحد خوبی یہی ہو کہ وہ روایت کردہ ہے۔

دوسری صورت: جس کے خلاف سخاوی نے اپنی شرح میں نص ذکر کی ہو میں نے اس میں کچھ اضافہ کیا ہے۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ اصل میں سخاوی کی روایت کی جہت سے کوئی خطا ہے۔ ایسا ایک ہی جگہ پر ہے۔ اس صورت میں میں نے مناسب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سمجھا کہ میں اس توجیہ کے ساتھ تقابل کروں جسے سخاوی نے بطور نص ذکر کیا ہے۔ وہ توجیہ کہ جس میں فقط یہ ہے کہ یہ سخاوی سے روایت کردہ ہے۔

میں نے اصل میں سے کسی چیز کو برقرار اس لیے رکھا کہ مجھے اس کے خطا ہونے کا قطعی یقین نہیں ہے۔ ممکن ہے کہ یہ سخاوی کی روایت میں سے ہو اور انہوں نے (خصوصا اسی لیے کہ ان کے ہاں صحیح معنیٰ موجود ہو) اس پر اعتماد نہ کیا ہو۔ پھر وہ اصل دوسرے نسخوں اور کبار شارحین کی بعض شروحات کے موافق بھی ہوتی ہو۔

۱۴۔ جب اصل خاموش ہو، یہ واضح نہ ہو کہ اس میں کیا ہے؟ دوسرے نسخوں کا اختلاف بھی پایا جائے اور کبار شارحین بھی خاموش ہوں تو میں نے اسے ''س ۱'' میں برقرار رکھا ہے۔ الّا یہ کہ اس کی غلطی یقینی ہو جائے۔ اور جب اصل میں ظاہر کا راجح ہونا پایا جائے تو میں نے اسے ''س ۱'' کے ساتھ برقرار رکھا۔

۱۵۔ جب اصل خاموش ہو اور نسخے بھی آپس میں متفق ہوں، لیکن بعض شارحین نے اختلاف کیا ہو تو اس صورت میں میں اصل متن میں ممکنہ حد تک تطبیق پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔ بصورتِ دیگر میں اسے برقرار رکھتا ہوں جس پر نسخوں کا اتفاق ہے۔

۱۶۔ جب اصل ''س ۱'' اور کبار شارحین خاموش ہوں، متن کے اصل میں بقیہ نسخوں میں تطبیق بھی ممکن نہ ہو تو میں اسے ''ش'' میں برقرار رکھتا ہوں اگر اس میں وضاحت ہو۔ اس پر میں ''س ۲'' کو کثرتِ خطا کی وجہ سے مقدم نہیں کرتا۔ ہاں البتہ اگر اس کی تائید کبار شارحین یا دوسرے نسخے کرتے ہوں تو الگ بات ہے۔

۱۷۔ جب اصل اور ''س ۱'' خاموش ہوں اور دوسرے نسخوں اور کبار شارحین کا اختلاف ہو تو اس صورت میں اگر ممکن ہو تو میں متن کی اصل میں تطبیق پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔ بصورتِ دیگر میں کبار شارحین میں سے بعض کے مذہب کو راجح قرار دے دیتا ہوں جو نسخوں میں سے کسی نسخہ کے موافق ہو۔

یہ ضروری نہیں کہ میں ''س ۲'' کے موافق ہونے کی وجہ سے ترجیح دوں کیونکہ اس میں غلطیاں بہت زیادہ ہیں، ہاں اگر کوئی قرائن موجود ہوں تو ترجیح ممکن ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۱۸۔ قرآنی کلمات لکھنے میں میں نے قرآنی رسم الخط کی ہی پیروی کی ہے۔ سوائے شعر نمبر ۱۷۷ میں "عینٍ" اور شعر نمبر ۱۷۸ میں کلمہ "الف" لکھنے میں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ حروفِ مقطعات کے ضمن میں آتے ہیں۔ اگر میں مصحف کے رسم الخط کے مطابق ان کو لکھتا تو ان کا پڑھنا مشکل ہو جاتا ہے۔ لہٰذا میں نے مناسب سمجھا کہ ان کو ان کے ہجائی رسم الخط میں ہی لکھا جائے۔

اسی طرح دو حصوں میں منقسم کلمات میں بھی میں قرآنی رسم الخط کی اتباع نہیں کر سکا۔ جیسے شعر نمبر ۳۳۶ میں اَلْقُرٰی اِلٰی۔۔۔ لَتِیْ۔

۱۹۔ بعض کلماتِ قرآنی قائم مقام ہوتے ہیں، تو اس سلسلے میں رسمِ قرآنی کو ہی ملحوظ رکھا ہے۔ جیسے شعر نمبر ۵۹۲ میں یَعَذِّبْ، یہ یُعَذِّبُہٗ سے قائم مقام ہے۔

۲۰۔ جب مصاحف کے مسودہ میں موجود ایسے حروف آئیں جو اس کے مسودہ میں نہ ہوں تو قراءت جس حرف کی ہو گی وہ ملحق (بعد والا) ہو گا۔ جیسے شعر نمبر ۱۰۸ میں "صِرَاطٍ"۔

۲۱۔ ساری نظم کے ضبط کے سلسلے میں خواہ لفظ قرآنی ہو یا قرآن کے علاوہ ہو، میں نے ضبط قرآنی کی موافقت کی ہے۔ یہ اس لیے کہ میں نے ارادہ کیا کہ لفظ ضبط کی فرع ہو جیسے کہ اصل میں ہے۔ ضبط قرآنی میں یہی حقیقی مقصد ہے۔[1] جس کا اہتمام حفاظِ کرام بالخصوص کرتے ہیں۔

---

[1] میں نے مصاحف کے ضبط کی مخالفت دو مسئلوں میں کی ہے؛

اول: ادغام اور اخفاء میں تنوین منصوب، اہل مشرق کے مصاحف میں علامتِ تنوین کے متعلق کنارہ کرنے کا عمل ہی جاری رہا ہے۔ کیونکہ یہ حرف اور ما بعد الحرف سے بعید تر ہے۔

بظاہر یہ حرف کے قریب ہے۔ کیونکہ یہ حروف کے ما بعد کی تنوین کے قریب ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ یہ علت بالخصوص حروفِ حلقی پر آنے والی تنوین میں ہے۔ کیونکہ مخرج میں حرف اور تنوینات کے مابین فاصلے کی وجہ سے ان تنوینات کے متعلق حکم واضح ہے۔ وہ نقطہ جو اس کی علامت ہے وہ حرف حلقی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں نے اس کی مخالفت تین مسائل میں کی ہے؛

اول: میں نے اس بات کا اہتمام کیا کہ ساکن قافیہ کا اثر اشعار کے پہلے حصوں پر نہ ہو بنسبت بعد والے حصوں کے۔ کیونکہ اشعار کا نصف در اصل فصول کے قائم مقام ہے۔[1] لہٰذا اس قافیے کو ساکن کرنا لازم ہے اگرچہ یہ ما بعد کے ساتھ حالت وصل میں ہی ہو۔ اور اگر حالتِ وصل میں نہ ہو تو بھی ایسا ہی پڑھا جائے گا۔ عنوانات کا مابعد کے ساتھ فصل ہونا زیادہ مناسب اور اولیٰ ہے۔

سے بعید ہے۔ یہ اس لئے کے اسے حرکت سے بلند تر رکھا گیا ہے تا کہ اس سے انقطاع و انفصال کی اجازت ہو۔ نیز اس کے خالص ہونے اور بیان پر دلالت کرے۔

اگر اسم منون (تنوین والا اسم) کے بعد تینوں حالتوں نصب، جر اور رفع میں حروفِ حلقی کے علاوہ دوسرے حروف معجم یعنی حروفِ لسان اور حروفِ شفتین آئیں تو حرکت اور تنوین کے لیے دو نقطے پہ در پہ بنائیں جائیں گے۔ ایک نقطہ دوسرے کے بعد آئے گا۔ پہلا نقطہ جو حرف کے ساتھ ہوگا حرکت کا اور بعد والا نقطہ تنوین کا ہوگا۔ جیسے ہم ذکر کر چکے ہیں۔ المحکم:۶۹۔ اس مسئلہ میں مزید تحقیق کے لیے ہمارے شیخ احمد شرشال کی اصول الضبط لابی داؤد کی تحقیق ۱۵-۱۷ ملاحظہ فرمائیں۔

دوم: دوسرا مسئلہ کلمے کے آخر میں واقع ہونے والی یاء پر نقطوں کا نہ ہونا ہے۔ التباس سے بچنے کے لیے ان کے نکات کا ہونا اولی ہے۔ بالخصوص اس وقت جب آپ کو علم ہو کہ ان نقطوں کا مقصود تلاوت میں سہولت پیدا کرنا ہے۔

پھر بعض علماء غیر موجود یاء جس کو پڑھا نہیں جاتا جیسے بِأَيْدٍ (الذاریات:۴۷) کو ادا کرتے ہیں۔ یہاں نقطے موجود ہیں۔ جنہیں اس مسئلہ میں بالادلی ادا کیا جائے گا۔

اس مسئلے کے بارے میں یہ خلاصہ پیش کیا گیا ہے جو ہم نے اپنے شیخ احمد شرشال سے کئی بار سماعت کیا۔

[1] دیکھئے: الکتاب لسیبویہ: ۱۵۰/۴، وشرح الشافیۃ للرضی: ۲۶۶/۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دوم: دوسرا مسئلہ مدِ متصل میں علامت مد کو برقرار رکھنا ہے۔[1] یہ اس وجہ سے کہ شعر میں اصل یہ ہے کہ اس کو مد کے بغیر پڑھا جائے خواہ قرآنی الفاظ ہی کیوں نہ ہوں، کیونکہ یہ مقام تلاوت نہیں ہے۔[2]

اگر اس کو مد کے ساتھ پڑھا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے خاص طور پر جب اسے ترنم کے ساتھ پڑھا جا رہا ہو۔ کیونکہ جب آپ حرف مدہ کو لمبا کر کے پڑھیں گے تو یہ ایک ہی حرف رہے گا۔[3]

سوم: تیسرا مسئلہ حرکات کی معرفت میں سہولت بالخصوص مبتدی طلبہ کی آسانی کی غرض سے نون تنوین متحرکہ مع حرکات کے بیان پر مشتمل کتب کے شامل کرنے کا مسئلہ ہے۔

۲۲۔ نون ساکن اور تنوین کے بعد آنے والی ہر یاء اور واؤ کو میں نے مشدد بنایا ہے۔ کیونکہ نون اور تنوین دونوں ان میں بغیر غنہ کے مدغم ہوتے ہیں۔ اس ضبط کی قراءت بھی کی جاتی ہے۔[4] لہٰذا میں نے اسے سہولت کی غرض سے اختیار کیا۔

---

[1] رہی بات مد منفصل کی تو اس میں کوئی مخفی نہیں ہے کہ اس میں قصر کرنا جائز ہے۔ دیکھئے: النَّشْر: ۱/ ۳۳۳، وطیبۃ: البیت: ۱۶۴

[2] لیکن اگر یہ مقام تلاوت بھی ہو تو شعر میں اس کو ایسے ہی پڑھا جائے گا۔ کیونکہ یہاں اسے ایسے پڑھنا ضروری نہیں ہے جیسے مقاماتِ تلاوت پر ایسے پڑھنے کا لزوم ہے۔ میں نے اس تفریق کی وجوہ اپنی کتاب اللُّحْنِ فِي قِرَاءَةِ القُرآنِ الكَرِيم: ۶۸-۷۰ میں ذکر کی ہیں۔

[3] الزجاج نے ایسے بندے کو جو الف کی مد کو لمبا کر رہا تھا کہا: اگر تو اسے عصر تک لمبا کرتا رہے تو یہ ایک الف ہی رہے گا۔ دیکھئے: الخصائص: ۱۰۳، ۶۳۳، ۶۳۴۔

[4] نون اور تنوین کا واؤ اور یاء کے ساتھ بغیر غنہ کہ مدغم ہونا ہمزہ کی روایت کے خلاف ہے۔ البتہ ہمزہ کے بر خلاف دوری اور کسائی نے خاص طور پر یاء میں ادغام کیا ہے۔ دیکھئے: النَّشْر: ۲/ ۲۴ - ۶۵، وطیبۃ: البیت: ۲۷۶

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور اگر اسے نون ساکن اور تنوین کے اظہار کے ساتھ پڑھا جائے تو اس کی گنجائش بھی ہے۔

۲۳۔اگر حرف وصل کی حالت میں گر جائے اور وقف کی حالت میں ثابت رہے تو میں نے اس پر مستطیل دائرہ لگایا ہے۔بشرطیکہ وہ حرف مدہ مابعد ساکن نہ ہو ۔[1] جیسے شعر نمبر(۱۸۶) میں "فِي الْأَخْفَافِ" ہے۔میں نے یہاں یاء پر مستطیل دائرہ لگایا ہے تاکہ قاری اسے وصل کی صورت میں نہ پڑھے۔

۲۴۔اصل میں بعض قرآنی کلمات پر اعراب قرآنی تلفظ کے معروف اعراب کے بر خلاف آئے ہیں۔ان میں قرآنی تلفظ میں دوسرے اعراب کا آنا بھی ممکن ہے۔اس صورتحال کے باوجود میں نے اصل کو اس کی حالت پر برقرار رکھا ہے۔کیونکہ قرآنی تلفظ کے بیان کرنے کا التزام اس مسئلے میں زیادہ اولیٰ ہے۔البتہ حتمی نہیں ہے۔[2] جب اصل میں اس کے بر خلاف وارد ہو گا تو کسی کے لئے اولی کی اتباع (بالخصوص جب ان میں سے بعض کلمات کی موافقت بعض دوسرے نسخے کرتے ہوں) مناسب نہیں ہے۔

۲۵۔میں نظم کو عروضی قراءت کے مطابق احاطہ ضبط میں لے کر آیا ہوں۔بعض اوقات شعری ضروریات اس کا تقاضا کرتی ہیں، جیسے ہمزہ قطعی کا وصل کے ساتھ پڑھنا۔

۲۶۔نظم میں صلوں کے بارے میں ہر نسخہ خاموش ہے۔میں نے ان صلوں کو نظم کے ساتھ قراءت میں سہولت کی غرض سے شامل کیا ہے۔شعر کے پہلے حصے کے آخر میں وارد ہونے والے صلہ کے اثبات میں میں نے کسی تکلف سے کام نہیں لیا۔کیونکہ یہ طبعا

---

[1] جیسے کہ معلوم ہے کہ حرف مدہ وصل کی صورت میں گر جاتا ہے۔

[2] اس بات کی تائید خود شاطبی رحمہ اللہ سے شان و وقار پر دلالت کرنے والے الفاظ کے بارے میں وارد ہونے والی یہ بات بھی کرتی ہے۔آپ رحمہ اللہ کے شاگرد سخاوی آپ سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں: قصید کے ناظم نے اشعار میں طالوت پر رفع اور جالوت پر نصب کی اجازت دی ہے۔رفع بوجہ عطف اور نصب بوجہ حکایت ہے۔الوسیلۃ:۲۹۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معلوم ہیں، نیز ان کا کثرت کے باوجود برقرار رکھنا اشعار کے حسن منظر میں کمی پیدا کر سکتا ہے۔

۲۷۔ بعض صلے خماسی (فَعولُن) اور بعض خماسی و سباعی (مَفاعیلُن) میں واقع ہوئے ہیں۔ دونوں کے خماسی سے صلہ کو حذف کرنا "القبض" ہے اور سباعی سے صلہ کا حذف "الکف" ہے۔[1]

خماسی (فعولُن) میں القبض اچھا ہے، چنانچہ اسے میں نے برقرار رکھا، جبکہ سباعی میں یہ القبض غیر مناسب ہے، لہذا میں نے اس سے اجتناب کیا ہے۔ اس کے خماسی میں القبض درست تھا لیکن میں نے اصل میں نہ ہونے کی بنا پر اسی طرح اجتناب کیا ہے۔[2]

---

[1] دیکھئے: العروض، لابن جني: ۴۶۔

[2] دمامینی نے (ت: ۸۲۷ھ) اس مسئلہ میں قول کی تحقیق کی ہے، آپ فرماتے ہیں: الزحاف المنفرد سے کیا خوب روایت کی گئی ہے، اور اسی سے ہم جس موقف پر قائم ہیں، وہ یہ ہے: بعض اوقات یہ حسن ہوتا ہے، بعض اوقات صالح اور بعض اوقات قبیح۔

تو حسن وہ ہے کہ جس کا استعمال بہت زیادہ ہو، طبع سلیم رکھنے والے پر اس کا التزام یا عدم التزام برابر ہو، جیسے فَعولُن کے طویل میں القبض کا ہونا۔

قبیح وہ ہے جس کا استعمال قلیل ہو اور طبیعتِ سلیمہ پر اس کا احتمال بھی گراں گزرتا ہو۔ جیسے طویل میں الکف۔

اور صالح وہ ہے جو مذکورہ دونوں حالتوں کے درمیان ہو، لیکن وہ کسی ایک نوع کے ساتھ ملحق نہ ہو، جیسے سباعی طویل میں القبض۔ البتہ اگر اس میں کثرت ہو تو یہ قبیح کی قسم سے مل جاتا ہے۔

شاعر کو چاہیے کہ وہ مذکورہ اصطلاحات کے استعمال میں اسی کا انتخاب کرے جس کو خود اس کا ذوق پسند کرے اور اس کا لانا خود اسے شیریں محسوس ہو۔ ان میں سے کسی کے جواز پر تکیہ کرتے ہوئے وہ غیر پسندیدہ زِحاف (علم عروض میں اس تغیر کو کہتے ہیں جو دوسرے سبب خفیف یا سبب ثقیل میں ہوتا ہے) پر اعتماد کرتے ہوئے اپنے نفس کو رعایت نہ دے۔ بصورت دیگر اس کی نظم کی خوبصورتی میں نقص اور حلاوت میں کمی واقع ہوگی۔ اگرچہ معنی میں کمال کی عمدگی پائی جائے۔

ہاں البتہ بامر مجبوری اور وقت حاجت ان کا استعمال تھوڑا اور بہت ہو تو الگ بات ہے۔

العیون الغامزة، علی خبایا الرامزة ۸۶، وینظر: ۱۴۸، وشرح شفاء العلیل، في نظم الزحافات والعلل: ۱۱۲.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۲۸۔ جن قرانی کلمات کی طرف میں نے اشارہ کیا ہے ان کو قوسین میں رکھا ہے، جیسے شعر نمبر (۸۰۹) میں (قَبلَ فِيهِمْ)۔

۲۹۔ میں نے نظم کے اشعار کی ترقیم بھی کی ہے، ابواب میں سے ہر باب کے ساتھ میں نے اشعار کی تعداد بھی ملحق کر دی ہے۔

۳۰۔ میں نے علاماتِ ترقیم میں کثرت سے اجتناب کیا ہے، میں نے انہیں غالب طور پر وہیں درج کیا ہے جہاں کوئی اشکال ہو۔ اس کی وجہ مندرجہ ذیل امور ہیں:

اول: الشاطبیہ مکمل طور پر ظاہر (واضح) ہے۔

دوم: امام شاطبیؒ ہر ترجمہ اور مابعد کے درمیان فصل کے لیے حرفِ واو کا استعمال کرتے ہیں۔ سوائے اس جگہ جہاں کوئی اشکال نہ ہو۔ اس کے ساتھ میں نے یہ کام بھی کر دیا ہے کہ جہاں پر وہ واؤ فاصلہ کے لیے نہیں لائے میں نے وہاں فاصلہ کا اندراج کر دیا ہے۔

سوم: بہت زیادہ علامات ترقیم کے استعمال سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اشعار میں بہت سی جگہوں پر لکھنے کے لئے جگہ تنگ پڑ جاتی ہے۔ اس صورت میں خطاط خط کے سائز کو چھوٹا کرنے یا حروف کو آپس میں ملا کر لکھنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ یہ دونوں صورتیں غیر پسندیدہ ہیں۔

چہارم: علامات ترقیم کی کثرت سے قصیدہ کے حسن منظر کا وقار مجروح ہو جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بہت سے تراجم پہلے، دوسرے یا دونوں حصے کے اختتام پر ہوتے ہیں۔

۳۱۔ میں نے قرآنی الفاظ کو سرخ، قراء و رُواۃ کے اسماء اور ان کے رموز کو نیلا اور قصیدہ کے نام اور تمام ابواب کے عناوین کو سبز رنگ دیا ہے۔ اس کے علاوہ جو بھی تحریر ہو گی وہ سیاہ رنگ میں ہو گی۔

۳۲۔ تمام مقامات اور مقبول قراءات جہاں قرآنی ضبط نہیں لیکن وہ قصیدہ میں شامل ہیں، جیسے وہ تھے میں نے ان کو ویسے ہی برقرار رکھا ہے۔ البتہ میں نے اسے سیاہ رنگ کے ساتھ نمایاں کیا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جہاں ایسا عارضی حرف آئے جو حذف کا تقاضا کرے میں نے وہاں بھی یہی طریقہ کار اپنایا ہے۔ جیسے شعر نمبر (۸۴۰) میں وَذَكِّرْ يَكُنْ شَافٍ۔ اصل تو یہ ہے کہ نون پر سیاہ رنگ میں سکون آئے۔ کیونکہ یہ قرآنی ضبط میں شامل نہیں ہے۔ مگر اس کے بعد آنے والا شین اس کے اخفا کا تقاضا کرتا ہے۔ لہٰذا میں نے اس کے سکون کو محذوف رکھا ہے۔

۳۳۔ جب کسی بھی کلمے میں دو وجوہ وارد ہوں اور ان میں سے ایک وجہ اصل میں پائی جائے جبکہ دوسری اصل میں نہ ہو۔ ایسی صورت میں میں نے ان دونوں کو اصلِ متن میں برقرار رکھا ہے۔ جو وجہ اصل میں ہے میں نے اسے دوسرے سے ممتاز کرنے کے لیے سرخ رنگ دیا ہے اور جو وجہ اصل میں نہیں ہے میں نے اسے سیاہ ہی رہنے دیا ہے۔ اگرچہ وہ قرآنی کلمہ ہونے کی وجہ سے اصلاً سرخ ہی ہو۔

۳۴۔ اگر اصل کے اصلِ متن میں دونوں وجوہ ثابت ہوں تو ان میں سے میں کسی ایک کو بھی سرخ نہیں کرتا، الّا یہ کہ اس کو سرخ نہ کرنا وہم میں ڈال دے۔[1] جب یہ قرآنی کلمات میں آئیں تو میں ان دونوں وجوہ کو سیاہ نہیں کرتا، الّا یہ کہ ان کا سیاہ نہ کرنا کسی وہم میں مبتلا کر دے۔[2]

۳۵۔ دو وجوہ کا حامل سرخ کلمہ ایک مقام پر آئے جبکہ غیر سرخ کلمہ دوسری جگہ پر آئے تو اس صورت میں یہ معلوم رہنا چاہیے کہ جو اصل میں ضبط ہے وہی سرخی مائل ہے۔ جو سرخی مائل نہیں ہے وہ اصل میں موجود نہیں۔

۳۶۔ اگر قرآنی کلمہ کے اصلِ متن میں دو وجوہ ہوں۔ دونوں میں سے ایک بھی اصل میں موجود نہ ہو۔ قرآنی کلمات کے سرخ ہونے کی بنیاد پر ایسی صورت میں میں دونوں وجوہ کو سرخ کر دیتا ہوں۔ میں انہیں صرف قرآنی ضبط میں نہ ہونے کی صورت میں ہی سیاہ رکھتا ہوں۔

---

[1] دیکھیے: التعليق على البيتين: ۸۴۴، ۱۰۶۸

[2] دیکھیے: التعليق على البيت: ۶۳۲.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۳۷۔ قرآنی کلمات سے پہلے آنے والی واؤ کو میں سیاہ رہنے دیتا ہوں، اگرچہ یہ قراءت کی اصل میں تو ہیں لیکن اصلاً یہ قرآنی کلمات کا حصہ نہیں ہیں۔ امام شاطبیؒ بعض اوقات انہیں استئناف کے لیے لاتے ہیں تاکہ وہ تراجم کے درمیان فاصلہ لا سکیں اور بعض اوقات انہیں بطور عطف کے بھی لاتے ہیں۔ میں انہیں سرخ نہیں کرتا الّا یہ کہ مجھے قطعی معلوم ہو جائے کہ یہ قرآنی لفظ ہے۔ جیسے شعر نمبر (۹۶۳) میں "وَالْبَحْرِ" ہے۔

۳۸۔ جو چیز ضبطِ نظم کے ساتھ تعلق رکھتی ہے حفظ میں آسانی پیدا کرنے کی غرض سے میں نے انہیں حاشیہ میں رکھنے کی بجائے اسے اس کے بعد ہی رکھا ہے۔ اسی لیے میں نے اس بات کا التزام کیا ہے کہ ہر صحیفہ میں اشعار کی ترتیب علامہ ضبّاع کی ترتیب کے موافق ہو۔ اس ترتیب پر شیخ تمیم نے بھی کافی محنت کی ہے۔ میں نے اس ترتیب کے بر خلاف یاد کرنے میں (تقریباً اسی سال ہو گئے ہیں) حافظین کو بہت مشقت میں دیکھا ہے۔ ایسے یاد کرنے والوں کی تعداد بہت کثیر ہے۔

ضبط پر اشعار کی ترتیب کو میں نے دلیل بنایا ہے۔ پھر اشعار کے بعد میں نے ان کے ضبط کی مراد کو درج کیا ہے۔ نیز قرآنی کلمات کو قرآنی تلفظ کے مطابق لفظاً اور ضبطاً معروف قوسین میں ممتاز رکھا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خطی نسخوں کی تصاویر:

نسخہ چسٹر بیٹی کے ابتداء میں سے ایک تصویر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نسخہ دار الکتب المصریہ کے غلاف کی تصویر، جس میں امام سخاویؒ کا اجازہ بنام محمد الانصاری بھی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نسخہ مرکز الحکومی قرۃ مصطفی کے خاتمہ کی تصویر۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نسخہ مکتبہ احمدیہ کے خاتمہ کی تصویر۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نسخہ مکتبہ مکۃ المکرمہ میں شاطبیہ کے اختتام کی تصویر۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نسخہ مکتبہ برلین کے خاتمہ کی تصویر۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِيَاضِي

مَتَنُ الشَّاطَبِيَّة

اَلْمُسَمّٰى

حِرْزُ الْأَمَانِي وَوَجْهُ التَّهَانِي

نَظْمُ الْإِمَامِ: قَاسِمِ بْنِ فِيْرُّهِ بْنِ خَلَفِ بْنِ اَحْمَدَ الرُّعَيْنِيِّ الشَّاطِبِيِّ الْأُنْدَلَسِيِّ

علىٰ أُصوله

عَلِيُّ بْنُ سَعْدٍ الغَامِدِيُّ الْمَكِّيُّ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مقدمة

1	بَدَأْتُ بِبِسْمِ اللهِ فِي النَّظْمِ أَوَّلَا	تَبَارَكَ رَحْمَانًا رَحِيمًا وَمَوْئِلَا
2	وَثَنَّيْتُ: صَلَّى اللهُ رَبِّي عَلَى الرِّضَا	مُحَمَّدِنِ الْمُهْدَى إِلَى النَّاسِ مُرْسَلَا
3	وَعِتْرَتِهِ ے ثُمَّ الصَّحَابَةِ ثُمَّ مَنْ	تَلَاهُمْ عَلَى الْإِحْسَانِ بِالْخَيْرِ وُبِّلَا
4	وَثَلَّثْتُ: أَإِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ دَائِمًا	وَمَا لَيْسَ مَبْدُوءًا بِهِ ے أَجْذَمُ الْعَلَا
5	وَبَعْدُ: فَحَبْلُ اللهِ فِينَا كِتَابُهُ	فَجَاهِدْ بِهِ ے حَبْلَ الْعِدَا مُتَحَبِّلَا
6	وَأَخْلِقْ بِهِ ے إِذْ لَيْسَ يُخْلِقُ جِدَّةً	جَدِيدًا مُوَالِيهِ ے عَلَى الْجِدِّ مُقْبِلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

7	وَقَارِئُهُ الْمَرْضِيُّ قَرَّ مِثَالُهُ	كَالُاتْرُجِّ حَالَيْهِ ے مُرِيحًا وَّمُوْكِلَا
8	هُوَ الْمُرْتَضٰى أُمًّا إِذَا كَانَ أُمَّهً	وَيَمَّمَهُ , ظِلُّ الرَّزَانَةِ قَنْقَلَا
9	هُوَ الْحُرُّ إِنْ كَانَ الْحَرِيَّ حَوَارِيًا	لَهُ , بِتَحَرِّيْهِ ے إِلَىٰ أَنْ تَنَبَّلَا
10	وَإِنَّ كِتَابَ اللهِ أَوْثَقُ شَافِعٍ	وَأَغْنَىٰ غَنَاءٍ وَّاهِبًا مُّتَفَضِّلَا
11	وَخَيْرُ جَلِيْسٍ لَّا يُمَلُّ حَدِيْثُهُ	وَتَرْدَادُهُ , يَزْدَادُ فِيْهِ تَجَمُّلَا
12	وَحَيْثُ الْفَتَىٰ يَرْتَاعُ فِيْ ظُلُمَاتِهِ	مِنَ الْقَبْرِ يَلْقَاهُ , سَنًّا مُّتَهَلِّلَا
13	هُنَالِكَ يَهْنِيْهِ ے مَقِيْلًا وَّرَوْضَةً	وَمِنْ أَجْلِهِ ے فِيْ ذُرْوَةِ الْعِزِّ يُجْتَلَىٰ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

14	يُنَاشِدُ فِيْ إِرْضَائِهِ ے لِحَبِيْبِهِ	وَأَجْدِرُ بِهِ ے سُؤْلًا إِلَيْهِ مُوَصَّلَا
15	فَيَا أَيُّهَا الْقَارِيْ بِهِ ے مُتَمَسِّكًا	مُجِلًّا لَهُ, فِيْ كُلِّ حَالٍ مُبَجِّلَا
16	هَنِيْئًا مَّرِيْئًا وَالِدَاكَ عَلَيْهِمَا	مَلَابِسُ أَنْوَارٍ مِّنَ التَّاجِ وَالْحُلَىٰ
17	فَمَا ظَنُّكُمْ بِالنَّجْلِ عِنْدَ جَزَائِهِ	أُوْلَئِكَ أَهْلُ اللهِ وَالصَّفْوَةُ الْمَلَا
18	أُولُو الْبِرِّ وَالْإِحْسَانِ وَالصَّبْرِ وَالتُّقَىٰ	حُلَاهُمْ بِهَا جَاءَ الْقُرَانُ مُفَصَّلَا
19	عَلَيْكَ بِهَا مَا عِشْتَ فِيْهَا مُنَافِسًا	وَبِعْ نَفْسَكَ الدُّنْيَا بِأَنْفَاسِهَا الْعُلَا
20	جَزَى اللهُ بِالْخَيْرَاتِ عَنَّا أَئِمَّةً	لَنَا نَقَلُوا الْقُرْانَ عَذْبًا وَسَلْسَلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

21	فَمِنْهُمْ بُدُوْرٌ سَبْعَةٌ قَدْ تَوَسَّطَتْ	سَمَاءَ الْعُلَا وَالْعَدْلِ زُهْرًا وَّكُمَّلَا
22	لَهَا شُهُبٌ عَنْهَا اسْتَنَارَتْ فَنَوَّرَتْ	سَوَادَ الدُّجَىٰ حَتّٰى تَفَرَّقَ وَانْجَلَىٰ
23	وَسَوْفَ تَرَاهُمْ وَاحِدًا بَعْدَ وَاحِدٍ	مَعَ اثْنَيْنِ مِنْ أَصْحَابِهٖ ے مُتَمَثِّلَا
24	تَخَيَّرَهُمْ نُقَّادُهُمْ كُلَّ بَارِعٍ	وَلَيْسَ عَلَىٰ قُرْانِهٖ ے مُتَأَكِّلَا
25	فَأَمَّا الْكَرِيْمُ السِّرِّ فِي الطِّيْبِ نَافِعٌ	فَذَاكَ الَّذِيْ اخْتَارَ الْمَدِيْنَةَ مَنْزِلَا
26	وَقَالُوْنُ عِيْسَىٰ ثُمَّ عُثْمَانُ وَرْشُهُمْ	بِصُحْبَتِهِ الْمَجْدَ الرَّفِيْعَ تَأَثَّلَا
27	وَمَكَّةُ عَبْدُ اللّٰهِ فِيْهَا مُقَامُهُ	هُوَ ابْنُ كَثِيْرٍ كَاثِرُ الْقَوْمِ مُعْتَلَىٰ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

28	رَوىٰ أَحْمَدُ الْبَزِّيْ لَهُ , وَمُحَمَّدٌ	عَلَى سَنَدٍ - وَّهُوَ الْمُلَقَّبُ قُنْبُلَا
29	وَأَمَّا الْإِمَامُ الْمَازِنِيُّ صَرِيْحُهُمْ	أَبُوْ عَمْرٍو الْبَصْرِيْ فَوَالِدُهُ الْعَلَا
30	أَفَاضَ عَلَىٰ يَحْيَى الْيَزِيْدِيِّ سَيْبَهُ	فَأَصْبَحَ بِالْعَذْبِ الْفُرَاتِ مُعَلَّلَا
31	أَبُوْ عُمَرَ الدُّوْرِيْ وَصَالِحُهُمْ أَبُوْ	شُعَيْبٍ هُوَ السُّوْسِيُّ عَنْهُ تَقَبَّلَا
32	وَأَمَّا دِمَشْقُ الشَّامِ دَارُ ابْنِ عَامِرٍ	فَتِلْكَ بِعَبْدِ اللّٰهِ طَابَتْ مُحَلَّلَا
33	هِشَامٌ وَّعَبْدُ اللّٰهِ وَهُوَ انْتِسَابُهُ	لِذَكْوَانَ، بِالْإِسْنَادِ عَنْهُ تَنَقَّلَا
34	وَبِالْكُوْفَةِ الْغَرَّاءِ مِنْهُمْ ثَلَاثَةٌ	أَذَاعُوْا فَقَدْ ضَاعَتْ شَذًا وَّقَرَنْفُلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

35	فَأَمَّا أَبُوْ بَكْرٍ وَّعَاصِمٌ ۞ اسْمُهُ	فَشُعْبَةُ رَاوِيْهِ الْمُبَرِّزُ أَفْضَلَا
36	وَذَاكَ ابْنُ عَيَّاشٍ أَبُوْ بَكْرٍ الرِّضَا	وَحَفْصٌ وَبِالْإِتْقَانِ كَانَ مُفَضَّلَا
37	وَحَمْزَةُ مَا أَزْكَاهُ مِنْ مُتَوَرِّعٍ	إِمَامًا صَبُوْرًا لِلْقُرَانِ مُرَتِّلَا
38	رَوَىٰ خَلَفٌ عَنْهُ, وَخَلَّادٌ الَّذِيْ	رَوَاهُ سُلَيْمٌ مُتْقَنًا وَّمُحَصَّلَا
39	وَأَمَّا عَلِيٌّ فَالْكِسَائِيُّ نَعْتُهُ	لِمَا كَانَ فِي الْإِحْرَامِ فِيْهِ تَسَرْبَلَا
40	رَوَىٰ لَيْثُهُمْ عَنْهُ, أَبُو الْحَارِثِ الرِّضَا	وَحَفْصٌ هُوَ الدُّوْرِيُّ وَفِي الذِّكْرِ قَدْ خَلَا
41	أَبُوْ عَمْرِهِمْ وَالْيَحْصَبِيُّ ابْنُ عَامِرٍ	صَرِيْحٌ وَبَاقِيْهِمْ أَحَاطَ بِهِ الْوَلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

42	لَهُمْ طُرُقٌ يَّهْدِيْ بِهَا كُلُّ طَارِقٍ	وَلَا طَارِقٌ يُّخْشَىٰ بِهَا مُتَمَحِّلَا
43	وَهُنَّ اللَّوَاتِيْ لِلْمُوَاتِيْ نَصَبْتُهَا	مَنَاصِبَ فَانْصَبْ فِيْ نِصَابِكَ مُفْضِلَا
44	وَهَا أَنَا ذَا أَسْعَىٰ لَعَلَّ حُرُوْفَهُمْ	يَطُوْعُ بِهَا نَظْمُ الْقَوَافِيْ مُسَهَّلَا
45	جَعَلْتُ أَبَا جَادٍ عَلَىٰ كُلِّ قَارِئٍ	دَلِيْلًا عَلَى الْمَنْظُوْمِ أَوَّلَ أَوَّلَا
46	وَمِنْ بَعْدِ ذِكْرِيْ الْحَرْفَ أُسْمِيْ رِجَالَهُ	مَتَىٰ تَنْقَضِيْ اِتْيَانُكَ بِالْوَاوِ فَيْصَلَا
47	سِوَىٰ أَحْرُفٍ لَّا رِيْبَةٌ فِيْ اتِّصَالِهَا	وَبِاللَّفْظِ أَسْتَغْنِيْ عَنِ الْقَيْدِ إِنْ جَلَا
48	وَرُبَّ مَكَانٍ كَرَّرَ الْحَرْفَ قَبْلَهَا	لِمَا عَارِضٍ وَّالْأَمْرُ لَيْسَ مُهَوِّلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

49	وَمِنْهُنَّ لِلْمَكِّيِّ: تَاءٌ مُثَلَّثٌ	وَسِتَّتُهُمْ: بِالْخَاءِ لَيْسَ بِأَغْفَلَا
50	عَنَيْتُ الْأُلَىٰ أَثْبَتُّهُمْ بَعْدَ نَافِعٍ	وَكُوفٍ وَّشَامٍ: ذَالُهُمْ لَيْسَ مُغْفَلَا
51	وَكُوفٍ مَّعَ الْمَكِّيِّ بِالظَّاءِ مُعْجَمًا	وَكُوفٍ وَّبَصْرٍ غَيْنُهُمْ لَيْسَ مُهْمَلَا
52	وَذُو النَّقْطِ شِينٌ لِلْكِسَائِي وَحَمْزَةٍ	وَقُلْ فِيهِمَا مَعْ شُعْبَةٍ: صُحْبَةٌ تَلَا
53	صِحَابٌ: هُمَا مَعْ حَفْصِهِمْ عَمَّ: نَافِعٌ	وَشَامٍ، سَمَا: فِي نَافِعٍ وَّفَتَى الْعَلَا
54	وَمَكٍّ، وَّحَقٌّ: فِيهِ وَابْنِ الْعَلَاءِ قُلْ	وَقُلْ فِيهِمَا وَالْيَحْصَبِيِّ: نَفَرٌ حَلَا
55	وَحِرْمِيٌّ: الْمَكِّيُّ فِيهِ وَنَافِعٌ	وَحِصْنٌ: عَنِ الْكُوفِيِّ وَنَافِعِهِمْ عَلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

56	وَمَهْمَا أَتَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ بَعْدُ كَلِمَةٌ	فَكُنْ عِنْدَ شَرْطِيْ وَاقْضِ بِالْوَاوِ فَيْصَلَا
57	وَمَا كَانَ ذَا ضِدٍّ فَإِنِّيْ بِضِدِّهِ	غَنِيٌّ. فَرَاجِمْ بِالذَّكَاءِ لِتَفْضُلَا
58	كَمَدٍّ وَّإِثْبَاتٍ وَّفَتْحٍ وَّمُدْغَمٍ	وَهَمْزٍ وَّنَقْلٍ وَّاخْتِلَاسٍ تَحَصَّلَا
59	وَجَزْمٍ وَّتَذْكِيْرٍ وَّغَيْبٍ وَّخِفَّةٍ	وَجَمْعٍ وَّتَنْوِيْنٍ وَّتَحْرِيْكِ اعْمِلَا
60	وَحَيْثُ جَرَى التَّحْرِيْكُ غَيْرَ مُقَيَّدٍ	هُوَ الْفَتْحُ وَالْإِسْكَانُ اخَاهُ مَنْزِلَا
61	وَاخَيْثُ بَيْنَ النُّوْنِ وَالْيَا وَفَتْحِهِمْ	وَكَسْرٍ. وَبَيْنَ النَّصْبِ وَالْخَفْضِ مُنْزِلَا
62	وَحَيْثُ أَقُوْلُ الضَّمُّ وَالرَّفْعُ سَاكِتًا	فَغَيْرُهُمُ بِالْفَتْحِ وَالنَّصْبِ أَقْبَلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

63	وَفِي الرَّفْعِ وَالتَّذْكِيرِ وَالْغَيْبِ جُمْلَةٌ	عَلَىٰ لَفْظِهَا أَطْلَقْتُ مَنْ قَيَّدَ الْعُلَا
64	وَقَبْلَ وَبَعْدَ الْحَرْفِ: ائْتِ بِكُلِّ مَا	رَمَزْتُ بِهِ ے فِي الْجَمْعِ إِذْ لَيْسَ مُشْكِلَا
65	وَسَوْفَ أُسَمِّي حَيْثُ يَسْمَحُ نَظْمُهُ	بِهِ ے مُوضِحًا جِيدًا مُعَمًّا وَمُخْوِلَا
66	وَمَنْ كَانَ ذَا بَابٍ لَّهُ, فِيهِ مَذْهَبٌ	فَلَا بُدَّ أَنْ يُسْمَىٰ فَيُدْرَىٰ وَيُعْقَلَا
67	أَهَلَّتْ فَلَبَّتْهَا الْمَعَانِي لُبَابُهَا	وَصُغْتُ بِهَا مَا سَاغَ عَذْبًا مُسَلْسَلَا
68	وَفِي يُسْرِهَا التَّيْسِيرُ رُمْتُ اخْتِصَارَهُ	فَأَجْنَتْ بِعَوْنِ اللهِ مِنْهُ مُؤَمَّلَا
69	وَأَلْفَافُهَا زَادَتْ بِنَشْرِ فَوَائِدٍ	فَلَفَّتْ حَيَاءً وَجْهَهَا أَنْ تُفَضَّلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

70	وَسَمَّيْتُهَا :"حِرْزَ الْاَمَانِيْ" تَيَمُّنًا	وَوَجْهَ التَّهَانِيْ فَاهْنِهِ ے ، مُتَقَبَّلَا
71	وَنَادَيْتُ اَللّٰهُمَّ يَا خَيْرَ سَامِعٍ	أَعِذْنِيْ مِنَ التَّسْمِيْعِ قَوْلًا وَّمَفْعَلَا
72	إِلَيْكَ يَدِيْ مِنْكَ الْأَيَادِيْ تَمُدُّهَا	أَجِرْنِيْ فَلَا أَجْرِيْ بِجَوْرٍ فَأَخْطَلَا
73	أَمِيْنَ وَأَمْنًا لِلْأَمِيْنِ بِسِرِّهَا	وَإِنْ عَثَرَتْ فَهُوَ الْأَمُوْنُ تَحَمُّلَا
74	أَقُوْلُ لِحُرٍّ وَالْمُرُوْءَةُ مَرْؤُهَا	لِإِخْوَتِهِ الْمِرْاٰةُ ذُوْ النُّوْرِ مِكْحَلَا :
75	أَخِيْ -أَيُّهَا الْمُجْتَازُ نَظْمِيْ بِبَابِهِ	يُنَادِيْ عَلَيْهِ ے كَاسِدَ السُّوْقِ. أَجْمِلَا
76	وَظُنَّ بِهِ ے خَيْرًا وَّسَامِحْ نَسِيْجَهُ	بِالْإِغْضَاءِ وَالْحُسْنٰى وَإِنْ كَانَ هَلْهَلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

77	وَسَلِّمْ لِإِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ: إِصَابَةٌ	وَالْأُخْرَى اجْتِهَادٌ رَامَ صَوْبًا فَأَمْحَلَا
78	وَإِنْ كَانَ خَرْقٌ فَادْرِكْهُ بِفَضْلَةٍ	مِنَ الْحِلْمِ وَلْيُصْلِحْهُ مَنْ جَادَ مِقْوَلَا
79	وَقُلْ - صَادِقًا -: لَوْلَا الْوِئَامُ وَرُوْحُهُ	لَطَاحَ الْأَنَامُ الْكُلُّ فِي الْخُلْفِ وَالْقِلَى
80	وَعِشْ سَالِمًا صَدْرًا وَعَنْ غِيْبَةٍ فَغِبْ	تُحَضَّرْ حِظَارَ الْقُدْسِ أَنْقَى مُغَسَّلَا
81	وَهٰذَا زَمَانُ الصَّبْرِ مَنْ لَكَ بِالَّتِيْ	كَقَبْضٍ عَلَى جَمْرٍ فَتَنْجُوْ مِنَ الْبَلَا
82	وَلَوْ أَنَّ عَيْنًا سَاعَدَتْ لتَوَكَّفَتْ	سَحَائِبُهَا بِالدَّمْعِ دِيْمًا وَهُطَّلَا
83	وَلٰكِنَّهَا عَنْ قَسْوَةِ الْقَلْبِ قَحْطُهَا	فَيَا ضَيْعَةَ الْأَعْمَارِ تَمْشِيْ سَبَهْلَلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

84	بِنَفْسِيْ مَنِ اسْتَهْدَىٰ إِلَى اللهِ وَحْدَهُ	وَكَانَ لَهُ الْقُرْاٰنُ شِرْبًا وَّمَغْسَلَا
85	وَطَابَتْ عَلَيْهِ ے أَرْضُهُ , فَتَفَتَّقَتْ	بِكُلِّ عَبِيْرٍ حِيْنَ أَصْبَحَ مُخْضَلَا
86	فَطُوْبَىٰ لَهُ وَالشَّوْقُ يَبْعَثُ هَمَّهُ	وَزَنْدُ الْأَسَىٰ يَهْتَاجُ فِيْ الْقَلْبِ مُشْعِلَا
87	هُوَ الْمُجْتَبَىٰ يَغْدُوْ عَلَى النَّاسِ كُلِّهِمْ	قَرِيْبًا غَرِيْبًا مُّسْتَمَالًا مُّؤَمَّلَا
88	يَعُدُّ جَمِيْعَ النَّاسِ مَوْلًىٰ لِأَنَّهُمْ	عَلَىٰ مَا قَضَاهُ اللهُ يَجْرُوْنَ أَفْعُلَا
89	يَرَىٰ نَفْسَهُ بِالذَّمِّ أَوْلَىٰ لِأَنَّهَا	عَلَى الْمَجْدِ لَمْ تَلْعَقْ مِنَ الصَّبْرِ وَالْأَلَا
90	وَقَدْ قِيْلَ كُنْ كَالْكَلْبِ يُقْصِيْهِ أَهْلُهُ	وَمَا يَأْتَلِيْ فِيْ نُصْحِهِمْ مُّتَبَذِّلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

91	لَعَلَّ إِلٰهَ الْعَرْشِ يَا إِخْوَتِي يَقِي	جَمَاعَتَنَا كُلَّ الْمَكَارِهِ هَوَّلَا
92	وَيَجْعَلُنَا مِمَّنْ يَكُونُ كِتَابُهُ	شَفِيعًا لَهُمْ، إِذْ مَا نَسُوهُ فَيَمْحَلَا
93	وَبِاللهِ حَوْلِي وَاعْتِصَامِي وَقُوَّتِي	وَمَالِيَ إِلَّا سِتْرُهُ, مُتَجَلِّلَا
94	فَيَا رَبِّ أَنْتَ اللهُ حَسْبِيَ وَعُدَّتِي	عَلَيْكَ اعْتِمَادِي ضَارِعًا مُتَوَكِّلَا

بَابُ الْاِسْتِعَاذَةِ

95	إِذَا مَا أَرَدْتَ الدَّهْرَ تَقْرَأُ فَاسْتَعِذْ	جِهَارًا مِنَ الشَّيْطَانِ بِاللهِ مُسْجَلَا
96	عَلَى مَا أَتَى فِي النَّحْلِ يُسْرًا وَإِنْ تَزِدْ	لِرَبِّكَ تَنْزِيهًا فَلَسْتَ مُجَهِّلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

97	وَقَدْ ذَكَرُوْا لَفْظَ الرَّسُوْلِ فَلَمْ يَزِدْ	وَلَوْ صَحَّ هٰذَا النَّقْلُ لَمْ يُبْقِ مُجْمَلَا
98	وَفِيْهِ مَقَالٌ فِي الْأُصُوْلِ فُرُوْعُهُ	فَلَا تَعْدُ مِنْهَا بَاسِقًا وَّمُظَلِّلَا
99	وَإِخْفَاؤُهُ فَضْلٌ أَبَاهُ وُعَاتُنَا	وَكَمْ مِّنْ فَتًى كَالْمَهْدَوِيِّ فِيْهِ أَعْمَلَا

بَابُ الْبَسْمَلَةِ

100	وَبَسْمَلَ بَيْنَ السُّوْرَتَيْنِ بِسُنَّةٍ	رِجَالٌ نَّمَوْهَا دِرْيَةً وَّتَحَمُّلَا
101	وَوَصْلُكَ بَيْنَ السُّوْرَتَيْنِ فَصَاحَةٌ	وَصِلْ وَاسْكُتَنْ كُلٌّ جَلَا يَاهُ حَصَّلَا
102	وَلَا نَصَّ كُلًّا حُبَّ وجْهٌ ذَكَرْتُهُ	وَفِيْهَا خِلَافٌ جِيْدُهُ وَاضِحُ الطُّلَىٰ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

103	وسَكْتُهُمُ الْمُخْتَارُ دُوْنَ تَنَفُّسٍ	وَبَعْضُهُمُ فِي الْأَرْبَعِ الزُّهْرِ بَسْمَلَا
104	لَهُمْ دُوْنَ نَصٍّ وَّهُوَ فِيْهِنَّ سَاكِتٌ	لِحَمْزَةَ فَافْهَمْهُ وَلَيْسَ مُخَذِّلَا
105	وَمَهْمَا تَصِلْهَا أَوْ بَدَأْتَ بَرَاءَةً	لِتَنْزِيْلِهَا بِالسَّيْفِ لَسْتَ مُبَسْمِلَا
106	وَلَا بُدَّ مِنْهَا فِيْ ابْتِدَائِكَ سُوْرَةً	سِوَاهَا وَفِي الْأَجْزَاءِ خَيِّرْ مَنْ تَلَا
107	وَمَهْمَا تَصِلْهَا مَعْ أَوَاخِرِ سُوْرَةٍ	فَلَا تَقِفَنَّ الدَّهْرَ فِيْهَا فَتَثْقُلَا

سُوْرَةُ أُمِّ الْقُرْاٰنِ

108	وَمَلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ رَاوِيْهِ نَاصِرٌ	وَعَنْدَ صِرَاطٍ وَّالصِّرَاطِ لِ قُنْبُلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

109	بِحَيْثُ أَتَىٰ وَالصَّادَ زَايًا أَشِمَّهَا	لَدَىٰ خَلَفٍ وَّاشْمِمْ لِخَلَّادٍ الْاَوَّلَا
110	عَلَيْهُمْ إِلَيْهُمْ حَمْزَةٌ وَّلَدَيْهُمُ	جَمِيْعًا بِضَمِّ الْهَاءِ وَقْفًا وَّمَوْصِلَا
111	وَصِلْ ضَمَّ مِيْمِ الْجَمْعِ قَبْلَ مُحَرَّكٍ	دِرَاكًا وَّقَالُوْنٌ بِتَخْيِيْرِهِ جَلَا
112	وَمِنْ قَبْلِ هَمْزِ الْقَطْعِ صِلْهَا لِوَرْشِهِمْ	وَأَسْكَنَهَا الْبَاقُوْنَ بَعْدُ لِتَكْمُلَا
113	وَمِنْ دُوْنِ وَصْلٍ ضَمُّهَا قَبْلَ سَاكِنٍ	لِكُلٍّ وَبَعْدَ الْهَاءِ كَسْرُ فَتَى الْعَلَا
114	مَعَ الْكَسْرِ قَبْلَ الْهَا أَوِ الْيَاءِ سَاكِنًا	وَفِي الْوَصْلِ كَسْرُ الْهَاءِ بِالضَّمِّ شَمْلَلَا
115	كَمَا: بِهِمُ الْاَسْبَابُ ثُمَّ عَلَيْهِمُ الـ	ـقِتَالُ وَقِفْ لِلْكُلِّ بِالْكَسْرِ مُكْمِلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْإِدْغَامِ الْكَبِيْرِ

116	وَدُوْنَكَ الْإِدْغَامَ الْكَبِيْرَ وَقُطْبُهُ	أَبُوْ عَمْرٍو وَالْبَصْرِيُّ فِيْهِ تَحَفَّلَا
117	فَفِيْ كَلِمَةٍ عَنْهُ, مَنَاسِككُمْ, وَمَا	سَلَكَكُمْ وَبَاقِيْ الْبَابِ لَيْسَ مُعَوَّلَا
118	وَمَا كَانَ مِنْ مِّثْلَيْنِ فِيْ كَلِمَتَيْهِمَا	فَلَا بُدَّ مِنْ إِدْغَامِ مَا كَانَ أَوَّلَا
119	كَيَعْلَمُ مَا, فِيْهِ هُدًى وَّطُبِعَ عَلَى	قُلُوْبِهِمُ, وَالْعَفْوَ وَأْمُرْ تَمَتَّلَا
120	إِذَا لَمْ يَكُنْ تَا مُخْبِرٍ أَوْ مُخَاطَبٍ	أُوِ الْكَتَسِيْ تَنْوِيْنَهُ, أَوْ مُثَقَّلَا
121	كَكُنْتُ تُرَابًا, أَنْتَ تُكْرِهُ, وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ وَّأَيْضًا تَمَّ مِيْقَاتُ مُثِّلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

122	وَقَدْ أَظْهَرُوْا فِي الْكَافِ يَحْزُنْكَ كُفْرُهُ	إِذِ النُّوْنُ تُخْفٰى قَبْلَهَا لِتُجَمَّلَا
123	وَعِنْدَهُمُ الْوَجْهَانِ فِيْ كُلِّ مَوْضِعٍ	تَسَمَّىٰ لِأَجْلِ الْحَذْفِ فِيْهِ مُعَلَّلَا
124	كَيَبْتَغِ مَجْزُوْمًا ، وَإِنْ يَّكُ كَذِبًا	وَيَخْلُ لَكُمْ عَنْ عَالِمٍ طَيِّبِ الْخَلَا
125	وَيَا قَوْمِ مَالِيْ ثُمَّ يَا قَوْمِ مَنْ بِلَا	خِلَافٍ عَلَى الْإِدْغَامِ لَا شَكَّ أُرْسِلَا
126	وَإِظْهَارُ قَوْمٍ ءَالَ لُوْطٍ لِكَوْنِهِ	قَلِيْلَ حُرُوْفٍ رَدَّهُ ، مَنْ تَنَبَّلَا
127	بِإِدْغَامِ لَكَ كَيْدًا وَلَوْ حَجَّ مُظْهِرٌ	بِإِعْلَالِ ثَانِيْهِ ے إِذَا صَحَّ لَا عْتَلَىٰ
128	فَإِبْدَالُهُ ، مِنْ هَمْزَةٍ هَاءُ ثَ أَصْلُهَا	وَقَدْ قَالَ بَعْضُ النَّاسِ: مِنْ وَاوِ ابْدِلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

129	وَوَاوُ هُوَ الْمَضْمُوْمِ هَاءً كَهُوْ وَمَنْ	فَأَدْغِمْ وَمَنْ يُّظْهِرْ فَبِالْمَدِّ عَلَّلَا
130	وَيَأْتِيَ يَوْمٌ أَدْغَمُوْهُ وَنَحْوُهُ	وَلَا فَرْقَ يُنْجِيْ مَنْ عَلَى الْمَدِّ عَوَّلَا
131	وَقَبْلَ يَئِسْنَ الْيَاءُ فِي الْغَيِّ عَارِضٌ	سُكُوْنًا أَوِ اصْلًا فَهُوَ يُظْهِرُ مُسْهِلَا

بَابُ إِدْغَامِ الْحَرْفَيْنِ الْمُتَقَارِبَيْنِ فِيْ كَلِمَةٍ وَّفِيْ كَلِمَتَيْنِ

132	وَإِنْ كَلِمَةٌ حَرْفَانِ فِيْهَا تَقَارَبَا	فَإِدْغَامُهُ لِلْقَافِ فِي الْكَافِ مُجْتَلَىٰ
133	وَهَذَا إِذَا مَا قَبْلَهُ مُتَحَرِّكٌ	مُبِيْنٌ وَبَعْدَ الْكَافِ مِيْمٌ تَخَلَّلَا
134	كَيَرْزُقْكُمُ وَاثَّاقَلْتُمُ وَخَلَقْكُمُ	وَمِيْثَاقَكُمْ أَظْهِرْ وَنَرْزُقْكَ انْجَلَىٰ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

135	وَإِدْغَامُ ذِي التَّحْرِيمِ طَلَّقَكُنَّ قُلْ	أَحَقٌّ وَبِالتَّأْنِيثِ وَالْجَمْعِ أُثْقِلَا
136	وَمَهْمَا يَكُونَا كَلِمَتَيْنِ فَمُدْغِمٌ	أَوَائِلَ كِلْمِ الْبَيْتِ بَعْدُ عَلَى الْوِلَا
137	شِفَا لَمْ تَضِقْ نَفْسًا بِهَا رُمْ دَوَا ضَنٍ	ثَوَىٰ كَانَ ذَا حُسْنٍ سَأَىٰ مِنْهُ قَدْ جَلَا
138	إِذَا لَمْ يُنَوَّنْ أَوْ يَكُنْ تَا مُخَاطَبٍ	وَمَا لَيْسَ مَجْزُومًا وَلَا مُتَثَقِّلَا
139	فَزُحْزِحَ غَيْنِ النَّارِ الَّذِي حَاهُ مُدْغَمٌ	وَفِي الْكَافِ قَافٌ وَهُوَ فِي الْقَافِ أُدْخِلَا
140	خَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ، لَّكَ قُصُورًا وَأُظْهِرَا	إِذَا سَكَنَ الْحَرْفُ الَّذِي قَبْلُ أُقْبِلَا
